(۴) تماشہ کرتے وقت کچھ نہ کچھ منہ سے ایسی باتیں ضرور کہتے رہنا چاہیے جس سے تماشہ دیکھنے والوں کا خیال اس کے ہاتھوں سے ہونے والے کام کی طرف نہ جا کر اُس کی باتوں میں ہی زیادہ تر اُلجھا رہے۔

(۵) کھیل کرنے سے پہلے کبھی یہ نہ بتاؤ کہ اب تم کون سا کھیل کرنے جا رہے ہو۔ ہر ایک کھیل کو کرنے کے لئے کئی مختلف طریقے سے کرنے کی مشق ہونی چاہیے۔ تاکہ ایک طریقہ ٹھیک نہ رہنے پر دوسرے کی مدد سے فوراً کر سکو۔

(۶) ایک چکنا سا گول ڈنڈا ہر وقت اپنے ہاتھ میں رکھو۔ یہ جادو کا ڈنڈا ہر تماشے کی چیزوں سے چھواتے رہنا چاہیئے۔

رومال کے ذریعہ گلاس غائب کرنا

یہ کھیل اس طرح ہے کہ پہلے کھیل کرنے والا سب لوگوں کو ایک چھوٹا گلاس اور ایک رومال دکھاتا ہے پھر گلاس کے اوپر ایک رومال ڈال کر کسی آدمی کو اپنے پاس بلاتے اور وہ گلاس اُس کے ہاتھ میں پکڑا دے اور پھر ایک دو تین کہ کر وہ جب رومال اٹھاتا ہے تو صرف رومال ہی رومال ہاتھ میں آتا ہے اور اندر سے گلاس غائب ہو جاتا ہے۔ بڑا عمدہ اور حیرت انگیز کھیل ہے اس کو کرنے کا طریقہ اس طرح ہے۔

سب سے پہلے پروفیسر صاحب و مداری ایک رومال اور ایک لوہے کی یا کسی بھی دھات کی بنی ہو۔ اور کنارے سے اس کے ذرا چوڑے ہوں۔ اس رومال کے ایک کونے میں رکھ کر اوپر سے رومال کو سی دیں۔ تاکہ تماشہ بینوں کو راز معلوم نہ ہو سکے۔ جس وقت کھیل کرنا ہو۔ پروفیسر صاحب ایک چھوٹا سا گلاس لے کر پہلے لوگوں کو دکھا دیں۔ پھر اس رومال کو لے کر چوڑی والے کونے کو درمیان میں کر کے اوپر سے رومال کو پھیلا کر گلاس کو اپنی بائیں مٹھی میں

پکڑادیں۔ جیسے وہ کل بند کرلیں۔ اور اس چوڑی کو اوپر کی طرف سے ایک آدمی کو بلاکر اس طرح پکڑادیں جیسے وہ بالکل گلاس ہی معلوم ہوتا ہو۔ اور وہ آدمی بھی یہی سمجھے کہ اس نے گلاس کو ہی اوپر منہ کی طرف سے پکڑا ہوا ہے۔ پس اتنا کام کرچکنے پر پروفیسر تماشیوں کو چند ایک لطیفے دار سناتے ہیں۔ پھر اپنی جادو کی چھڑی Magic Rod کو رومال کے ارد گرد گھما کر منہ سے کچھ گنگناتے جاتے ہیں۔ جس سے لوگ یہ سمجھیں کہ وہ کوئی جادو یا منتر وغیرہ پڑھ رہے ہیں۔ پس ازاں بعد وہ اس رومال کو ایک کونے سے پکڑ کر اس آدمی سے کہتے ہیں کہ جب میں تین کہوں تو گلاس کو ہاتھ سے چھوڑ دینا۔ پس وہ رومال کا ایک کونہ پکڑ کر ایک دو تین کہہ کر زور سے اسی رومال کو کھینچتے ہیں۔ اور لوگوں کو یہ خیال ہوتا ہے کہ شاید ابھی یہ رومال کھینچے گا۔ تو گلاس نیچے گر جائے گا۔ مگر جس وقت وہ رومال کو کھینچتے ہیں تو خالی رومال ہی اس کے ہاتھ میں آتا ہے۔ گلاس کو ندارد دیکھ کر تماشہ دیکھنے والے حیرت انگشت بدنداں رہ جاتے ہیں۔ مگر واضح رہے کہ گلاس تو اُسی وقت پروفیسر صاحب غائب کردیتے ہیں۔ جب کہ وہ اس آدمی کے ہاتھ میں رومال پکڑانے لگتے ہیں۔ لوگ حیران ہو کر اُس شخص سے دریافت کرنے لگ جاتے ہیں۔ کہ کیا واقعی تم نے اُس گلاس کو اپنے ہاتھ سے پکڑا ہوا تھا۔ اُس کا وہ جواب دیتا ہے۔ ہاں! گلاس تو ٹھیک میرے ہاتھ میں موجود تھا۔ مگر پروفیسر صاحب کے جھٹکا لگانے کے ساتھ ہی معلوم نہیں گلاس کدھر چلا گیا۔ یہ سن کر جملہ حاضرین اور بھی حیران و ششدر ہو جاتے ہیں۔ کرنا کیا پڑتا ہے۔ کہ گلاس پہلے ہی غائب کرکے پروفیسر اپنے اسسٹنٹ کے پاس پہنچا دیتا ہے۔ اور وہ اندر سے کسی دوسرے راستے سے نکل کر یا تو حاضرین میں سے کسی کی جیب میں رکھ دے۔ یا پھر کسی دوسری جگہ رکھ دے تاکہ پروفیسر کھیل کو اور بھی مزیدار بنانے کے لئے یہ کہہ سکے کہ دیکھئے صاحب۔ ہمارا گلاس آپ نے چرایا ہے۔ اور وہ اس وقت بھی آپ کی فلاں جیب میں موجود ہے۔ لوگ یہ تماشہ دیکھ کر حیران اور ششدر رہنے کے علاوہ قہقہہ بھی خوب لگائیں گے اور پروفیسر صاحب کے کھیل کی داد دیئے بغیر قطعی نہ رہیں گے۔

آدمی کی ناک کاٹ کر پھر ٹھیک کرنا

یہ کھیل ایسا عجیب و غریب ہے کہ اگر لوگ نزدیک سے بھی دیکھیں تو تمیز نہ کر سکیں کہ یہ ہوا کیسے؟ اس کھیل کو کرنے کے قبل ایک چھری اس قسم کی بنوانی پڑتی ہے کہ جس کی دھار کا تھوڑا سا حصہ جتنا کہ ایک درمیانی ناک پر بخوبی جم کر آسکے پہلے سے کٹوا لیا جاتا ہے۔ کھیل کرتے وقت چھری کو ناک پر رکھ دیا جاتا ہے جس سے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ سچ مچ ہی ناک کٹ گئی ہے مگر چھری اٹھانے کے ساتھ ہی ناک جیوں کی تیوں سالم نظر آتی ہے۔

بکس میں کبوتر غائب کرنا

اس کھیل کو کرنے کے لئے پہلے ایک بکس لکڑی کا ایسا بنوانا چاہیے کہ جس کا سائز یہ ہو ڈیڑھ فٹ لمبا اور ایک فٹ چوڑا اور ڈیڑھ فٹ ہی اونچا ہو۔ بکس دوہرا بنوانا چاہیے کسی بھی رنگ کا اوپر پالش کرا لو۔ تاکہ دیکھنے میں خوبصورت سا لگے پھر اُس بکس کے ایک طرف ڈھکنے کے اوپر ای سینٹ سڈمینی جس سے مراد موجود کے ہوتے ہیں۔ یہ الفاظ دونوں طرف لکھوالو مگر اس بات کا خیال رکھو کہ یہ دونوں اطراف ایک ہی رنگ میں ہوں تاکہ کسی کو کسی طرح کا شبہ نہ ہونے پائے اب موجود والے ایک خانے میں ایک کبوتر بند کرو اور پھر دوسرے خانے کو جو کہ خالی ہو لوگوں کو دکھاؤ۔ اور کہو کہ دیکھو صاحبان بکس بالکل خالی ہے اور اپنے کپڑے وغیرہ کوٹ اچھی طرح سے دکھا دو کہ میرے پاس کوئی جانور وغیرہ تو نہیں ہے بکس بالکل خالی ہے اگر کوئی تماشہ بین شبہ کرے تو اُس کو کہو کہ تم خود آکر اچھی طرح سے دیکھ سکتے ہو۔ جب وہ دیکھنے کے لئے آوے تو اپنے کپڑے اور بدن کو اچھی طرح سے اسے دکھا دو۔

اور پھر اس بکس کو دوبارہ کھول کر لوگوں کو بالکل خالی دکھا دو۔ دکھا کر جس وقت بکس کو میز

کے اوپر رکھنے لگو۔ اُس وقت لوگوں کی نظریں بچا کر خالی رُخ کو دوسری طرف گھما دو۔ اور جس خانے میں کبوتر بند ہے وہ خانہ لوگوں کی طرف کردو۔ بعد میں میز پر سے اپنی جادو کی چھڑی اٹھا کر لوگوں کو چند لمحوں تک کسی قسم کی باتوں میں الجھائے رکھو۔ پھر اپنے کھیل کی حقیقت لوگوں پر واضح کرو پھر اُس بکس پر اپنی چھڑی گھماؤ اور منہ سے کچھ گن گن کر کے اس کے اوپر پھونک مارو بعد میں اس آدمی کو بلا کر کہو جس نے تمہاری تلاشی لی تھی کہ دیکھو صاحب سب لوگ کہہ رہے ہیں کہ میں اس بکس کے نزدیک تک نہیں گیا جب وہ تمہارے کام کی تائید کرے تو پھر اس بکس کے پاس لے جا کر اسے کہو اس کا کنڈا کھولو جس وقت وہ اُس بکس کا کنڈا کھولے گا تو کبوتر اس میں سے پھر پھر کرتا ہوا باہر نکل آئے گا جسے دیکھ کر لوگ دنگ رہ جائیں گے اور تمہیں واقعی جادوگروں کا بادشاہ تصور کرنے لگیں گے۔

خالی کاغذ میں سے پھول نکالنا

یہ کھیل بڑا ہی عجیب و غریب ہے اس کو اس طرح سے کیا جاتا ہے کہ پہلے سب حاضرین کو ایک خالی کاغذ دکھا دیا جاتا ہے پھر اس کو گول نالی کی شکل بنا کر اس میں سے پھول گرا کر لوگوں کو دکھائے جاتے ہیں جن کو دیکھ کر لوگ حیران و ششدر رہ جاتے ہیں کھیل

اس طرح سے ہے۔

پہلے تماشبینوں کو خالی کاغذ دکھاؤ پھر اسی اپنی میز پر سے جادو کی چھڑی اُٹھانے کے بہانے پھولوں کا گچھا اُٹھا کر اپنے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی میں لوگوں کی نظر بچا کر چھپا لو۔ پھر اُسی ہاتھ میں وہ کاغذ پکڑ کر لوگوں کو کہو کہ کیوں صاحب یہ کاغذ بالکل خالی ہے نہ؟ اندر سے اُس مڑے ہوئے کاغذ کو سب لوگوں کو دکھا دو۔ پس چند ایک، لچھے دار باتیں سنا کر ہتھیلی میں چھپائے ہوئے پھولوں کے گچھے کو اُس کاغذ کے کھول میں چھوڑ دو۔ اس طرح پھول اس کاغذ میں سے گرتے ہوئے دکھائی دیں گے۔ سب لوگ حیران ہو کر آپ کے کام کی تعریف کریں گے۔

بکس سے گھڑی یا روپیہ غائب کرنا

یہ کھیل اس طرح کیا جاتا ہے کہ پہلے دو خانے کا ایک لکڑی کا بکس بنواؤ اگر صندوقچی کی طرز کا بنوانا ہو تو اس میں ایک تختی اس بکس کے پیندے کے برابر کی لے کر اس کے درمیان رکھ دو۔ صندوقچی کا پیندا اور ڈھکنا ایک جیسے سائز کا ہونا چاہیے۔ جس وقت کھیل کرنا ہو تو سب لوگوں کے سامنے پہلے اُس صندوقچی کو دکھاؤ۔

ازاں بعد اُنہیں لوگوں میں سے کسی ایک سے گھڑی یا کوئی روپیہ مانگ کر اُس صندوقچی کو سب کے سامنے بند کر دو۔ اور صندوقچی کو تالی لگا کر چابی اور صندوقچی کسی دوسرے شخص کے

ہاتھ میں دے دو۔ اگر تم نے کھیل کے واسطے صندوقچی بنوائی ہوئی ہے۔ تو اس کو جلدی سے لوگوں کی نظر بچا کر اُلٹا کر کے اُس آدمی کے ہاتھ میں پکڑوا دو اور اگر نیچے اوپر خانوں والا بکس بنوایا ہے تو اُلٹا کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ چند ایک لمحہ اِدھر اُدھر کی باتیں کرنے کے بعد پھر اُس صندوقچی کو کھول کر تماش بینوں کو دکھا دو۔

لوگ دیکھ کر حیران و ششدر رہ جائیں گے کہ اس میں نہ تو کوئی روپیہ ہے۔ اور نہ ہی کوئی گھڑی ہے۔ بڑا ہی عجیب و غریب کھیل ہے اور اگر بکس ہے تو اس کا اوپر کا حصہ جس میں گھڑی یا روپیہ پڑی ہوئی ہے اُس کو نکال کر میز پر رکھ دو اور نیچے کا خالی خانہ لوگوں کو دکھا دو لوگ تعجب کریں گے۔

ہر کام میں ہاتھ کی صفائی پھرتی اور عقل و ہنر سے کام لینے کی سخت ضرورت ہے۔

بیڑی میں پڑا ناریل چلم مانے

یہ کھیل بھی بڑا حیرت انگیز ہے پرانے مداری لوگ آج کل بھی اس کھیل کو دکھاتے ہیں یہ کھیل اس طرح سے کیا جاتا ہے کہ لکڑی کی ایک چھوٹی سی بیڑی بنواؤ اور اُس کے اوپر ایک لکڑی لگوا کر اس میں سوراخ نکالو اور پھر ایک ناریل لے کر اُس کو حقہ کی طرح دو سوراخ نکالو اس ناریل کو پانی سے بھر کر اُس کے ایک سوراخ میں لکڑی کی نالی یا نے لگا کر اس بیڑی میں لگا دو اور پھر بیڑی کو

کسی ہموار جگہ پر رکھ کر اس بیری میں بھی اتنا پانی بھرد کہ ناریل اور بیڑی کا پانی ایک ہوجائے پھر اس ناریل کا سوراخ کھول دو پس سوراخ کھلتے ہی جس وقت اُس کے اندر ہوا داخل ہوگی۔ تو تم ساتھ ہی اس پر حکم کرنا شروع کردو کہ اے پانی، تو میرے حکم پر چل چونکہ ہوا لگنے پر پانی تھوڑا تھوڑا ٹپکتا ہے اور ہوا جب بند ہوجائے تو پانی بھی گرنا بند ہوجاتا ہے اس لئے جس وقت تم حکم کرو گے کہ بند ہو جاؤ۔ تو وہ فوراً بند ہوجائے گا لوگ دیکھ کر حیران رہ جائیں گے کہ پانی بھی اس جادوگر کا حکم مانتا ہے اس طرح سے لوگوں کے دلوں پر تمہارے جادو کا سکہ جم جاوے گا۔ نہایت ہی عمدہ اور حیرت انگیز کھیل ہے۔

کاغذ میں لپٹے ہوئے رُومال چھتری سے ظاہر ہوں

یہ کھیل اس طرح کیا جاتا ہے کہ پہلے آٹھ مختلف رنگوں کے رومال بازار سے خرید کر عامل اپنے پاس رکھتا ہے جس وقت لوگوں کو کھیل دکھانا منظور ہو اُس وقت عامل پہلے لوگوں کو وہ رومال دکھاتا ہے پھر ان رومالوں کو ایک کاغذ میں لپیٹ کر اپنی میز پر رکھ دیتا ہے پھر ایک چھاتہ یعنی چھتری کاغذ میں لپٹی ہوئی کھول کر لوگوں کو دکھاتا ہے اور چند لمحے تک تماش بینوں کو باتوں میں اُلجھائے

رکھتا ہے اور اپنے کھیل کی حقیقت سے انھیں آگاہ کرانے کی کوشش کرتا ہے اتنی دیر میں اُدھر اُس کا مددگار کاغذ میں سے وہ آٹھوں رومال نکال کر اس کی جگہ آٹے کی آٹھ روٹیاں یا ایسی ہی کوئی دوسری چیز حسب منشا لپیٹ دیتا ہے۔ پس پھر وہ عامل اس چھتری کو میز پر رکھ دیتا ہے اور اُن روٹیوں کو جو کہ ظاہری طور پر رومالوں کی طرح ہی لپٹی ہوئی ہوتی ہیں دوبارہ لوگوں کو اپنے ہاتھ میں پکڑے پکڑے ہی دکھاتا ہے جس سے لوگوں کو یقین ہو جاتا ہے کہ اس میں رومال ہی ہیں پس اس طرح سے وہ لوگوں کا خیال اپنی باتوں میں اُلجھائے رکھتا ہے اور انھیں نکتہ چینی کرنے کا موقعہ نہیں ملتا اس اثنا میں اس کا مددگار وہ آٹھوں رومال چھتری کی سلاخوں میں باندھ دیتا ہے۔ پس جس وقت لوگوں کو کھول کر دکھایا جاتا ہے تو لوگ حیران ہو کر جادوگر کی تعریف کرنے لگتے ہیں۔

چھڑی کو بغیر کسی سہارے کے کھڑا کرنا

یہ کھیل اس طرح کیا جاتا ہے۔ کہ ایک چھڑی جو کہ خالص لکڑی کی بنی ہوتی ہے پہلے لوگوں کو دکھائی جاتی ہے۔ اور اس کے اوپر اچھی طرح سے ہاتھ وغیرہ پھیر کر دکھایا جاتا ہے۔ تاکہ لوگوں کو تاگہ یا کسی بال سے لگے ہونے کا شبہ نہ ہو۔ جب اچھی طرح سے لوگوں کو اطمینان

ہو جائے۔ تو پھر ایک جار یک تار جو کہ اسٹیج پر دوسرے لوگوں کو نظر نہیں آ سکتی یا گھوڑے کا بال لے کر اس کے ساتھ کنڈی لگا کر پہلے ہی سے اسٹیج کی چھت میں لگا دی جاتی ہے۔ پس جس وقت کھیل کرنا منظور ہو۔ لوگوں کو چھڑی دکھا کر پھر اس کنڈی میں اڑا دی جاتی ہے۔ جو کہ وہاں پر بڑی دیر تک کھڑی رہ سکتی ہے۔ مگر لوگ یہ معلوم نہیں کر سکتے کہ یہ چھڑی کسی دوسری چیز کے سہارے کھڑی ہوئی ہے۔ پس سب لوگ یہی خیال کریں گے کہ یہ چھڑی بغیر کسی سہارے کے کھڑی ہوئی ہے اور یہ کام جادو یا مسمریزم کے نہیں ہو سکتا۔ لوگ آپ کے کھیل کو دیکھ کر ضرور آپ کی تعریف کریں گے۔

گلاس میں گندم کا بھوسہ ڈال کر مٹھائی بنانا

یہ کھیل بھی نہایت ہی عجیب ہے یعنی لوگوں کے دیکھتے دیکھتے ایک گلاس میں گندم کا بھوسہ یعنی تھوڑی ڈال دی جاتی ہے۔ مگر جب بعد میں لوگوں کو دکھایا جاتا ہے تو اس گلاس میں سے بجائے بھوسہ کے مٹھائی برآمد ہوتی ہے۔ یہ کھیل بھی اسی طرح کیا جاتا ہے۔ جس دو خانے والے بکس میں روپیہ ڈال کر کیا جاتا ہے۔ ہو بہو یہ بھی ویسا ہی کھیل سمجھنا چاہیئے۔ ایک گلاس دو خانوں والا لو۔ مگر چونکہ۔ گلاس کے اوپر ڈھکنا نہیں ہوتا۔ اس لئے اس گلاس کو اس

طرح تیار کروایا جاتا ہے کہ جس کے دو خانے ہوں اور نیچے اوپر سے ایک ہی سائز کا ہو پس اس گلاس میں نیچے اوپر دونوں طرف سے منہ بنے ہوئے ہوں۔ جس طرف بھوسہ ڈالا جاتا ہے اُس طرف کو لوگوں کی نظر بچا کر الٹا کر کے دوسری طرف اوپر کو کر دی جاتی ہے اور اُس میں سے پھر لوگوں کو مٹھائی نکال کر دکھا دی جاتی ہے جس کو دیکھ کر لوگ حیران ہوتے ہیں۔

خالی بوتل توڑنے سے کبوتر برآمد ہو

یہ کھیل اس طرح کیا جاتا ہے کہ ایک بوتل لے کر اُس کو درمیان میں سے رسی کی ساتھ گھسا کر اوپر پانی ڈال کر اس طرح صفائی کے ساتھ توڑا جاتا ہے کہ ہو بہو شیشے کا گلاس معلوم ہوتا ہے۔ مگر یہ بات یاد رہے کہ ایسے کھیلوں کے لیے بوتل وہ ہونی چاہیئے جو بالکل سیاہ رنگ کی ہو پس اس بوتل کو مندرجہ بالا طریقے سے توڑ کر نیچے کے حصہ کو ریت وغیرہ مار کر شیشے کی چمک کو بالکل اُڑا دیا جاتا ہے۔ اس طرح سے اس کے اندر پڑی ہوئی چیز باہر سے دکھائی نہیں دے سکتی۔ پھر اس بوتل کے اندر ایک چھوٹا سا کبوتر پکڑ کر بند کرکے اور اوپر سے بوتل کا دوسرا حصہ شیشہ جوڑنے والے سریش کے ساتھ اس طرح صفائی کے ساتھ جوڑ دیا جاتا ہے کہ دوسرا

کوئی شخص یہ معلوم نہ کر سکے کہ اس میں جوڑ لگا ہوا ہے۔ پس اُس کو دھوپ میں رکھ کر سکھا لیا جاتا ہے۔ جس وقت کھیل کرنا منظور ہوتا ہے اُس وقت وہ بوتل لوگوں کو دکھا دی جاتی ہے

اور اس کا کاک اتار کر الٹا کر کے بھی دکھا دیا جاتا ہے تاکہ لوگ یہ سمجھ لیں کہ اس میں کچھ بھی نہیں ہے پس جس وقت اس کو چوٹ ماری جاتی ہے اور بوتل دو ٹکڑے ہو جاتی ہے۔ تو کبوتر پھر کر کے باہر نکل آتا ہے لوگ دیکھ کر حیران و ششدر رہ جاتے ہیں۔

انڈوں سے کبوتر بنانا

یہ شعبدہ بڑا حیرت انگیز ہے۔ اس کو اس طرح کیا جاتا ہے کہ ایک برتن جس کا نام پروفیسر لوگوں نے فری پان رکھا ہوا ہے۔ اس میں سب لوگوں کے دیکھتے دیکھتے کچھ انڈے ڈال دیئے جاتے ہیں۔ مگر کچھ لمحے کے بعد اس برتن میں سے اتنے ہی کبوتر پیدا ہو جاتے ہیں۔ جتنے انڈے کہ اس میں رکھے گئے تھے۔

اس کھیل کو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک برتن اس قسم کا بنواؤ کہ جس کے دو خانے ہوں۔ اور اوپر کا خانہ اوپر سے ڈھکنے کے اندر چھپا ہوا ہو تاکہ لوگوں کو نظر نہ آسکے اور نیچے کے خانے میں پروفیسر صاحب کبوتر پکڑ کر بند کر دیتے ہیں اور اپنے پاس رکھتے ہیں جس وقت کھیل دکھانا منظور ہوتا ہے اس وقت اس نچلے برتن کا صرف ڈھکنا اٹھا کر لوگوں کو دکھا دیا جاتا ہے۔ پھر لوگوں کے سامنے اس میں کچھ انڈے رکھ کر اوپر سے ڈھکنا لگا دیا جاتا ہے اور بعد میں

تولہ لے کر علیحدہ علیحدہ پیس کر اس کے اوپر تھوڑا سا لگادو۔ تو سبز رنگ کے ستارے دکھائی دیں گے۔ اور اگر نیلے رنگ کے دکھانے منظور ہوں۔ تو ۲ تولہ گندھک سلفائڈ آف کاپر ۹ تولہ برادہ مس، تولہ کلوریٹ آف پوٹاس ۱۲ تولہ لے کر باریک پیس لیں اور شراب میں ملاکر چادر کے اوپر لگادو۔ تو آگ جلتے ہی چادر میں سے نیلے رنگ کے ستارے نکلیں گے مگر جب آگ بجھ جائے گی تو لوگ یہ دیکھ کر بہت حیران ہوں گے کہ چادر اسی طرح صحیح سالم ہے۔ سب یہ

تماشہ دیکھ کر اپنی اپنی عقل کے گھوڑے دوڑائیں گے مگر اُن کی سمجھ میں کچھ بھی نہ آوے گا لوگ اس کو جادو ہی تصور کریں گے اور آپ کی تعریفوں کے پل باندھتے ہوئے نہ تھکیں گے

جلتی آگ پر ننگے پاؤں چلنا

یہ کھیل بھی از حد قابل دید ہے لوگ اس کھیل کو دیکھ کر ضرور دنگ رہ جائیں گے اور

جادو کا کھیل ہی تصور کریں گے یہ کھیل اس طرح سے ہے کہ سب حاضرین کے سامنے کوئلوں یا لکڑی کے دہکتے ہوئے انگاروں کا ایک بڑا سا انبار لگا کر پہلے دکھایا جائے پھر سب کے سامنے کھیل کرنے والا اپنے پاؤں سے جوتا اتار کر ننگے پاؤں ان انگاروں کے اوپر چلتا ہے۔ پھر اس کے پاؤں ذرا بھی نہیں جلتے لوگ دیکھتے ہی تعجب کے مارے دانتوں میں انگلی دبا لیتے ہیں وہ لوگ بے ساختہ یہ الفاظ کہہ کر پروفیسر صاحب کی تعریف کرنے لگتے ہیں کہ واقعی یہ جادو کی کرامات ہے ورنہ آگ جیسی چیز پر بھلا کون قابو پا سکتا ہے۔ شائقین تماشہ! آپ کے لئے یہاں ہم وہ ترکیب لکھے دیتے ہیں ملاحظہ ہو۔

اس کی ترکیب یہ ہے کہ کھیل شروع کرنے کے ایک گھنٹہ پیشتر اپنے پاؤں، تلوؤں اور پنڈلیوں میں یعنی گھٹنوں تک مینڈک اور مگرمچھ کی چربی ہم وزن لے کر اس میں تھوڑا سا نوشادر اور کافور ملا کر گھٹنے تک لگالیں۔ اور سائے میں کھڑے ہو کر خشک کرلیں۔ مگر واضح رہے خشک کرنے کا کام بیٹھ کر ہی کرنا چاہیے ورنہ کھڑے ہونے سے بہت سا مسالہ نیچے زمین یا فرش پر ہی چھوٹ جاوے گا جب کھیل دکھانا ہو تو پیروں میں سے جوتا اتار کر فوراً اس آگ میں کود پڑو۔ ذرا بھی آنچ نہیں لگے گی اور لوگ دیکھ کر حیران و ششدر رہ جائیں گے۔

پانچ منٹ میں درخت اُگانا!

یہ کھیل بہت ہی حیرت انگیز ہے یعنی ایک گملا لے کر اس میں مٹی وغیرہ ڈال کر اور پانی دے کر جادوگر سب کے سامنے کسی چیز کا بیج بو دیتا ہے۔ اور پھر پانچ منٹ کے اندر اندر اس جگہ درخت اُگ کر کتنا بڑا ہو جاتا ہے اسی کو ہتھیلی پر سرسوں جمانا کہتے ہیں یعنی تخت منگنی پٹ بیاہ والا معاملہ ہے لوگ دیکھ کر حیران و ششدر رہ جاتے ہیں اس کھیل کی بدولت جادوگر لوگ بڑے بڑے راجے مہاراجوں سے سیکڑوں روپیہ انعام حاصل کر لیتے ہیں۔

عامل لوگ پہلے ہی سے ایک گملا اور بیج او تکن اپنے پاس رکھتے ہیں جب کھیل دکھانا منظور ہوتا ہے۔ تو پہلے خالی گملا سب لوگوں کو دکھا کر سب کے سامنے اس کے اندر باریک کی ہوئی مٹی ڈال دیتے ہیں اور مٹی ڈالتے ہوئے لوگوں کی نظر بچا اس کے اندر او تکن کے بیج رکھ دیتے ہیں۔ پھر اس گملے میں تھوڑا سا پانی ڈال کر گملے کو رکھ کر عامل صاحب اس کے اوپر سیاہ رنگ کا کپڑا دے کر پھر جادو کی چھڑی اٹھا کر اس کے اوپر گھماتا ہے اور منہ سے جھوٹ موٹ ہی کچھ گن گن بھی کرتا جاتا ہے۔ تاکہ لوگ یہ سمجھیں کہ یہ کوئی جادو کر رہا ہے۔ پھر چند منٹ

تک لوگوں کو باتوں میں لگائے رکھتا ہے اور اپنے کھیل کی حقیقت ان پر واضح کرتا ہے چند منٹ کے بعد جب گملے کے اوپر سے کپڑا ہٹاتا ہے تو لوگ دیکھ کر حیران رہ جاتے ہیں گملے میں چھ سات انچ لمبا پودا نمودار ہو جاتا ہے نہایت ہی تعجب خیز و حیرت انگیز کھیل ہے۔

نرالی روشنی

تماشہ کرنے والا پہلے معمولی قسم کی موم بتیاں جو کہ عام طور سے بازاروں میں ایک ایک روپیہ یا ایک پیسے کی دو ملتی ہیں سب کے سامنے میز پر کھڑی کرتا ہے اور پھر اس کے اوپر جادو کی چھڑی گھما کر پھونک مارتا ہے تو تمام موم بتیاں خود بخود جلنے لگتی ہیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ موم بتیوں کو پوٹاش اور گندھک کے پانی میں گھول کر اس میں ڈبو لیا جاتا ہے اور پھر سائے میں سکھا لیا جاتا

ہے جب کھیل کرنا ہوتا ہے، تو موم بتیوں کو دھوپ میں رکھ کر گرم کر کے میز کے اوپر رکھ دیتے ہیں اور پھر لوگوں کے سامنے ان موم بتیوں کے اوپر منہ سے گرم ہوا چھوڑی جاتی ہے گرم ہوا لگتے ہی موم بتیاں فوراً جل اٹھتی ہیں لوگ اس تماشے کو دیکھ کر حیرت انگیز ہوتے ہیں اور پروفیسر صاحب کے کام کی تعریف کیے بغیر قطعی رہ نہیں سکتے۔

ایک تھیلے میں لیڈی اور دوسرے میں ایک لڑکے کو ڈال کر صندوق کھولنے پر دونوں کا بدلے ہوئے ہونا۔

یہ کھیل اس طرح کیا جاتا ہے کہ ایک لیڈی (انگریزی پوشاک میں ملبوس عورت) حاضرین کے سامنے دکھا کر ایک تھیلے میں بند کر دیتے ہیں اور پھر اس تھیلے کو ایک صندوق میں بند کر کے اوپر سے قفل لگا دیتے ہیں۔ پھر ایک لڑکے کو بھی اس طرح تھیلے میں بند کر کے دوسرے صندوق میں ڈال کر تالہ لگا دیتے ہیں اور ان دونوں صندوقوں کو تھوڑے فاصلہ پر رکھ دیتے ہیں کچھ دیر بعد جب دوبارہ صندوق کھولے جاتے ہیں تو لیڈی والے بکس سے لڑکے کا برآمد ہونا اور لڑکے والے بکس سے لیڈی کا نکلنا دکھائی دیتا ہے اس کھیل کو دیکھ کر تمام تماش بین انگشت بدنداں رہ جاتے ہیں۔

یہ کھیل اس طرح سے ہے کہ پہلے ایک ہی قسم کے دو تھیلے اور دو صندوق تیار کرانے پڑتے ہیں پھر جب کھیل کرنا ہو تو پہلے حاضرین کو لیڈی دکھاؤ اور اس کو تھیلے میں بند کر کے

ا یصندوق میں ڈال دو۔ پھر لڑکے کو دکھاؤ اور اسے بھی تھیلے میں بند کر کے دوسرے صندوق میں ڈال دو۔ دونوں بکسوں کے قفل لگانے کے بعد پروفیسر صاحب اپنی جادو کی چھڑی ہاتھ میں لے کر چند ایک بامحاورے لچھیدار فقرات سے لوگوں کی توجہ اپنی طرف رجوع کرائیں۔ اور اتنی دیر میں وہ لیڈی اور لڑکا اندر سے تھیلوں کو کھول کر صندوقوں کے تختے اتار کر آپس میں ایک دوسرے کے صندوق میں جاکر تھیلوں میں گھس کر اندر سے تھیلوں کے بٹن بند کر لے۔ دیں اور تمہارا دوسرا مددگار پردے کے پیچھے سے ہی دونوں بکس کے تختے لگا دیوے پس جب پروفیسر صاحب اپنے کھیل کی حقیقت لوگوں پر واضح کر رہے ہوں۔ تو اسی وقت حاضرین میں سے کسی ایک آدمی کو بلا کر وہ دونوں صندوق کھلوائے جائیں۔ تھیلوں کے کھلتے ہی لوگ یہ دیکھ کر حیران وششدر رہ جائیں گے کہ جس بکس میں لیڈی تھی اب اس کے بجائے لڑکا بیٹھا ہوا ہے اور اسی طرح لڑکے کے بکس میں لیڈی۔ بڑا مزیدار کھیل ہے۔

گولہ حکم کرنے پر کھڑا رہے۔!

یہ کھیل اس طرح کیا جاتا ہے۔ کہ ایک لکڑی کا گول رنگ دار جو کہ ہوبہو گیند کے مانند ہو لے لیں۔ یہ گولہ دو حصوں میں منقسم ہوتا ہے ان دونوں حصوں کو علیحدہ کر لیں پھر کسی تیز اور باریک ہتھیار سے ان دونوں حصوں میں ایک ایک سرے پر سوراخ نکالیں سوراخ اتنا بڑا ہو کہ جس میں سوت کا باریک سا دھاگہ اچھی طرح سے پھر سکے پھر ان سوراخوں میں دھاگہ ڈال کر دونوں حصوں کے درمیان ایک پتلا سا لکڑی کا بگ اس طرح سے لگا دیں کہ وہ بگ اس کے ساتھ ساتھ پھرے اوپر سے دونوں حصوں کو ملائیں۔ بعد ازاں جب کھیل کرنا منظور ہو تو گولے کو پکڑ کر اپنے ہاتھ میں ہی لوگوں کو دکھا دیویں اور یہ کہہ کر کہ یہ گولہ میرے حکم کے مطابق کام کرے گا جس جگہ میں کہوں گا گولہ کھڑا ہو جائے گا اور جس جگہ کہوں گا وہاں چلنے لگا پھر اس دھات کے دونوں سروں کو اپنے دونوں ہاتھوں میں پکڑیں اور ایک سرا اوپر اور ایک سرا نیچے رکھیں جب آپ اس کو حکم دیں گے کہ اے گولے تو چل! تو ساتھ ہی ہاتھ کو ذرا ڈھیلا کر دیں۔ پھر گولہ خود بخود ہی چلنے لگے گا۔ پھر جس جگہ اس کو کھڑا کرنا ہو۔ وہاں حکم دو کہ

اے گولے تو کھڑا ہو جا اور یہ کہنے کے ساتھ ہی دونوں ہاتھوں کو آہستہ سے کھینچنے کی کوشش کرو تاکہ گولہ اندر کے بُک کے ساتھ لگ جاوے اور نہ تو بک ملے اور گولہ ہی ملے۔ پھر چند لمحہ اسی طرح اس کو کھڑا کر کے پھر حکم دو کہ اے گولے اب تو چل! اور یہ کہنے کے ساتھ ہی ہاتھ کو ذرا ڈھیلا کر دیں گولہ بک کے ڈھیلا ہوتے کے ساتھ ہی چلنا شروع ہو جائے گا بڑا ہی عجیب و غریب کھیل ہے مداری لوگ اس کھیل کو سکھانے کے لئے پانچ پانچ دس دس روپے تک وصول کر لیتے ہیں۔

چوتھا حصہ

مصر کا جادو

بھوت نظر آوے

مہتابی کی بارود بازار سے مول لاکر شراب میں تر کر لو۔ اور ایک ایک ماشہ کی گولی بنا کر سائے میں سکھا لو۔ پھر کاغذ کے خول مہتابی کی شکل کے بنا کر ان میں پٹاخوں کی بارود تھوڑی سی ڈال کر ایک ایک گولی ہر ایک میں مہتابی ڈال کر سب خولوں کو ایک ڈورا جو پہلے ہی بارود میں تر کر کے سکھایا ہوا ہو ہر ایک میں پرو کر سب کے منہ بند کر کے اور ایک رکابی میں رکھ کر کسی درخت پر رکھ دادو اور چپ چاپ اس میں آگ لگوا دو تو وہ سب خول آہستہ آہستہ ایک دوسرے کے ساتھ سلگنے شروع ہوں گے۔ جب فلیتہ یعنی ڈوری کی آگ پٹاخے کی بارود میں لگے گی تو وہ بارود آواز کے ساتھ اڑے گی اور مہتابی کی گولی جل کر نکلے گی جو بالکل انگارہ معلوم ہوگی ناظرین کو خیال گذرے گا کہ اس درخت پر ضرور بھوت ہے۔

مردہ کھوپڑی باتیں کرے

یہ کھیل اس طرح ہے کہ ایک کھوپڑی انسان کی مٹی یا سلولائیڈ کی تیار کروا کر اس کے اوپر رنگ و روغن اس قسم کا کریں کہ ہو بہو دور سے میز کے اوپر پڑی ہوئی اصلی انسان کی کھوپڑی معلوم دیوے اس کے اندر ایک برمنی مشین لگا دیویں۔ جس کے ساتھ ہی ریکارڈ مشین بھی چھوٹی فٹ کی ہوئی ہو جب کھیل دکھانا منظور ہو تو پہلے لوگوں کو کہیں کہ آپ لوگ اچھی طرح سے دیکھیں کہ میری میز کے اوپر ایک انسانی کھوپڑی پڑی ہوئی ہے اور یہ ظاہر میں بالکل

مردہ سی معلوم ہوتی ہے لوگوں کو یقین دلانے کے لیے آپ اس کو اپنے ہاتھ سے بھی ہلا جلا کر دکھا سکتے ہیں پھر آپ لوگوں کو باتوں میں لگائے رکھیں۔ اتنی دیر میں آپ کا مددگار پیچھے سے کھوپڑی میں مشین کو اچھی طرح سے فٹ کر دے گا۔ تم لوگوں کو کہو کہ اب آپ کھوپڑی پر نگاہ رکھیں پس ایک دو تین کہنے کے ساتھ ہی جادو کی چھڑی کھوپڑی پر گھمائیں اور تبھی آپ کا مددگار مشین چالو کر دے۔ کھوپڑی ہنسنے لگے گی۔ اور کبھی باتیں کرنے لگے گی پھر کہو کہ چل پھر مُردہ بن جا آپ اس کے اوپر اس آواز کے ساتھ ہی جادو کی چھڑی گھمائیں اور آپ کا مددگار فوراً مشین بند کر دیوے تو کھوپڑی بالکل بے حس و حرکت نظر آوے گی۔ جب دوبارہ حکم دو گے تو پھر مشین کے کھلنے سے کھوپڑی اسی طرح ہلنے لگے گی نہایت عمدہ کھیل ہے اکثر کارخانے والوں میں بھی اسی طرح کے کھیل دکھائے جاتے ہیں کبھی کبھی ایک انسانی کھوپڑی اور ایک چڑیا ایک پنجرے میں بند دکھائی جاتی ہے دونوں ہی چیزیں بالکل مردہ ہوتی ہیں مگر ان میں پوشیدہ طریقے سے مشین لگی ہوئی ہوتی ہے اس لیے مشین کھلتے ہی چڑیا چہکنے لگتی ہے مگر یہ تمام کام ہوشیاری اور مشق کے ہوتے ہیں۔

ڈھول کے پانی سے غسل کر کے سُوکھے بدن باہر نکلنا

یہ کھیل بھی بڑا عجیب و غریب ہے اس کو اس طرح سے کرتے ہیں کہ ایک بڑا سا ڈھول یا ٹب یا کوئی اور برتن پانی کا بھر کر اس میں کھلاڑی داخل ہو کر اشنان کرتا ہے مگر جب وہ باہر نکلتا ہے تو اس کا بدن سر سے لے کر پاؤں تک بالکل خشک ہوتا ہے جیسے کہ وہ پانی کے نزدیک تک نہیں گیا۔ لوگ یہ دیکھ کر حیران ہو جاتے ہیں۔ اس کھیل کو کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ ایک بڑا سا برتن لے کر پہلے حاضرین کو بالکل خالی کر کے دکھایا جاتا ہے پھر اپنے نے آدمی کے ذریعے اس میں پانی ڈال کر بھر دیا جاتا ہے اور بعد میں پروفیسر صاحب لوگوں کی نظر بچا کر اس پانی میں ذرا سا سفوف لیکوپوڈیم جو کہ ایک انگریزی دوائی ہوتی ہے اس میں ڈال دیتا ہے اور پھر حاضرین کے

سامنے کپڑے اتار کر یا حاضرین میں سے ہی کسی کو بلا کر اس کے کپڑے اتروا کر اور پھر اپنے کھیل کی حقیقت لوگوں پر واضح کر کے اس کو پانی میں داخل ہونے کے لئے کہتا ہے۔ جب وہ پانی میں داخل ہو کر خوب اچھی طرح سے نہا دھو کر باہر نکلتا ہے تو ہاتھوں سے اوپر اوپر کے پانی کے قطروں کو جھاڑتا ہے تو اندر سے بالکل خشک بدن نکلتا ہے جس کو دیکھ کر لوگ حیران رہ جاتے ہیں کیوں کہ وہ دوائی اس کے جسم کے ساتھ لگ جاتی ہے اور جسم پر پانی بالکل نہیں ٹھہر سکتا۔ بدن خشک معلوم دیتا ہے لوگ اسے جادو تصور کرتے ہیں۔

ٹوٹی ہوئی پلیٹ کو فائر کرنے سے جوڑ دینا

یہ کھیل بھی اسی طرح کا ہے جس طرح کہ ناظرین کو چوکھٹے پر تصویر لگا کر دکھائی جاتی ہے اس میں بھی اسی طرح کا ایک بلیک بورڈ لے کر اس کے اوپر ایک ٹوٹی ہوئی پلیٹ صحیح و سالم کر کے دکھایا جاتا ہے پہلے پروفیسر صاحب ایک پلیٹ حاضرین کو دکھا کر اس کو جان بوجھ کر توڑ دیتا ہے اور پھر اس کے ٹکڑوں کو پستول میں بھر کر سامنے والے بلیک بورڈ پر فائر کرتا ہے تو وہی پلیٹ اس کے اوپر صحیح و سالم آ کر نمودار ہوتی ہے جس کو دیکھ کر دنگ رہ جاتے ہیں اور اس کے کام پر عش عش کر اٹھتے ہیں۔ یہ کھیل اس طرح کیا جاتا ہے کہ پہلے ایک سالم پلیٹ اس بلیک بورڈ کے اوپر لگا کر اس کے اوپر ایک سیاہ رنگ کا کاغذ یا کپڑا لگا دیتے ہیں تاکہ وہ پلیٹ لوگوں کو نظر نہ آسکے پھر پروفیسر صاحب ایک اور پلیٹ جو کہ صحیح و سالم ہوتی ہے لے کر حاضرین کو دکھاتا ہے اور دکھاتے ہوئے دوسرے ہاتھ سے جس میں ایک چھوٹی سی ہتھوڑی پکڑی ہوئی ہوتی ہے۔ اس پر اس طرح سے ہتھوڑی مارتا ہے جیسے کہ انجان پن سے ماری جاتی ہے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اس نے جان بوجھ کر پلیٹ نہیں توڑی ہے۔ مگر حقیقت میں وہ توڑی جان بوجھ کر ہی جاتی ہے پس جس وقت پلیٹ ٹوٹ جاتی ہے تو پہلے پروفیسر لوگوں کے سامنے اس کے ٹوٹ جانے کا افسوس کرتا ہے مگر ساتھ ہی وہ یہ بھی کہتا ہے کہ اچھا کوئی بات نہیں میں ابھی اس کو جوڑے دیتا ہوں اور پھر میز پر سے پستول اٹھا کر لوگوں کو دکھاتا اور کہتا ہے کہ ہمارے پاس دیکھو پلیٹ جوڑنے کا یہ اوزار موجود ہے پس تمام ٹکڑے پستول

تصویر پانی سے خشک نکلنے کی۔

ہیں ڈال کر لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کر کے اس پستول سے فائر کرتے ہیں دھڑا کے کی آواز کے ساتھ اس کا مددگار فوراً وہ بلیک بورڈ کے اوپر کا کاغذ یا کپڑا اپنی طرف کھینچ لیتا ہے اور معلم پلیٹ بورڈ پر نمودار ہوجاتی ہے اور دھماکے کی آواز ہونے سے یہ لوگ سمجھ جاتے ہیں کہ پستول کے اندر سے پلیٹ نکلی۔ یہ دیکھئے کتنا مزے دار و حیران کن کھیل ہے۔

خالی بکس میں سے خرگوش کا بچہ نکالنا

یہ کھیل اس طرح [illegible] کہ ایک [illegible] بکس [illegible] کا [illegible] پروفیسر صاحب لوگوں کو بالکل خالی دکھاتے ہیں [illegible] اس کے اندر سے ایک خرگوش کا بچہ نکال کر دکھا دیتے ہیں [illegible] یہ کھیل [illegible] بہت [illegible] ہے کہ ایک ٹین کا بکس ایسا بنا ہو جس کے دو خانے ہوں [illegible] اور ایک پیچھے دونوں طرف سے اس کے دروازے لگے ہوں پھر اس کے ایک خانے میں ایک خرگوش کا بچہ لے کر ڈالا جاتا ہے اور دوسرا خانہ خالی رہتا ہے پس جس وقت کھیل کرنا منظور ہوتا ہے پروفیسر صاحب وہ بکس اٹھا کر اس کا خالی خانے والا دروازہ اٹھا کر پہلے لوگوں کو دکھاتے ہیں۔ بعد میں جادو کی چھڑی اس بکس کے اوپر پھیرتے ہیں اور منہ سے جھوٹ موٹ کچھ منتر وغیرہ بھی پڑھتے جاتے ہیں جب منتر ختم کر چکتے ہیں تو اس کے اوپر پھونک مار کر پھر اس کا سامنے والا دروازہ کھول کر اندر سے وہ خرگوش کا بچہ نکال کر لوگوں کو دکھاتے ہیں جس کو دیکھ کر لوگ حیران ہو جاتے ہیں اور اس کو جادو تصور کرنے لگتے ہیں۔ بڑا ہی عجیب کھیل ہے کیونکہ لوگ دیکھتے ہیں کہ بکس بھی کوئی

بڑا نہیں ہے اور ابھی ابھی ہم لوگوں نے اسے خالی دیکھا ہے اور ہمارے سامنے پروفیسر صاحب نے میز کے اوپر رکھا ہے پھر کس طرح اس میں خرگوش کا بچہ آگیا۔ اگر پہلے بچہ ڈالا ہوا ہوتا ہے تو بکس خالی کس طرح دکھا سکتا تھا۔ اس لئے ضرور یہ جادو کے ذریعہ بنایا گیا ہے لوگوں کے دلوں پر آپ کے جادو کا سکہ جم جادے گا۔

خالی رُومال میں سے بہت سے رومال نکالنا

یہ کھیل اس طرح کیا جاتا ہے کہ پہلے حاضرین کو ایک رومال بالکل خالی دکھایا جاتا ہے پھر اس کو ذرا اوپر ہوا میں ہلا کر اس میں سے بہت سے کاغذ نکالے جاتے ہیں اس کو دیکھ کر لوگ حیران رہ جاتے ہیں۔ بڑا ہی عجیب کھیل ہے اس کو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ بہت سے کاغذ جو کہ بالکل باریک ہوتے ہیں جن سے لوگ پتنگیں اور گڈیاں بناتے ہیں۔ لے کر ان کو کتر کر لمبی لمبی کترنیں بنالو۔ اور پھر ان کتروں کو اکٹھا کر کے لپیٹ کر ایک گولی سی تیار کر لو۔ پس اس گولی کو اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی میں دبا کر اوپر سے رومال پکڑ کر پہلے خالی رومالوں کو لوگوں کو دکھاؤ اور اگر کاغذ مٹھی میں بند نہ کرو۔ تو میز کے اوپر رکھ دو۔ اور جب جادو کی چھڑی پکڑنے لگو تو

اس کا عددوں کی گولی کو بھی ساتھ ہی پکڑلو۔ اس طرح تم اپنے دونوں ہاتھ خالی لوگوں کو دکھا سکتے ہو۔ پھر جس وقت گولی کو چھڑی کے بہانے پکڑو تو اس کو مٹھی کے دباؤ کے ساتھ ساتھ کھولنا شروع کردو۔ اور ساتھ ساتھ رومال کو بھی ہلاؤ اور گولی کو کھول لے جاؤ۔ آخیر وہ سب کاغذ علیحدہ علیحدہ ہونے شروع ہوجائیں گے اور کھل جانے پر وہ بہت سے لگیں گے جن کو دیکھ کر لوگ حیران و ششدر رہ جائیں گے۔

آگ منہ میں لے کر کھانا!

آگ ایک ایسی چیز ہے جس میں سب چیزیں بھسم ہوجاتی ہیں ہر جاندار اشیاء بلکہ جنگلی جانور حتیٰ کہ شیر تک جو کہ جنگل کا شہنشاہ کہلاتا ہے اور کسی سے خوف نہیں کھاتا آگ کا شعلہ دیکھ کر وہ بھی جدھر کو اس کے سینگ سماتے ہیں بھاگ کھڑا ہوتا ہے اگر جنگل میں جاتے وقت کسی شخص کے پاس اور کوئی ہتھیار ہو یا نہ ہو ایک دیا سلائی ضرور تو وہ اسے جلا کر آن واحد میں بڑے سے بڑے جانور کو بھی محو حیرت کرکے اسے بھگا سکتا ہے جب جانور حیوان پنچھی وغیرہ تک اس طرح آگ سے خوف کھاتے ہیں تو انسان بے چارے کی کیا طاقت

ہے کہ وہ اس پر قابو پاسکے مگر نہیں جادو کے ذریعے ہر کام کیا جاسکتا ہے آج کل عامل لوگوں نے ایسے ایسے طریقہ جات بھی نکالے ہیں جو مانند جادو کے ہی اثر رکھتے ہیں گو ان میں جادو نام کو بھی نہیں ہوتا مگر دیکھنے والوں کے لئے جادو سے کسی قدر بھی کم نہیں ہوتا آگ کا کھیل اس طرح کیا جاتا ہے کہ کسی کپڑے یا لکڑی کو لیں اس کے بیچ لوگوں کی نظر بچا کر ایک نلکی سی چیز کی بنا کر اس کے بیچ فاسفورس رکھ کر ذرا سا سگریٹ سلگا کر اسے روشن کر دیں۔ اور پھر پھونکیں دیویں جب کچھ دھواں نکلنے لگے تو اس کو اپنے منہ میں ڈال لیں زبان پر آگ کا اثر بالکل بھی نہیں ہوگا جب تم اندر اور باہر کو سانس لو گے تو اس کے ذریعے فاسفورس میں لگی ہوئی آگ اور زیادہ روشن ہوگی جتنا زیادہ سانس لیتے جاؤ گے اتنی ہی زیادہ آگ سلگتی جائے گی۔ حتیٰ کہ اس میں سے شعلے بھی نکلنے لگیں گے لوگ تو کسی برتن میں پانی بھر کر اپنی پھونک سے اسے بھی ابال دیتے ہیں نہایت عمدہ حیرت کن کھیل ہے۔

سیاہ رنگ کے پانی کو سفید بنانا؟

یہ کھیل بھی نہایت اعلیٰ ہے جو کہ اس طرح کیا جاتا ہے کہ حاضرین کے سامنے ایک گلاس میں پانی ڈال کر اس میں سیاہ رنگ گھول دیا جاتا ہے اور پھر لوگوں کے دیکھتے دیکھتے رنگ اڑ جاوے اور صاف پانی باقی رہ جاوے۔ جس کو دیکھ کر لوگ دریائے حیرت میں غوطہ زن ہونے لگیں گے۔ یہ کھیل اس طرح کیا جاتا ہے۔ کہ ایک گلاس ایسا ہو جیسا کہ مداریوں کا لوٹا ہوتا ہے اس کو خوب لبالب بھر دو اور جو پانی اس کے اندر کے حصے میں چلا گیا ہے۔ ان کو کسی ترکیب سے بند کر دو یعنی اس کے سوراخ میں کوئی چیز دے دو۔ اور جو جگہ لوگوں کو پانی والی نظر آتی ہے اس کو خالی رکھو۔ جب کھیل دکھانا منظور ہو تو لوگوں کے سامنے اس گلاس کو پانی سے بھر دو۔ اور اس میں لوگوں کے دیکھتے دیکھتے سیاہ رنگ ڈال دو اور جب گھل جاوے تو لوگوں کو تھوڑی دیر تک باتوں میں لگائے رکھے پھر اپنے کھیل کی حقیقت بیان کر کے اسی رول کو جو کہ مندرجہ بالا کھیل میں استعمال کیا گیا ہے۔ لو۔ اور اس کے ذریعے وہ سیاہ رنگ کا پانی سب غائب کر دو اور اندر ہی اندر اس رول کے ذریعے وہ سوراخ کھول دو۔ پس سیاہ رنگ کا پانی تو رول کے اندر چلا جاوے گا۔ اور گلاس کے اندر جو پانی تم نے پہلے سے جمع کر کے رکھا ہوا ہے وہ گلاس آ جاوے گا۔ لوگوں کو وہ گلاس اٹھا کر دکھاؤ کہ دیکھو صاحب آپ لوگوں کے سامنے میں نے پانی کے اندر جو سیاہ رنگ ڈالا تھا وہ اب اس میں نہیں رہا۔ بلکہ پانی بالکل سفید ہے۔ پس لوگ جس وقت اس پانی کا رنگ بدلا ہوا دیکھیں گے تو عش عش کر اٹھیں گے۔ یہ کھیل نہایت عمدہ ہے کسی شخص کی تمام

حاضرین میں سے عقل یہ کام نہ کرے گی کہ اس پانی میں سے رنگ کہاں اڑ گیا سب اس کو جادو ہی تصور کریں گے۔

چھتری کا ہنٹر بنانا!

اس کھیل کو اس طرح کرنا چاہیے کہ ایک چھتری لے کر پہلے حاضرین کو دکھاؤ پھر اس کو سب کے دیکھتے دیکھتے ایک تھیلے میں بند کر دو اور ایک تھیلے میں جو کہ اس پہلے تھیلے کی شکل کا سا ہو کھیل کرنے سے پہلے ہی ایک ہنٹر ڈال کر علیحدہ رکھو جب تم چھتری کو تھیلے میں بند کر کے میز کے اوپر رکھ دو۔ تو چادر کی چھتری اٹھا کر سب لوگوں کو کچھ دیر تک باتوں میں لگائے رکھو اور ان کا خیال اور توجہ اپنی طرف مبذول کراؤ۔ اتنی دیر میں تمہارا مددگار وہ چھتری والا تھیلا اٹھائے اور اس کی جگہ ہنٹر والا تھیلا رکھ دیوے۔ پس تم پھر لوگوں کو کہو کہ لو صاحب میں نے چھتری تھیلے میں بند کر کے رکھی ہے وہ اب نکالتا ہوں۔ اتنا کہتے ہی تم اس تھیلے کو اٹھاؤ اور لوگوں سے پوچھو کہ کیوں صاحب یہ تھیلا اسی طرح اور اسی حالت میں ہے نہ؟ لوگ ضرور ہاں

میں جواب دیں گے۔ پھر تم حاضرین میں سے ایک شخص کو اسٹیج کے اوپر بلاؤ۔ جب کوئی آدمی تمہارے پاس آوے

تو تم اس کو وہ تھیلہ دے کر کہو کہ اس کو کھولو۔ اور جب اس کو وہ کھول لیوے تو تم کہو کہ اس میں سے چھتری نکالو۔ جب وہ ہاتھ ڈال کر نکالنے لگے گا۔ تو اس کے ہاتھ میں بجائے چھتری کے ایک لمبا سا ہنٹر آجائے گا۔ جس کو دیکھ لوگ دنگ رہ جائیں گے۔ بہت عمدہ کھیل ہے۔ مگر اس میں چالاک و ہوشیار آدمی کا کام ہے۔ کسی اناڑی آدمی کو اپنا مددگار قطعی نہیں بنانا چاہیے۔ ورنہ سب راز فاش ہو جائے گا۔ بہتر ہے کہ اپنے مددگار کو پہلے گھر پر ہی اچھی طرح سے مشق کراؤ۔ جب اس کو خوب اچھی طرح سے پریکٹس ہو جائے۔ تو پھر کسی مجلس یا عام مجمع میں جا کر کھیل کرو۔

لوگ ضرور ہی اس کام کی آپ کو داد دیئے بغیر نہیں رہیں گے۔

خالی ہاتھ سے ہنٹر کا پیدا کرنا۔

یہ کھیل بالکل آسان ہے یعنی تم اپنے ہاتھ حاضرین کو بالکل خالی دکھا کر پھر ہاتھوں میں سے ہی ہنٹر نکال کر لوگوں کو دکھا دو۔ لوگ یہ دیکھ کر حیران و ششدر رہ جائیں گے۔ نہایت

عمدہ کھیل ہے۔ اس کو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ تم ایک چھوٹا سا ہنٹر لے کر اس کو اپنے کوٹ کی آستین میں چھپا کر رکھو۔ جب یہ کھیل دکھانا منظور ہو تو پہلے لوگوں کو اپنے ہاتھ خالی دکھا دو۔ پھر ہاتھوں کو ہلانا شروع کر دو اور ہلانے کے بہانے اپنے اس ہاتھ کو نیچے کر کے ہنٹر کو آستین میں سے جلدی سے نکال کر لوگوں کو دکھا دو۔ یہ بات یاد رہے کہ لوگ تم کو آستین میں سے ہنٹر نکالتے ہوئے نہ دیکھیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھنا نہایت ضروری ہے اس لیے اس کھیل کو کرنے سے پہلے اچھی طرح گھر پر جلدی جلدی کرنے کی مشق کر لیں۔ جب اچھی طرح سے مشق ہو جائے اور تم پاس کھڑے ہوئے لوگوں کے سامنے بھی اس ہوشیاری سے ہنٹر آستین میں سے نکال لینے میں کامیاب ہو جاؤ کہ وہ تم کو ہرگز نہ دیکھ سکیں۔ تو پھر اس کھیل کو اسٹیج پر آ کر کرو۔

بکس میں جانور بند کر کے غائب کرنا۔

یہ کھیل اس طرح کرتے ہیں کہ ایک بکس لے کر اس میں تمام حاضرین کے سامنے کسی

قسم کے جانور مثلاً بطخ، کبوتر، مرغی وغیرہ ڈال کر پھر اس بکس کے چاروں طرف کے چاروں تختے علیحدہ علیحدہ کر کے لوگوں کو دکھانے اور ان میں سے تمام جانور غائب ہونے۔ جس کو دیکھ کر لوگ دنگ رہ جاویں۔ نہایت اعلیٰ و حیرت انگیز کھیل ہے۔ اس کو کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ وہ بکس اس طرح کا بنواؤ کہ جس کے چاروں کونوں کے چاروں تختے علیحدہ علیحدہ ہو جائیں۔ اور لگانے سے ایک بکس کی شکل میں آجاویں۔ اور ان کے اوپر ایک ڈھکنا بھی ہو۔ اگر بکس دو نہ ہوں۔ تو ایک بھی کافی ہے۔ اس بکس کو پہلے حاضرین کو اچھی طرح سے دکھاؤ۔ جب وہ دیکھ لیں کہ بکس بالکل خالی ہے۔ تو اسے میز کے اوپر رکھ دو اور لوگوں کو اپنے کھیل کی حقیقت سمجھاؤ۔ ساتھ ہی میز کے دوسری طرف تمہارا مددگار بیٹھا ہوا ہو۔ اور وہ جلدی سے جس وقت کہ تم اپنی لچھیدار باتوں میں لوگوں کو الجھائے ہوئے ہو تو وہ اپنی طرف والا بکس کا تختہ کھینچ لے اور جب تم کھیل شروع کرنے لگو یعنی ایک ایک جانور کو پکڑ کر لوگوں کو اچھی طرح سے دکھا کر اس بکس میں ڈالو تو دوسری سے [illegible] کہ تختہ اترا ہوا ہے۔ تمہارا مددگار دوسرے ہاتھ سے اس جانور کو پکڑ پکڑ دوسرے بکس میں بند کرتا جاوے۔ جب تم سب جانور بکس میں ڈال چکو اور ادھر سے وہ نکال چکے تو تم لوگوں کو باتیں سنانے میں لگ جاؤ۔ اور لوگوں کی توجہ کو اپنی طرف کھینچو۔

اتنی دیر میں تمہارا مددگار تختہ لگا دیوے۔ پس تم جادو کی چھڑی اٹھا کر اس بکس کے اوپر پھیر کر بکس کے چاروں تختے

اتار نے شروع کر دو اور لوگوں سے کہو کہ دیکھئے صاحب ابھی ابھی میں نے تمہارے سامنے جانور ڈالے ہیں۔ مگر جس وقت چاروں گتے اتار دو گے تو بکس بالکل خالی دیکھ کر لوگ حیران و ششدر رہ جائیں گے۔ نہایت ہی اعلیٰ اور پرلطف کھیل ہے۔

ٹین کے خالی ڈھول سے پانی جاری کرنا

یہ کھیل بڑا آسان ہے مگر ہے بڑا ہی حیرت انگیز۔ یعنی لوگوں کو ایک ٹین کا ڈھول جو کہ بالکل خالی ہو دکھا کر چھت کے ساتھ لٹکا دینا اور پھر اس کے ساتھ ربڑ کی یا کسی اور چیز کی نالی لگا کر اس میں سے پانی جاری کر کے دکھا دینا جس کو دیکھ کر لوگ نہ صرف حیران و ششدر ہی رہ جائیں گے بلکہ آپ کے کمال کی تعریف کئے بنا نہ رہیں گے۔ یہ کھیل اس طرح کیا جاتا ہے کہ ایک ڈھول ٹین کا ایسا بنواؤ کہ جو ایک طرف سے کھلا ہوا ہو اور دوسری طرف سے بند ہو اور اس کے ارد گرد دور دوہرا ہو جس طرح کہ مداریوں کا لوٹا ہوتا ہے۔ اس کے ایک طرف چھوٹا سا سوراخ ہونا چاہئے اور اس خانے میں جو کہ دوہرا ہے پانی بھر کے سوراخ کو بند کر کے پہلے ہی سے اپنے پاس رکھیں۔ جب کھیل دکھانا منظور ہو تو پہلے لوگوں کو وہ ڈھول اپنے ہاتھ میں پکڑ کے دکھا دیں چونکہ وہ

اندر سے بالکل خالی نظر آئے گا۔ اس لئے سب لوگ یہی سمجھیں گے کہ ڈھول بالکل خالی ہے پس اب تم اس ڈھول کو دونوں طرف رسیاں ڈال کر چھت کے ساتھ لٹکا دو۔ پھر لوگوں کو اپنے کھیل کی حقیقت بتاؤ۔ بعد میں ایک ربڑ کی نالی لے کر اس سوراخ میں لگا دو اور سوراخ کا منہ کھول دو اور اپنے جادو کی چھڑی گھما کر کچھ جھوٹ موٹ پڑھو اور ربڑ کی نالی کا منہ فرش کی طرف کر دو۔ تو اس میں سے پانی کی دھار فرافر بہنے لگے گی۔ لوگ دیکھ کر حیران ہو جائیں گے۔ بڑا ہی عجیب و غریب کھیل ہے۔ لوگ اسے دیکھ کر آپ کی تعریف ہی کریں گے

خالی چوکھٹے پر فائر کرنے سے تصویر ظاہر ہو

یہ کھیل اس طرح ہے کہ پہلے ایک خالی چوکھٹا جو کہ ایک بورڈ کی شکل میں ہوتا ہے حاضرین کو دکھایا جاتا ہے پھر ایک تصویر کسی بناوٹی پستول میں ڈال کر فائر کیا جاتا ہے تو وہی تصویر اس بلینک بورڈ پر جا کر بالکل صاف نمودار ہوتی ہے جس کو دیکھ کر تمام ناظرین دنگ رہ جاتے ہیں یہ کھیل اس طریقے سے کیا جاتا ہے کہ بورڈ چوکھٹے کے سامنے [illegible] جاتا ہے اس کے

اندر ایک تصویر لگا کر اس کے آگے ایک کالے رنگ کا کپڑا یا کاغذ لگایا جاتا ہے اور اس کے پچھلی طرف پروفیسر صاحب کا مددگار کھڑا ہوتا ہے۔ پروفیسر صاحب پہلے اس بلیک بورڈ کو یعنی اس چوکھٹے کو وہاں پر لٹکا ہوا ہی لوگوں کو دکھاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ دیکھئے صاحب یہ چوکھٹا بالکل خالی پڑا ہوا ہے بعد میں وہ پستول بھی لوگوں کو دکھا کر اگر اس کا منہ بڑا ہے تو اس میں ایک تصویر اسی قسم کی جس قسم کی اس بورڈ پر لگائی گئی ہے پھاڑ کر ڈال دیتے ہیں اگر تصویر نہ بھی ڈالیں تو خالی فائر ہی کر دیتے ہیں اسی وقت دھماکے کی آواز کے ساتھ فوراً ہی جلدی سے پیچھے کھڑا ہوا اس کا مددگار اوپر کے سیاہ کاغذ کو کھینچ لیتا ہے اور تصویر سامنے نمودار ہو جاتی ہے۔ جس کو دیکھ کر لوگ حیران رہ جاتے ہیں بڑا علمی اور پر لطف کھیل ہے۔

رنگ برنگ پانی کا لوٹا

ایک لوٹا ٹین کا یا مٹی کا یا تانبے یا پیتل کا اس قسم کا بنواؤ کہ اس میں ایک دستہ پکڑنے کا ہو جو بالکل پولا یعنی اندر سے خالی ہو۔ اس میں ایک سوراخ ہو کہ اگر پانی اس سوراخ میں ڈالیں تو دستے میں سے گزر کر ٹونٹی میں چلا جاوے جس کی شکل ایسی ہونی چاہئے دیکھو اگر اب لوٹے کے سوراخ میں پانی ڈالیں گے دستے سے باہر نکل جاوے گا۔ پس جب لوٹا تیار ہو جاوے تو تم زمین پر کھڑے ہو کر ایک نل ربڑ کا یا چمڑے کا یا نلے کا اس طرح لگاؤ کہ وہ نل زمین کے اندر ہی آ کر تمہارے پاجامے سے گذر کر تمہارے کرتے کے اندر سے آستین سے گذر کر ہاتھ میں ہو کر اس سوراخ میں جو کہ دستے سے باہر ہے۔ جاوے پس تمہارے ساتھی کو چاہئے کہ نل کے دوسرے سرے کو جو پردہ میں ہے لیکر پانی سے بھرنا شروع کرے۔ تو پانی نل سے گذر کر لوٹے میں آ جاوے گا اور چونکہ تم نے لوٹے کو ذرا جھکا رکھا ہے۔ اس لئے پانی لوٹے کے راستے سے باہر گرے گا۔ ناظرین

متعجب ہوں گے۔ کہ چھوٹے سے لوٹے میں اسقدر پانی کہاں سے آیا اور اگر ساتھی رنگ برنگ کا پانی ڈالے گا تو لوٹے میں رنگ برنگا پانی دیکھ کر لوگ اور بھی دریائے حیرت میں ڈوب جائیں گے۔ بڑا مزیدار کھیل ہے۔

جادو کی کوڑی سلام کرتی ہے

بعض بعض لمبی لمبی گھاس کے سروں پر ایک خوشہ سا نکلتا ہے اس کے نیچے اور ایک لمبی نالی اور بیج ہوتی ہے اس کو لے کر دھوپ میں دو اینٹ رکھ کر سکھا لو اور تماشہ کرنے کے وقت اس گھاس کو زمین پر سیدھی گاڑ کر اس پر ایک کوڑی رکھ دو اور پانی سے تر کرد تو پانی پڑتے ہی وہ گھاس گھومنے لگے گی اور ساتھ ہی ساتھ کوڑی بھی گھومنے لگے گی۔ لوگ سمجھیں گے کہ کوڑی سچ مچ ہی جادو کی ہے اور ہمیں سلام کرتی ہے۔

گھر میں بادل گرجے بجلی چمکے اور بارش ہو

اول تم ایک ... چادر لے کر اس میں چھلنی کی طرح سوراخ کر دو پھر اسے مکان

میں نیچے سے کچھ نیچے کر کے باندھ دو۔ مگر اونچی اس قدر ہو کہ آدمی باہر سے کھڑے ہو کر بخوبی دیکھ سکیں۔ ان کو دروازوں میں سے وہ چادر نظر نہ آوے گی۔ پھر ایک آدمی مکان کے اندر آڑ میں کھڑا ہو کر بال کو اڑا دے تو معلوم ہوگی جیسے بجلی دمک سی ہو۔ دوسرا آدمی ایک لوہے کا گولہ اس ٹین کی چادر میں چھوڑ دے تو اس کے لڑھکنے کی آواز مثل بادل کی گرج کے معلوم ہوگی۔ تیسرا شخص سرسوں اور خشخاش کو چادر پر سے گرا دے تو وہ سب چادر میں ٹکرا کر سوراخوں سے مکان میں گریں گی اور بالکل پانی کی بوندوں کی طرف نظر آئیں گی۔ مگر یہ تماشہ بوقت شام کرنا چاہیے۔ یہ بہت حیرت انگیز تماشہ ہے۔

مٹی کا آدمی حقہ پیوے۔

یہ کھیل واقعی جادو کا ہے۔ پروفیسر پہلے ایک بت مٹی کا بنا ہوا لوگوں کو دکھاتے ہیں۔ پھر ایک حقہ لے کر اس میں پانی تمباکو اور آگ ڈال کر اس بت کے سامنے رکھ دیتے ہیں۔ اور اس کو حکم کرتے ہیں کہ اے خاک کے پتلے میرے حکم سے تو ان سب لوگوں کے سامنے اس حقہ کو پی کر دکھا پس اسی وقت اس حقہ کے اندر سے گڑگڑ کی آواز نکلنے لگے گی اور باقاعدہ اسی طرح دھواں بھی نکلنا شروع ہو جائے گا۔ تمام لوگ دیکھ کر حیران رہ جائیں گے۔ اس کھیل کو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پروفیسر صاحب پہلے ایک مٹی کا بت اس قسم کا تیار

کرواتے ہیں۔ جو کہ اندر سے کھوکھلا ہوتا ہے۔ پھر اس کے نیچے کے حصے سے یعنی پاخانہ والی جگہ پر ایک لمبی سی نالی لگائی ہوتی ہے۔ جس کا تعلق اس بت کے منہ کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور منہ اس بت کا حقہ کی نے کے ساتھ لگا ہوا ہوتا ہے۔ پس اسٹیج کے پچھلے رُخ پر ایک آدمی بیٹھ جاتا ہے اور اس نالی کو منہ میں ڈال لیتا ہے جس وقت پروفیسر صاحب اس بت کو حقہ پینے کا حکم دیتے ہیں تو وہ پردہ کے پیچھے والا آدمی فوراً حقہ پینا شروع کر دیتا ہے جس کو دیکھ کر لوگ حیران رہ جاتے ہیں۔

جادو کی چھڑی

یہ کھیل اس طرح سے کیا جاتا ہے۔ کہ کھیل کرنے والا ہمیشہ جس چھڑی کو کھیل کرتے وقت اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ اور جس سے ہر وقت امداد لیتا رہتا ہے مگر جب خود صرف اس چھڑی کا ہی کھیل دکھلانا ہوتا ہے تو کھیل کرنے والا حاضرین میں سے کسی ایک شخص کو بلاتا ہے اور سب لوگوں کے سامنے اس کے منہ میں وہ چھڑی ڈالتا ہے اور وہ چھڑی اس کے پیٹ تک چلی جاتی ہے پھر اس کے منہ سے نکال کر کسی دوسرے آدمی کی پیٹھ یا اس کے ... پر لگا دیتا ... تو وہاں سے وہ چھڑی

اس کے جسم کے اندر چلی جاتی ہے اور پھر اسی طرح سے وہ باہر بھی بڑی خوبی سے نکالی جاتی ہے مگر لطف یہ ہے کہ اس شخص کو ذرا بھر بھی زخم نہیں لگتا بڑا ہی حیرت میں ڈالنے والا کھیل ہے۔ اس کو اس طرح کرتے ہیں کہ اس چھری کو اندر سے کھوکھلا کر کے اس کے اندر ایک اسپرنگ لگا دیا جاتا ہے۔ اور اس چھری کے دستے کو موٹا رکھا جاتا ہے اور آگے سے وہ چھری پتلی رکھی جاتی ہے۔ مگر بنی ہوئی اس طرح سے ہوتی ہے کہ اس کا جوڑ وغیرہ کہیں نظر نہیں آتا۔ کیونکہ اس کے اوپر ایک جیسا رنگ یا پالش کیا ہوا ہوتا ہے۔ جس وقت کھیل کا کرنے والا دوسرے شخص کے پیٹ یا پشت یا منہ میں اس چھری کو دیکھ کر اوپر سے دباتا ہے تو دبانے کے ساتھ ہی اس کے اس موٹے سرے پر ایک بٹن سا لگا ہوا ہوتا ہے جو کہ تماشہ کرنے والے کے ہاتھ کے نیچے چھپا رہتا ہے۔ پس تماشہ کرنے والا دوسرے شخص کے بدن کے کسی حصہ پر اس چھری کا پہلا سرا رکھ کر اوپر سے بٹن کو ڈھیلا کر کے اوپر سے تھوڑے زور کے ساتھ دباتا ہے جس کے دبانے سے چھری کا بہت سا حصہ اوپر کے حصے میں داخل ہو جاتا ہے جس کو دیکھ لوگ یہ سمجھ لیتے ہیں کہ چھری کا یہ حصہ اس شخص کے بدن کے اندر چلا گیا ہے۔ پس جس وقت لوگوں کے سامنے نکالنا چاہتا ہے تو اوپر سے بٹن کو سخت کرتا ہے اور چھری کو زور کے ساتھ جھٹکا مار کر اوپر کی طرف سے کھینچتا ہے۔ تو اندر کا حصہ فوراً باہر آ جاتا ہے جس کو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ چھری اس کے بدن کے اندر سے برآمد ہوئی ہے۔ بڑا ہی مزیدار حیرت میں ڈالنے والا قابل قدر کھیل ہے۔

پانچواں حصہ

افریقہ کا جادو

شکر کی نرالی تھیلی

یہ تھیلی کاغذ کی بنی ہوئی ہوتی ہے جس میں اکثر دوکاندار لوگ شکر وغیرہ یا اور سودا جات ڈال کر گاہکوں کو دیا کرتے ہیں کھیل کرنے والا پہلے اس تھیلی کو اچھی طرح تماشائیوں کو دکھاتا ہے کہ تھیلی کے اندر کوئی چیز یا کوئی پردہ اور تار یا بال وغیرہ نہیں ہے پھر تھیلی میں سب کے سامنے ایک گھڑی مانگ کر ڈال دو اور پھر سب لوگوں کو تھیلی ٹٹولنے کے واسطے کہتا ہے اور سب لوگ دیکھتے ہیں کہ واقعی اس کے اندر گھڑی موجود ہے مگر اسی وقت اس تھیلی کو اٹھا کر کھیل کرنے والا سب کے

سامنے پھاڑ کر پرزہ پرزہ کر دیتا ہے اور گھڑی اس کے اندر سے غائب ہوتی ہے لوگ دیکھ کر حیران ہو جاتے ہیں مگر حیران ہونے کی کوئی بات نہیں یہ کھیل اس طرح سے کیا جاتا ہے پروفیسر صاحب وہ تھیلی خود تیار کرتے ہیں اور تیار کرتے وقت اس کے پیندے میں ایک جگہ پر تین چار موٹے موٹے کاغذ گھڑی کی شکل کے گول کر کے اندر کی طرف لگا دیتے ہیں اور جب کسی شخص سے گھڑی مانگ کر اس تھیلی کے اندر کھیل کرنے والا ڈالنے لگتا ہے تو گھڑی کو اپنی ہتھیلی میں چھپا کر واپس باہر لے آتا ہے اور میز پر سے جادو کی چھڑی اٹھانے کے بہانے گھڑی کو میز پر کسی چیز کی آڑ میں رکھ دیتا ہے اور خالی تھیلی زمین پر رکھ کر کسی شخص کو بلا کر اس کو باہر سے ٹٹولنے کے لئے کہتا ہے جب وہ ٹٹولتا ہے تو اندر وہ موٹا موٹا کاغذ گھڑی کی شکل کا لگا ہوا اس کو معلوم ہوتا ہے جس کو بھولا ہے وہ گھڑی ہی خیال کرتا ہے اور اصل تھیلی خالی ہوتی ہے جب وہ یہ کہتا ہے کہ گھڑی اس کے اندر موجود ہے تو لوگوں کو بھی یقین ہو جاتا ہے کہ واقعی گھڑی اس کے اندر موجود ہوگی مگر جب اس تھیلی کو کھیل کرنے والا پھاڑ کر پرزہ پرزہ کر کے زمین پر پھینک دیتا ہے تو لوگوں کی حیرانی کی کوئی حد نہیں رہتی۔ بڑا پرلطف کھیل ہے۔

لوٹا چماری کی بوتل

یہ کھیل بھی دیکھنے والوں پر ایک دفعہ تو ضرور وجد طاری کر دیتا ہے اگر اس کھیل کو ہم کالا ھینو بوتل کا تماشہ کہہ دیں تو بے جا نہ ہو گا۔ یعنی سب لوگوں کے سامنے کھیل کرنے والا ایک خالی بوتل لے کر لوگوں کو دکھا کر میز کے اوپر رکھ دیتا ہے۔ پھر حاضرین کو کہتا ہے کہ صاحبان جو چیز آپ میں سے کوئی صاحب طلب کرنا چاہے۔ وہ حکم کرے۔ اس خالی بوتل میں سے جادو کے زور سے میں آپ کو وہی چیز دے سکتا ہوں۔ پس اتنا کہنے کے ساتھ ہی مجمع میں سے کئی لوگ طرح طرح کی اشیا پروفیسر صاحب سے طلب کرتے ہیں۔ لطف یہ ہے کہ جو چیز کوئی مانگے وہی چیز اس بوتل میں سے برآمد ہوتی ہے بڑا حیرت انگیز کھیل ہے اس کے کرنے کی ترکیب یہ ہے یعنی سب سے پہلے کھیل کرنے والے کو چاہیئے کہ ایک دو آدمی

ایسے مجمع میں سے پیدا کرشمہ جن کو کھیل شروع کرنے سے کم از کم ایک یا دو گھنٹہ پیشتر اپنی تمام اشیاء دکھا لیوے۔ جو کہ اس نے بوتل میں سے نکال کر دینی ہے تاکہ وہ شخص آواز دینے پر وہی چیز اس سے طلب کرے جو کہ اس کے پاس موجود ہیں پھر اس کو چاہیئے کہ ایک بوتل لے کر اس کو نیچے کی طرف سے باریک سا سوراخ کر کے میز کے اوپر رکھ دیوے مگر یہ بات یاد رہے کہ میز کے اوپر بوتل جس جگہ پر رکھے اس جگہ میز میں یعنی ایک سوراخ ہونا چاہیئے اور میز کے نیچے تین چار برتن یا ڈبے رکھ کر ان میں کسی میں دودھ کسی میں شراب کسی میں شربت اور کسی میں کیوڑہ وغیرہ ڈال کر رکھے۔ پھر ان برتنوں کے بیچ ایک ایک ربڑ کی نالی یا شیشے کی نالی ڈال کر رکھے پھر اس خالی بوتل کو اٹھا کر اسے اوپر نیچے کی طرف الٹا پلٹا کر لوگوں کو دکھا دیوے کہ دیکھیے صاحبان بوتل بالکل خالی ہے اور آپ صاحبان میں سے جو کچھ جو چیز میں آپ طلب کریں گے میں اس بوتل میں سے نکال کر آپ لوگوں کی خدمت میں حاضر کروں گا۔ لوگ یہ بات سن کر حیران رہ جاویں گے پس آپ اس بوتل کو میز کے اوپر اسی جگہ پر جہاں کہ سوراخ نکلا ہوا ہے رکھ دیویں اور دوسری طرف سے اس کا مددگار فوراً لوگوں کی نظر بچا کر اس میز کے نیچے جا کر بیٹھ جاوے اور باہر کی آواز کو سنتا رہے اور پروفیسر

...ب کو چاہیے کہ وہ خود شیر کے پاس کھڑا ہو۔ اور پھر جادو کی چھڑی اٹھا کر اس بوتل کے اوپر گھما دے اور ساتھ ہی منہ سے کچھ گن گن کرنا شروع کر دے تاکہ لوگ یہ سمجھیں کہ یہ کوئی جادو کر رہا ہے پس ایک دو منٹ تک ایسا عمل کرنے کے بعد بوتل کے اوپر پھونک مارے اور پھر حاضرین کے سامنے جا کر کہے کہ کیوں صاحب آپ میں سے کوئی صاحب کسی چیز کا طلب گار ہے اگر ہے تو آواز دے کہ اسے کون سی چیز چاہیے پس اتنا کہنے کے ساتھ ہی اس کے اپنے آدمی جو ایک دو یا تین ہوں گے ان میں سے ایک شخص یہ کہے گا کہ پروفیسر صاحب میں نے دودھ پینا ہے۔ پس پروفیسر صاحب پھر اس بوتل پر اپنی جادو کی چھڑی پھیریں گے اور اپنے اشٹ دیو کو یاد کر کے کہیں گے کہ اے کالے دیو اس کو شخص کو دودھ چاہیے دودھ بھیج دو۔ بس اتنا کہنے کے ساتھ ہی مددگار اندر سے دودھ والے برتن کی نالی اٹھا کر اس بوتل کے ساتھ لگا دیوے گا۔ اور اس نالی کا کاک کھول دیوے گا۔ تو دودھ اس بوتل میں آنا شروع ہو جاوے گا۔ پروفیسر صاحب کو اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ جتنے برتن اس کے پاس اشیاء کے موجود ہیں اتنے ہی چھوٹے چھوٹے شیشے یا کسی اور دھات کے برتن یا گلاس اپنے پاس موجود رکھنے چاہئیں پس جس وقت اس کا مددگار یہ سمجھ جاوے کہ اب مجھے ختم کرنے کو کہہ رہا ہے پس فوراً اس کا ساتھی نالی ہٹا دے اور پروفیسر صاحب بوتل کو فوراً اس چھوٹے سے گلاس میں پلٹا کر لوگوں کو دکھا دیوے تاکہ لوگوں کو یقین آ جاوے کہ ٹھیک دودھ ہی ہے پھر کہے کہ ہاں صاحب اب اور کوئی شخص کسی چیز کا اگر خواہش مند ہو تو طلب کرے اس طرح سے پھر اس کا دوسرا ساتھی فوراً شراب پینے کی خواہش ظاہر کرے تو فوراً پروفیسر صاحب آواز دے کر کہیں کہ اے دیو اس مرتبہ ہم کو شراب چاہیے جو کہ فلاں قسم کی ہو۔ فوراً حاضر کرو۔ اور ساتھ ہی جادو کی چھڑی بوتل کے اوپر گھما دیں اب بوتل چونکہ خالی پڑی ہوئی ہے اس لئے فوراً اس کا مددگار نیچے سے شراب والی نالی لگا دے گا اس طرح سے اس بوتل میں شراب داخل ہونی شروع ہو جائے گی پس جس وقت ایک دو پیگ کے قریب شراب بوتل میں داخل ہو جائے تو پھر آواز دے کہ بس کافی ہے اتنے حکم کے ساتھ ہی اس کا ساتھی فوراً شراب والی بوتل سے نلکی الگ کر لے گا اور وہ بوتل کو دوسرے گلاس میں پلٹا کر لوگوں کو دکھائیں گے اور کہیں گے۔ دیکھئے صاحب کیا یہ واقعی

شراب ہے یا اس غلط کتنا ہوں لوگ دیکھیں گے کہ واقعی شراب ہی ہے اسی طرح سے پھر وہاں پر بوتل رکھ دیوے اور پھر تیسرا آدمی کچھ مانگے اور وہی حاضر کر دیوے غرضیکہ جو چیز کوئی مانگے وہی نکلتی جاوے اور لوگ دیکھ کر حیران و ششدر رہ جاویں اس کھیل کو سکھانے کی قیمت لوگ ایک صد روپے سے کم نہیں لیتے۔

اسماعیل جوگی کی تھیلی۔

اس کھیل کو اگر بھان متی کا پٹارہ بھی کہا جاوے تو کوئی بے جا نہ ہوگا کیوں کہ یہ وہ تھیلی ہے جس میں سے ہر وہ چیز جو کوئی شخص مانگے پروفیسر صاحب نکال دیتے ہیں بڑا ہی عجیب و غریب کھیل ہے پروفیسر صاحب اس تھیلی میں سے جو چیز کوئی صاحب مانگے وہی نکال کر دیا جاتا ہے جس کو دیکھ کر لوگ حیران و ششدر رہ جاتے ہیں اور ہر بار چیز مانگنے پر جب وہی چیز پروفیسر صاحب نکال کر دیتے رہتے ہیں تو حاضرین کے قہقہوں سے آسمان گونجا دیتے ہیں اور کھیل کرنے والے کی تعریف کے پل باندھ جاتے ہیں اس کھیل کو سکھانے والے اُستاد اپنے شاگردوں سے پچاس پچاس اور سو روپے بھی وصول کر لیتے ہیں کھیل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پروفیسر صاحب پہلے ایک تھیلی ایسی تیار کرواتے ہیں کہ جس کے دو خانے ہوں ایک خانہ تو خالی رکھا جاتا ہے اور دوسرے خانے میں کئی قسم کی چیزیں رکھی جاتی ہیں مگر اس کھیل کرنے والے کو چاہیئے کہ اپنا ایک مددگار ایسا بنائے کہ جس کو یہ پہلے سے معلوم ہو کہ اس تھیلی میں فلاں فلاں چیز ہے پس جس وقت کھیل کرنا ہو اپنے اس مددگار کو چپ چاپ تماش بینوں کے ساتھ بیٹھا دیں۔ پہلے پروفیسر صاحب اس تھیلی کا خالی حصہ کھول کر لوگوں کو دکھا دیں جس سے انہیں یہ معلوم ہو جائے کہ واقعی تھیلی اندر سے بالکل خالی ہے پھر وہ لوگوں کو آواز دے کر کہے کہ آپ لوگوں میں سے جس صاحب کو جو خواہش ہو وہ چیز طلب کرے ہم اس تھیلی میں سے نکال دیں گے یہ تھیلی کیا ہے کبیر دیوتا کا خزانہ ہے اس میں سے ہر وہ چیز جو تم طلب کرو گے ملے گی پس جس وقت پروفیسر صاحب یہ اعلان کریں اسی وقت سے وہ شخص جسے آپ نے مددگار بنایا ہے اور جو ان سب اشیاء سے

واقف ہے چیزیں مانگنی شروع کرے ۔ اور پروفیسر صاحب نکال نکال کر دیتے جاویں گے پھر
اس بات کے خیال سے کہ کہیں لوگ یہ شبہ نہ کرنے لگیں کہ ایک ہی شخص چیزیں مانگتا
ہے اس لئے کچھ دیر بعد اپنے آس پاس کے چند آدمیوں کو کہے کہ تم فلاں چیز مانگو امید ہے
کہ وہ اس تھیلی میں سے نہیں نکلے گی اور پھر پروفیسر صاحب کو منہ کی کھانی پڑے گی پس اس
کے کہنے کے مطابق دو چار آدمی اس کے ارد گرد کے بھی اس سے چیزیں مانگیں گے تو پھر
پروفیسر صاحب صرف اس واسطے کہ لوگوں کو شبہ نہ ہو جائے چند لمحہ کے لئے جان بوجھ کر وہ
چیزیں نکالنے سے گریز کرے گا اور لوگ یہ سمجھیں گے کہ یہ چیز تھیلی میں نہیں ہے اس لئے

تمام لوگ اس کے ہم خیال ہوکر پروفیسر صاحب سے وہی چیز نکالنے کا مطالبہ کریں گے تو
پروفیسر صاحب کہیں گے کہ بھئی وہ چیز یہاں سے بہت دور پڑی ہوئی ہے معلوم نہیں میرا
کالا دیو اس وقت وہاں جاسکے گا مگر میں ضرور کوشش کرتا ہوں بس اتنی بات کہہ کر جادو کی
چھڑی پکڑ کر منہ میں کچھ گن گن کر کے پروفیسر صاحب بآواز بلند یہ کہے کہ اے میرے کالے
دیو جاؤ اور جلدی سے فلاں جگہ سے فلاں چیز لے کر آؤ بس چند لمحہ بعد وہ چھڑی اپنی تھیلی کے
اوپر پھیر کر کہے کہ لو صاحب وہی چیز حاضر ہے ۔ اور ساتھ ہی اس میں سے نکال کر دکھا دیوے ۔

اس کا مددگار چپ چاپ لوگوں کے بیچ میں گھسا ہوا لوگوں کو کہتا رہتا ہے کہ اب فلاں چیز منگواؤ اب فلاں چیز منگواؤ اور چونکہ پروفیسر پہلے سے اس چیز کو نکال کر ڈبے میں ڈال کر رکھتا ہے اس لئے تماش بینوں کو شک و شبہ بھی نہیں ہوتا کہ اصل بات کیا ہے سب اسے جادو کی کرامات اور دیو کا کام ہی تصور کرتے ہیں بڑا حیرت انگیز و تفریح کن تماشہ ہے۔

پنجرے میں مٹی کا جانور باتیں کرے

یہ کھیل اس طرح پر ہے کہ پہلے پروفیسر صاحب لوگوں کو ایک پرندہ دکھاتے ہیں جو کہ مٹی دھات یا کاغذ وغیرہ کا بنا ہوا ہوتا ہے جیسے کہ عام طور پر بازاروں میں بکتے ہوئے دیکھے جاتے ہیں جو کہ خود بخود ہوا میں ہلنے لگتے ہیں ایسا ایک پرندہ لوگوں کے سامنے پنجرے میں چھوڑ دیا جاتا ہے پھر پروفیسر اس کو حکم دیتا ہے کہ اے پرندے منہ سے بولو اور وہ پرندہ فوراً ہی بولنا شروع کر دیتا ہے لوگ حیران و ششدر رہ جاتے ہیں طریقہ یہ ہے کہ پروفیسر صاحب پہلے ہی سے اس پنجرے کے اندر ڈبل اسپرنگ فٹ کروا لیتے ہیں اور جانور اسی قسم کا بنواتے ہیں کہ جس کے اندر ایک جرمنی مشین لگی ہوئی ہوتی ہے نیچے اس کے پاؤں کے پاس ایک ہولڈر اس قسم کا لگا ہوا ہوتا ہے جس کو دیکھنے سے لوگ اس پرندے کے ہی بدن کا عضو تصور کرتے ہیں پس اس جگہ کو پنجرے کے ساتھ فٹ کر دیا جاتا ہے اور پنجرہ میز کے اوپر پڑا ہوا ہوتا ہے اس لئے پنجرے والی تار میز کے اندر داخل کر دی جاتی ہے جہاں پر اس مشین کا بٹن لگا دیا جاتا ہے میز کے سامنے کی طرف ایک سیاہ رنگ کا پردہ لٹکا دیا جاتا ہے تاکہ لوگ دیکھ نہ سکیں اتنا کام پروفیسر صاحب پہلے سے تیار رکھتے ہیں جب کھیل دکھانا ہوتا ہے اس وقت پنجرے میں سے اس جانور کو نکال کر باہر لا کر پروفیسر صاحب لوگوں کو

دکھاتے ہیں اور کہہ دیتے ہیں کہ دیکھئے صاحبان یہ جانور فلاں چیز کا بنا ہوا ہے اس میں کسی قسم کی کوئی تار یا بال وغیرہ لگا ہوا نہیں ہے سب لوگ اس جانور کو دیکھتے ہیں اور دل میں یہ خیال کرتے ہیں واقعی اس میں کوئی تار یا بال وغیرہ نہیں ہے اور سچ مچ یہ کام جادو یا مسمریزم سے تعلق رکھتا ہے۔

جن کا حقہ

یہ کھیل نہایت ہی حیرت انگیز ہے اور پروفیسر صاحب ایک حقہ جس میں لوگوں کے سامنے پان اور تمباکو و آگ وغیرہ ڈال فرش یا میز کے اوپر رکھ دیتا ہے اور جادو کی چھڑی اس کے اوپر پھیر کر حکم دیتا ہے کہ اے جن اس حقہ کو تو میرے حکم سے پی۔ پس لوگ دیکھیں گے کہ حقہ گڑگڑ کرتا ہے اس میں سے دھواں بھی برابر نکلتا ہے مگر حقہ پینے والا کوئی آدمی نہیں نظر آتا لوگ دیکھ کر نہ صرف حیران ہی ہوتے ہیں بلکہ یہ سمجھنے لگتے ہیں کہ واقعی اس میں کچھ جادو کی کرامات ہے اور آپ کے جادو کی تعریف کے پل باندھ دیں گے دراصل بات یہ ہے کہ پروفیسر صاحب جب یہ کھیل کرنا چاہتے ہیں اس سے تھوڑی دیر پیشتر ہی

اس حقہ کے اندر تھوڑی سی ان بجھی چونے کی ڈلی ڈال کر رکھ چھوڑتے ہیں جب تسیل کرنا ہوتا ہے تو اس میں تھوڑا سا پانی ڈال کر اور چلم میں تمباکو اور آگ رکھ کر جس طرف کی ہوا ہو اس طرف کو حقہ کا منہ کر کے رکھ دیا جاتا ہے بس جس وقت اس کے اندر ہوا داخل ہوتی ہے تو چونہ کی گیس کا دھواں باہر نکلتا ہے اور ساتھ ہی حقہ کے اندر سے گڑگڑ کی آواز آنے لگتی ہے جس کو دیکھ کر لوگ متحیر ہو جاتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ کوئی جن حقہ پی رہا ہے بڑا ہی عجیب و نرالا کھیل ہے اس کھیل کی قیمت بھی جادوگروں نے بہت بڑھا چڑھا کر رکھی ہے اور استاد سو پچاس روپے لئے بغیر بات تک کرنا پسند نہیں کرتے۔

مُردہ سے بات چیت کرنا۔

اس کھیل کو کرنے کا طریقہ بھی بہت عجیب ہے لوگ اس کھیل کو دیکھ کر بڑے ہی دنگ رہ جاتے ہیں یہ کھیل اس طرح پر ہے کہ ایک مُردہ آدمی کا جسم تمام حاضرین کو دکھا دیا جاتا ہے جس میں کہ بالکل جان نہیں ہوتی سب لوگ دیکھتے ہیں کہ واقعی یہ ایک بے جان کا مجسمہ انسان مگر پروفیسر صاحب اس مجسمے کے اندر اپنے جادو کے زور سے جان ڈال دیتے ہیں اور وہ بات چیت کرنے لگتا ہے جس کو دیکھ کر لوگ حیران ہو جاتے ہیں اور بالکل ٹھیک ماننے لگتے ہیں کہ واقعی مُردہ آدمی کے اندر جان پیدا ہو گئی ہے اس کھیل کو اس طرح کیا جاتا ہے کہ ایک مجسمہ انسان کا بناوٹی مٹی یا لکڑی کا بنایا جاتا ہے اور اس کے اندر ایک بجلی کی مشین فٹ کی جاتی ہے اور اس میں سے ایک تار لگا کر بجلی کے کرنٹ کے ساتھ لگا دی جاتی ہے اور کچھ تاروں سے اس مجسمہ کے اندر تمام اعضاؤں کے اندر وائرنگ کر دیا جاتا ہے اور پھر اس مُردہ جسم کو جس وقت کہ کھیل کرنا ہوتا ہے تمام حاضرین کے سامنے لا کر کسی چیز کے سہارے کھڑا کر دیا جاتا ہے مگر یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ اس مُردہ جسم کو باہر سے ... ... کے ساتھ ایسا پینٹ کیا ہوا ہوتا ہے کہ دوسرا آدمی پہچان نہیں سکتا پس اس کو کسی چیز کے سہارے کھڑا کر کے اس کے پیچھے پوشیدہ طور سے ایک اور آدمی کھڑا کر دیا جاتا ہے پھر پروفیسر صاحب لوگوں کو اپنے کھیل کی حقیقت سمجھاتے ہیں اور کہتے ہیں:

ہیں کہ یہ مُردہ اب میرے جادو کے زور سے بات چیت شروع کرے گا آپ لوگ کوئی سوال کریں یہ اس کا جواب دے گا اتنا کہہ کر پروفیسر صاحب اپنی جادو کی چھڑی کو اس کے

...نہ پیٹ اور پیر تک گھماتے ہیں اور ایک دو تین کہتے ہیں۔ پس تین کہتے ہی اس کا دوسرا ساتھی بجلی کا بٹن کھول دیتا ہے جس سے مردہ کے اندر حرکت ہونی شروع ہوجاتی ہے جسے دیکھ کر لوگ حیران ہوجاتے ہیں بعد میں پروفیسر صاحب حاضرین مجمع کو مخاطب کر کے کہتے ہیں کہ آپ لوگ کوئی سوال کریں یہ مردہ برابر آپ کو اس کا جواب دے گا پس ان لوگوں میں سے کئی اشخاص ایسے نکلیں گے جو کہ اس مردہ سے کئی طرح کے سوالات کرتے جائیں گے اور اس مردہ آدمی کے پیچھے جو دوسرا آدمی چھپ کر پوشیدہ طور سے کھڑا ہوا ہے وہ تمام باتوں کا جواب دیتا جاوے گا مگر لطف کی بات تو یہ ہے کہ مُردہ آدمی کے ہونٹ بھی

ہلتے جاویں گے جن سے لوگ یہی سمجھیں گے کہ شاید یہ مُردہ ہی ہماری باتوں کا جواب دے رہا ہے اس طرح خواہ سیکڑوں آدمی سوال کریں سے۔ مردہ کے پیچھے کھڑا ہوا آدمی اس کا جواب دیتا جائے گا لوگ اس کام کو دیکھ کر حیران و ششدر رہ جاتے ہیں اور آپ کو پورا پورا جادوگر ہی تصور کریں گے جس وقت کھیل کو ختم کرنا ہو اس وقت پروفیسر صاحب کو پھر کوئی نہ کوئی اشارہ کر کے اس مردہ کے سر پر اپنی جادو کی چھڑی گھمانی چاہیے اور لوگوں کو یہ بتانا چاہیے کہ اب ہم اس کا جادو دور کرتے ہیں۔ یہ پھر اسی طرح سے مُردہ ہو جائے گا اور بعد میں یہ کسی کے سوال کا جواب نہ دے سکے گا پس اتنا کہنے کے بعد چھڑی اس کے سر پر پھیر کر خود علیحدہ ہو جائے اور اس کے پیچھے چھپا ہوا آدمی پیچھے کی طرف سے نکل جاوے اور بجلی کے تاروں کو بھی علیحدہ کر دے۔ پھر اس مُردہ کو اٹھا کر لوگوں کے سامنے اندر لے جاوے جب اس کو اٹھاؤ گے تو لوگوں کو یقین ہو جائے گا کہ واقعی یہ مُردہ ہے جو کہ خود چل بھی نہیں سکتا اور لوگ اور بھی حیرت زدہ ہو جائیں گے۔

طلسمی بکس!

طلسمی بکس کا کھیل بھی واقعی بڑا متحیر کھیل ہے لوگ اس کھیل کو دیکھ کر اپنی اپنی عقل کے گھوڑے دوڑاتے ہیں مگر کسی کی کچھ عقل نہیں آتا۔ یہ بکس صرف ۸ انچ لمبا اور پانچ انچ چوڑا اور پانچ ہی انچ اونچا ہوتا ہے پروفیسر صاحب سب کے دیکھتے دیکھتے اس میں سے لوگوں کو پہلے خالی بکس دکھا کر پھر اندر سے ایک پنجرہ بمعہ ایک زندہ جانور کے نکال کر دکھاتا ہے جس کو دیکھ کر لوگ حیران رہ جاتے ہیں اور سب سے زیادہ حیران کرنے والی جو بات ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ وہ پنجرہ دوبارہ اس بکس میں ڈالیں تو نہیں آسکتا۔ کیوں کہ وہ اس بکس سے سائز میں بہت گنا بڑا ہوتا ہے اس کے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ ایک بکس گتے کا یا اور کسی چیز کا مندرجہ بالا سائز کا تیار کیا جاتا ہے اور اس کے ساتھ ایک پنجرہ ایسا تیار کیا جاتا ہے جو کہ کھولنے پر بہت بڑا ہو جاتا ہے اور اگر اس کی ایک گانٹھ ایک طرف سے کھول دی جاوے تو تمام پنجرہ گھس جاتا ہے۔ اور اس کو اس جانور کے ارد گرد لپیٹ دیا جاتا ہے اور

پھر اس پنجرے کو بمعہ جانور کے اپنے کوٹ کی جیب میں رکھ لیتے ہیں پھر لوگوں کو وہ خالی بکس اچھی طرح سے دکھا کر واپس میز پر رکھ دیتے ہیں اور پھر جیب کے اندر سے رومال نکالنے کے بہانے اس پنجرے کو بھی ساتھ ہی نکال کر اپنے مددگار کی طرف جو کہ پاس ہی میز کے دوسری طرف بیٹھا ہوا ہوتا ہے پھینک دیتے ہیں اور پھینکتے اس وقت ہیں جب کہ ساتھ ہی پروفیسر صاحب نے جادو کی چھڑی بھی اٹھائی ہوتی ہے پس جادو کی چھڑی اٹھا کر وہ لوگوں کو چند لمحہ تک کچھ باتیں وغیرہ سناتا ہے اور اپنے کھیل کی حقیقت لوگوں پر واضح کرتا رہتا ہے اسی دوران میں اس کا مددگار اس پنجرے کو بمعہ جانور اسی طرح لپٹا لپٹایا مگر اس کے بٹن وغیرہ لگا کر تا کہ پروفیسر صاحب جس وقت اس کو پکڑ کر بکس سے باہر نکالیں تو اوپر کے دھاگے کو پکڑنے سے تمام پنجرہ اسی طرح کھڑا ہو جاوے اور وہ صحیح و سالم معلوم ہو فوراً لوگوں کی نظر بچا کر اس بکس کے اندر ڈال کر میز کے اوپر رکھ دیوے پس اتنی دیر میں پروفیسر صاحب لوگوں کو اپنے کھیل کی حقیقت بھی سمجھا چکیں گے پھر وہ لوگوں سے پوچھیں کیوں صاحب آپ سب لوگ نے اس بکس کو بالکل خالی دیکھا ہے سب لوگ لازمی طور پر اثبات میں جواب دیں گے پھر جادو کی چھڑی اس بکس کے اوپر پھیر کر اس کے اندر سے اصل جانور کو بمعہ پنجرہ

نکال لیں اور پھر لوگوں کو دکھا دیں۔ لوگ دیکھ کر حیران و پریشان ہو جاویں گے پھر لوگوں کو زیادہ متحیر کرنے کے لئے پروفیسر صاحب کو چاہیے کہ وہ دوبارہ اس بکس کے اندر اس پنجرے کو ڈال کر دکھا دیں جب وہ دوبارہ ڈالنے لگیں گے تو اتنا بڑا پنجرہ اس چھوٹے سے بکس میں نہیں آسکے گا جس کو دیکھ کر لوگ اور بھی دنگ رہ جائیں گے۔ بڑا ہی عجیب و غریب کھیل ہے تصویر اوپر ملاحظہ کریں۔

پنجرہ اور بکس بنواتے وقت خاص احتیاط سے کام لینا چاہیے۔ کسی ہوشیار کاریگر سے بنوائیں اور بناتے وقت خود بھی مستری کے پاس موجود رہیں تاکہ ساتھ ہی ساتھ غلطی بھی ٹھیک ہوتی رہے اور کام حسب منشا بنوا سکیں لاپرواہی کرنے سے کام تو خراب ہوتا ہی ہے ساتھ میں روپے پیسے کا بھی ناجائز طور پر خرچ بڑھ جاتا ہے مدد گار ایسے شخص کو بنانا چاہیے جو کہ کچھ پڑھا لکھا اور سمجھدار ہو ذرا بھی لاپرواہی کرنے سے انسان کو کبھی کبھی بہت بڑا نقصان برداشت کرنے کی نوبت آجاتی ہے۔ اس لئے اپنا کام کرتے وقت لاپرواہی قطعی نہیں کرنی چاہیے محض اس ایک کھیل کو سکھانے کے واسطے پروفیسر لوگ سو سو اور دو دو سو روپے وصول کر لیتے ہیں۔

چھٹا حصہ

سحر سامری

عُرف

بھوت ودیا

کچھ لوگوں کا خیال ہے۔ کہ بھوت اس دنیا میں ہیں ہی نہیں۔ کوئی کوئی یہ کہتے بھی سنے جاتے ہیں۔ کہ بھوتوں کو دیکھا بھی ہے کسی نے؟ مگر عالم فاضلوں اور سحر سامری کے شائقان

یہ بات ثابت کر چکے ہیں کہ دنیا میں بھوت و پریت ہیں اور ضرور ہیں۔ انہیں دیکھا بھی جا سکتا ہے اور ان سے کام بھی لیا جا سکتا ہے۔ یہاں پر ہم اپنے معزز شائقین فن ساحری کی بہبودی و بہتری کے لیے چند ایک ترکیبیں ایسی لکھتے ہیں کہ جن سے وہ بہت جلد اور آسانی سے بھوتوں کو تسخیر کر کے اپنے دنیاوی معاملات میں امداد حاصل کر سکتے ہیں۔

پہاڑ کی چوٹی پر بیٹھ کر بھوت سدھ کرنا

عام طور پر پہاڑوں کی بابت یہ مشہور ہے کہ وہاں پر بڑا جادو ہوتا ہے۔ پہاڑی عورتیں اس کام میں بہت چتر مانی جاتی ہیں۔ کہاوت ہے کہ وہاں کی عورتیں آدمی کو بکرا بنا کر باندھ لیتی ہیں۔ اس لئے بہ نسبت آدمی کے عورت پہاڑ کی چوٹی پر ہمارے لکھے کے مطابق اگر عمل کرے تو جلدی کامیابی حاصل کر سکتی ہے۔ جس کو اس کام کا شوق ہو اس کو چاہیے کہ عمل کرنے سے پہلے آنکھوں کی مشق کرنی چاہیے جب آنکھیں اس قابل ہو جائیں کہ ایک گھنٹہ تک متواتر ٹکٹکی باندھ کر دوپہر کے سورج کی طرف دیکھ سکے تو اس کو چاہیے کہ صبح کے وقت اٹھ کر نہا دھو کر اپنے ساتھ گوگل اور دھوپ وغیرہ لے کر الو کی داہنی آنکھ کو دھوپ میں سکھا کر اس کا سرمہ بنا کر اپنی آنکھوں میں ڈال لے۔ اور پہاڑی بکرے کے دل کا عرق نکال کر ساتھ لے جاوے اور پہاڑ کی چوٹی پر جا کر سورج جس وقت نکلے اس کی طرف منہ کر کے بیٹھ جاوے اور اپنے ارد گرد دائرہ کھینچ لے۔ گوگل اور دھوپ دکھا دے۔ اور پھر بدبد جانور کے داہنے پر کی قلم بنا کر اس عرق کے ساتھ اس نقش کو لکھتا جاوے اور منہ سے ذیل کا منتر سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ نقش ایک سو آٹھ مرتبہ لکھے اور لکھ کر اس کو آگ میں جلادے۔ یا پانی میں بہا دیوے۔ نقش اور منتر دونوں ذیل میں ملاحظہ کریں۔

منتر یہ ہے۔

جنی کالی سنگلا کالی بھدر کالی ترو کی اینج الکمنگ وشنک کرو د۔ کرو د۔ سواہا۔

اس نقش کو ایک سو آٹھ مرتبہ لکھ کر باندھ لیں۔ سورج کی طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا

٨	١	٦
٣	٥	٧
۴	٩	٣

شروع کر دیوے۔ اور خوشی سے پڑھتا جاوے۔ جب دس منٹ تک متواتر سورج کی طرف دیکھ چکے تو صرف نیچے نگاہ کرکے اپنے سامنے تین منٹ تک دیکھتا رہے۔ عمل کو ختم کرکے گھر آوے۔ جاتے اور آتے وقت کسی کے ساتھ گفتگو نہ کرے۔ اگر وقت ملے تو دوپہر اور شام کے وقت بھی اسی طرح جا کر کرے۔ گھر پر جب آوے۔ تو کسی کا پانی لا کر ڈھائی گھونٹ پانی پینے کے بعد تب کوئی اور کام کرے۔ اگر وقت ملے تو دوپہر اور شام کے وقت بھی جاوے۔ شام کے وقت جائے تو دو تین گھنٹہ سورج ڈوبنے سے پہلے جاوے اور ڈھلتے ہوئے سورج کو اسی طرح سے دیکھے۔ منگلوار کے روز برت رکھے۔ شام کو چھوٹے بچوں کو چاول یا میوہ وغیرہ کا پرشاد تقسیم کرے۔ کپڑے سرخ پہنے۔ اگر عمل کو ختم کرنے کے بعد آکر دیوی کے درشن کرے۔ تو بہت جلدی کامیابی نصیب ہو۔ پندرہ دن کے بعد دوران عمل میں اس کی آنکھوں میں ایک دم اندھیرا سا چھا جائے گا۔ پھر تھوڑی تھوڑی روشنی ہونی شروع ہو جاوے گی۔ عمل کو باقاعدہ جاری رکھے وہ روشنی بڑھتے بڑھتے اتنی بڑھ جاوے گی کہ ہزارہا سورج کی روشنی

آکر اس کی آنکھوں میں سماگئی ہو۔ جس روز روشنی زیادہ ہو۔ اس دن رات کے وقت دیوی کے مندر میں چلا جاوے۔ اور اس منتر کا جاپ گیارہ ہزار مرتبہ کرے ساری رات جاگتا رہے۔ در برت رکھے۔ بچوں میں پرشاد تقسیم کرے۔ دل میں تصور اپنے مدعا کا کرے۔ اکیس دن کے بعد دیوی کا گن حاضر ہو کر اس کے ساتھ ہم کلام ہو گا عامل کو چاہئے اس کے ساتھ بڑی نرمی اور عاجزی کے ساتھ پیش آوے۔ بڑے ادب کے ساتھ اس سے پیش آوے۔ اور اس کو دودھ کا گلاس پیش کرے۔ جس وقت وہ دودھ پی لے۔ تو پھر وہ کہے گا کہ میں درگا بھوانی کی نوکری چھوڑ کر تمہارے کام کی خاطر حاضر ہوا ہوں۔ بتاؤ وہ کون سا کام ہے جس کو میں سرانجام دے سکتا ہوں۔ عامل کو چاہئے کہ اس سے وعدہ لے لے کہ اگر آپ زبان پر ڈیوٹی دیتے ہیں تو میں آپ کو ہر وقت تکلیف نہ دوں گا بلکہ جو وقت ضرورت جب میں بلاؤں تب آپ میری امداد کریں۔ ایسے بھوت بڑے بڑے زبردست کام کر سکتے ہیں اور دوسرے بھوتوں میں یہ طاقت نہیں کہ وہ کسی دیوی دیوتا کے درشن کرا سکیں۔ مگر یہ بھوت سب کچھ کرا سکتے ہیں۔ اس لئے عامل کو ہر وقت ان کی اطاعت قبول کرنی چاہئے اور انہیں کے حکم کے مطابق کام کرنا چاہئے۔ تاکہ بہت کچھ فائدہ حاصل ہو سکے۔ کوئی بھی کام بغیر ان کے مشورہ کے کام نہیں کرنا چاہئے۔

بذریعہ پانی بھوت سدھ کرنا

پانی کے ذریعہ بھی بھوت سدھ کیا جاتا ہے۔ اس کو پانی کا بھوت یا دریائی بھوت کے نام سے پکارتے ہیں۔ یہ بھوت بھی بڑے بڑے کام آتا ہے۔ مثلاً گڑا ہوا دفینہ یا چیزوں کا پتہ معلوم کرنا۔ بچھڑے ہوؤں سے ملاقات کرنا۔ بیمار کا علاج کروانا سمندر پار کی خبر لانا۔ عاشق و معشوق کا ملاپ کروانا۔ مقدمہ میں جیت کروانا۔ سنگدل سے سنگدل حاکم کو مہربان کرنا۔ غائبی باتوں کا پتہ بتانا مُردہ روح سے بات چیت کرنا۔ وغیرہ وغیرہ اس کو سدھ کرنے کا طریقہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

ترکیب:۔ عامل کو چاہئے کہ سوموار کرتکا نچھتر کے روز صبح کے وقت اٹھ کر سب حاضر۔

دریا۔ تالاب یا کسی کنوئیں پر ایسے وقت میں جاوے جبکہ کوئی دوسرا آدمی اس کو نہ دیکھ سکے ۔وہاں جاکر مشرق کی طرف منہ کر کے اپنے گرد لکیر کھینچ کر بیٹھ جاوے اور اپنے پاس لوبان اور گوگل کی دھونی دہکادے اور ایک چراغ کورا لے کر اس میں اُلو کے پتہ کا عرق ڈال کر بڑ بد کے پروں کی بتی بنا کر عرق میں جلادے اور پھر اسی منتر کو تین ہزار مرتبہ لکھے اور ساتھ ہی منہ سے بھی بولتا جاوے ۔ بعد میں سب کی گولیاں بنا کر آٹے میں باندھ کر پانی میں ڈال دیوے اس عمل کو ختم کر کے پھر اسی پانی میں نہاوے نہاتے وقت پانی میں آنکھیں کھول کر بیٹھ جاوے اور اکیس مرتبہ مندرجہ ذیل منتر کا جاپ کرے ۔

ادم۔ نحو در نائے اور نوے بھونائے سواہا۔

جاپ کر چکنے کے بعد باہر نکل کر کپڑے پہن کر چراغ کو اسی جگہ کہیں جو : رکھ آوے اور بغیر کسی سے بات چیت کے گھر چلا آوے اور اگر رسوئی تیار کر کے پہلے تھوڑا سا کھانا لے کر اسی پانی میں ڈال دیوے ۔ پھر خود کھاوے ۔ مگر کھانا ثقیل ہونا چاہیے ۔ اور جہاں تک ہو سکے ایک ہی وقت کھاوے ۔ سات روز کے بعد جب عامل پانی میں بیٹھ کر

جاپ کرنے لگے گا تو اس کو اندر سے انسانی شکل کے اعضا، نظر آنے شروع ہو جاویں گے۔ عامل کو اپنے عمل کو جاری رکھنا چاہیے جس روز اس کو پہلے دن کوئی اعضا، نظر آوے اس دن گھر آکر کھانا دریا میں ڈالنے کے بعد کسی براہمن یا غریب غربا، کو کھانا کھلالینے کے بعد اسے خود کھانا چاہیے۔ پھر جس شکل میں اعضا، کو دیکھے اس کا تصور اپنے دل میں ہر وقت رکھے اور سپھر شام کے وقت وہاں جاکر اسی طرح سے عمل کو جاری رکھے۔ اگر سردی کا موسم ہو تو پانی کے اندر جاپ نہ کرے باہر کی ہاتھ منہ دھوکر چراغ جلا کر اور گوگل وغیرہ کی دھونی دہکا کر اپنے محبوب کا دھیان کرکے بیٹھ جاوے۔ اور نیت کو صاف رکھے تو پندرہ دن کے بعد اس کے محبوب کے جسم کے علیحدہ علیحدہ اعضا، نظر آنے شروع ہو جائیں گے۔ پھر دن میں تین مرتبہ عمل کو کرنا شروع کردیوے جتنے روز عمل کو جاری رکھے چارپائی پر نہ سووے اور گھر کے لوگوں و عام لوگوں سے بات بھی کم کیا کرے کسی کی طرف بری نظر سے نہ دیکھے۔ اپنی عورت کے ساتھ ہمبستری بھی اتنے روز نہ کرے۔ بلکہ بالکل پاک صاف رہے۔ پس اپنے عمل کو درڑھتا سے ساتھ جاری رکھے۔ اکیس روز کے بعد اس کا محبوب حاضر ہوگا۔ سب سے پہلے جس وقت وہ آکر عامل کے ساتھ ہم کلام ہو تو عامل کو چاہیے کہ اس وقت کوئی نمکین چیز پہلے اس کو کھلا دیوے۔ اگر وہ انکار کرے تو پھر اس وقت آنکھیں بند کرکے اپنے عمل میں لگ جاوے۔ سات روز اسی طرح عمل کو کرے۔ ان سات دنوں میں بھوت نظر آوے گا۔ پہلے ایک دو دن عامل کو آکر آواز دیگا۔ اور کہے گا کہ تو مجھے کیوں ستاتا ہے۔ مجھے چھوڑ دے۔ جو تیرا کام ہے میں اس کو پورا کئے دیتا ہوں۔ مگر عامل کو چاہیے کہ اس کے بھرے میں نہ آوے۔ اور بالکل اس کے ساتھ ہم کلام نہ ہونے پاوے ورنہ سب کچھ کیا کرایا خاک میں مل جاوے گا بلکہ اپنے جاپ کو ایک سو آٹھ مرتبہ اور بڑھا دیوے اور اسی طرح سب کی گولیاں آٹے میں ملاکر پانی میں ڈال دیوے مگر اس بات کا خیال رہے کہ جنتر لکھتے وقت سیسر جانور کے پروں کی قلم اور ہدہد کے پتہ کا عرق نکال کر اس کے ساتھ لکھے اور اس روز دونوں وقت نہ تو خود کھانا کھاوے اور نہ ہی کسی کو کھلاوے دوسرے دن صرف دودھ لے۔ تیسرے روز وہ عامل کو ڈرانے کے لئے کئی کئی طرح کے بھیس بدل کر آوے گا عامل کو چاہیے کہ وہ بالکل آنکھیں نہ کھولے اسی طرح تیسرے دن سے لے کر صرف

دودھ تو ... رہے۔ کسی کو کچھ کھانے کو نہ دو۔ جب اس کا بھوت بھوک سے تنگ آجائے گا تو پانچ چھ روز کے بعد خود ہی منتیں کرنے لگے گا۔ جس کے ساتھ عامل کو ہم کلام ہونا چاہئے سب سے پہلے اس کو یہی کہنا چاہئے کہ پہلے یہ کھانا کھاؤ تو پھر میں تمہارے ساتھ کلام کروں گا امید ہے کہ وہ عامل کا نمکین کھانا فوراً لے کر کھانا شروع کر دیگا اگر وہ بارہ بھی انکار کرے تو پھر عمل کو جاری کر دو۔ پھر پان کھا کر وہ پوچھے گا کہ مجھے کس لئے یاد کیا ہے۔ پھر اس کے ساتھ بڑی نرمی سے پیش آؤ۔ اور مندرجہ بالا ہدایات کے مطابق اس کے ساتھ شرائط کرکے اس کے بلانے کا طریقہ پوچھ کر اس کو وداع کر دو۔ گھر پر آکر غریبوں کو کھانا کھلا اور کپڑے تقسیم کرو۔ تو پانی کا بھوت سدھ ہوگا۔ اب اس کو بوقت ضرورت کام پر لو ناجائز کام اس سے ہرگز ہرگز نہ لو۔

بذریعہ شمشان بھوت سدھ کرنا

عام طور پر عامل لوگ شمشانوں یا قبرستانوں میں جاکر ہی سدھی وغیرہ کیا کرتے ہیں کیونکہ یہاں پر بہ نسبت دوسری جگہوں کے بھوت جلدی سدھ ہو جاتے ہیں اور ساتھ ہی سب سے بڑی بات جو شمشانوں یا قبرستانوں کے بھوتوں میں پائی جاتی ہے وہ یہ کہ اگر عامل سے کسی نہ کسی موقع پر کوئی اگر غلطی وغیرہ ہو بھی جاوے تو وہ عامل کو چھوڑ کر چلے نہیں جاتے بلکہ اس کو تھوڑی بہت سزا دیتے ہیں ایسے بھوت بڑے بڑے کام کرتے ہیں ان کو سدھ کرنا بھی کوئی مشکل کام نہیں۔ سدھ کرنے کا طریقہ ذیل میں درج ہے۔

طریقہ یہ ہے۔

جس عامل کو بھوت سدھ کرنا ہو اس کو چاہئے کہ کارتک مہینہ کی شکل پکش کے ہفتہ چھتر ... دن۔ جمعرات کی آدھی رات کے وقت گوگل، لوبان اور ایک کورا چراغ لے کر سیدھا شمشان بھومی میں چلا جاوے وہاں پر جاکر بلی کی انگلی کی بتی بنا کر روغن ... ڈال چراغ روشن کرکے مشرق کی طرف منہ کرکے بیٹھ جاوے۔ اور اگر اس وقت کوئی ...

ہو تو اسمیں سے ایک کوئلہ لے کر اس کے اوپر لوبان اور گوگل دہکادے اور پانچ ہزار مرتبہ
اس منتر کا جاپ کرے دل میں تصور اپنے محبوب کا رکھے صبح سورج نکلنے سے پیشتر اپنے
جاپ کو ختم کرکے اس جلتے ہوئے گوگل کا تلک لگا کر چراغ کو اسی جگہ کہیں رکھ دے پیچھے
سے اگر کچھ آوازیں بھی سنائی دیں تو ان کی مطلق بھی پرواہ نہ کریں۔ اور چپ چاپ گھر چلا
گھر بھی کسی کے ساتھ زیادہ گفتگو نہ کرے۔ غذا ثقیل اور ایک ہی وقت کھادیں۔ مگر یہ
بھی یاد رکھیں کہ جاتے وقت ایک لوٹا پانی کا بھی ساتھ میں لیتے جاویں۔ اسی پانی سے
ہوئے اسی پانی کے ساتھ اپنے بیٹھتے وقت اپنے گرد ایک لکیر کھینچے جو پانی باقی بچے
کسی بیر کی جڑ میں چھوڑ آوے منتر سے پہلے اسے حفظ کر لیں۔

بھیروں بیر چلے مسان۔ کھائے کھنڈ کھیر۔ بھیروں واک سدھی چال سوا با۔

ی طرح ہے۔ متواتر پندرہ یوم تک کرنے کے بعد عامل کو چاہئے کہ جاپ کرتے کرتے
کی طرف دیکھنا شروع کرے۔ دو تین دن کے بعد اسے اس بھوت کے جسم کے
حصنا نظر آنے لگ جاویں گے۔ اپنے عمل کو جاری رکھے یہ بات یاد رکھے کہ شمشان کے

بھوت سدھ کرنے والوں کو دوران عمل میں نہانا نہ چاہیے۔ ہاں اگر نہانا بھی ہو تو عمل شروع کرنے سے پہلے ہرگز نہانا نہیں چاہیے مگر نہانا ہو تو بعد میں نہاوے۔ اور اگر نہاتے وقت پانی میں تھوڑا سا دودھ ملا لیا کرے تو بہت اچھا ہے۔ اٹھائیس دن کے بعد اس کی شکل بالکل مکمل بنکر آپ کے سامنے آجاوے گی۔ پھر اس کو زیادہ خوش کرنے کے لئے اپنے ساتھ پان الائچی اور لونگ وغیرہ ساتھ لے جانے چاہئیں۔ چالیس روز کے بعد اس کو پان پیش کرے اگر وہ لینے سے انکار کرے تو پھر اپنے عمل کو جاری رکھ دینا چاہیے۔ ایسے بھوت گندگی وغیرہ بھی زیادہ پھینکنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تاکہ عمل میں خلل واقع ہو جاوے۔ ایسے موقع کی نزدیک تمام ہونے کے لئے عامل کو ایک چھٹا لوہے کا ہر وقت اپنے ساتھ رکھنا چاہیے جس وقت بھوت گندگی یا کچھ اور چیزیں پھینکنے لگے تو عامل کو چاہیے کہ فوراً چھٹے کا منہ اس کی طرف کرکے اپنے جاپ کو اونچے سر سے بولنا شروع کر دے اور ساتھ ہی یہ بھی کہ اگر وہ بھوت گندگی پھینکے گا تو وہ بھوت نیچی ذات کا ہوگا۔ اس لئے عامل کو بھی چاہیے کہ اس دن سے۔ اپنے کپڑے وغیرہ بھی صاف نہ کرے اور نہ ہی غسل کرے۔ اگر ایسا کرے گا تو جلدی اس کو سدھی حاصل ہوگی۔ پھر جس وقت وہ آکر عامل کے ساتھ ہم کلام ہو تو وہ کہے گا کہ اگر اپنی جان کی خیر چاہتا ہے تو اس کام سے باز آ۔ مگر عامل کو چاہیے کہ اس کی دھمکیوں کی مطلق پرواہ نہ کرے اور وہ خوفناک شکلیں بھی اختیار کرے گا مگر عامل کو ذرا بھی پرواہ نہیں کرنا چاہیے۔ اور اپنے کام میں لگے ہی رہنا چاہیے۔ ساٹھ دن کے بعد وہ بھوت خود بخود ہی آکر عامل کی منتیں کرنے لگے گا اور عامل سے کہے گا کہ میں آج سے تیرا غلام ہوں۔ جو کام تو کہے میں بغیر کسی حیل و حجت کے کرنے کو تیار ہوں۔ مگر مجھ کو بھوک بہت لگ رہی ہے۔ کچھ کھانے کو دو تب عامل کو چاہیے کہ فوراً اسے پان کھانے کو دے۔ اگر وہ پان لے کر کھانے لگے تو سمجھ لو کہ اس وقت سے وہ تمہارے وش میں ہو گیا پس پھر نرمی کے ساتھ اس سے ہم کلام ہونا چاہیے اور اس سے تمام باتیں پوچھ لینی چاہئیں کہ کس طرح اس کو بلایا جائے اور وہ کیا کیا کام کرے گا جس طرح سے کہے اس کے کہنے کے مطابق کام کریں اور اگر کوئی ایسا کام ہو جو کہ تمہارا اپنا ہو اور جس کام پر تمہارا روپیہ بھی خرچ ہوتا ہو تو یاد رکھو اس کو وہ کام مفت بھی کرنے کو مت (؟) جب وہ اس طرح سے سدھ ہو جاوے۔ اور تمام ہدایات تم کو بتا دیوے۔ تو پھر گھر پر آکر

سے پہلے سدھی کا صدقہ دو۔ یعنی کھانا کپڑا وغیرہ غریب لوگوں میں تقسیم کردو پھر اس وقت بھوت سے کام لو۔ اور خلق خدا کی بہتری میں اپنی اپنی کمائی کو لگا دو۔ خدا تمہارا بھلا کرے گا

آگ کے ذریعہ بھوت کو سدھ کرنا

آگ کے بھوت کو عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ آتش پرست فرقے کے لوگ جلدی سدھ کر لیتے ہیں مگر غیر فرقے کے لوگ بھی اگر چاہیں تو مندرجہ ذیل طریقہ سے آگ کے بھوت کو تسخیر کرنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

طریقہ یہ ہے کہ عامل کو چاہیے منگل وار کرشن پکش، بھرنی نچھتر کے وقت گھر سے ایک لونگ منہ میں رکھ کر گوگل اور بیری کی لکڑی ساتھ لیکر گاؤں یا شہر کے باہر شمال کی طرف چلا جائے اور کسی ایسی جگہ پر جہاں کوئی دوسرا آتا جاتا نظر نہ آوے۔ اپنے ارد گرد لکیر کھینچ کر بیٹھ جاوے اور اپنے ایشور یا خدا کو یاد کرکے ان لکڑیوں کو جلا کر اپنے سامنے رکھے اور گوگل کو بھی دہکا کر اپنے پاس رکھ لے اور بارہ سنگا کے مغز کے عرق کے ساتھ ایک سو آٹھ دفعہ یہ جنتر لکھے اور اتنی ہی مرتبہ اس کو پڑھے پھر ان جنتروں کو اسی آگ میں ڈال کر جلادے بعد میں اس کی راکھ کا ٹیکا یا تلک اپنے ماتھے پر لگا دے اور گھر کو لوٹ آوے۔

جنتر یہ ہے۔

جنتر

نا
نار
برت
دیو
اگنی

گھر آکر نہا دھو کر صاف کپڑے پہن کر سب سے پہلے دودھ پیوے پھر کسی کے ساتھ ہم کلام ہو۔ آٹھ سات روز کے بعد اس کے اندر سے دھوئیں میں انسانی شکل کے کچھ کچھ اعضاء نظر آنے شروع ہوں گے۔ آٹھ روز کے بعد اسی مذکورہ بالا جنتر کو دوگنا کر دے اور سب کے سب لکھ کر جلا آوے۔ اور جتنے دن عمل کو جاری رکھے۔ ایک وقت کھانا کھاوے اگر یہ عمل صبح شام دو وقت کرے تو جلدی کامیاب ہو۔ اکیس روز کے بعد وہ اعضاء آپس میں ملنے شروع ہو جائیں

گے جس جگہ پر عامل کو سوتا ہے وہاں پر کسی کورے کپڑے کی بتی بنا کر کورے چراغ میں
ریچھ کی چربی کی روشنی کرے بعد اکیس روز کے عامل کو اسی آگ میں بھوت کا چہرہ نظر آئے
گا۔ پھر اس چہرے کو دیکھ کر عامل کو چاہئے کہ اسی کا تصور ہر وقت اپنے دل میں کرے۔ اور
جتنی زیادہ دیر تک عمل کو جاری رکھے گا اتنی ہی جلدی کامیابی حاصل کرے گا۔ بعد اکیس روز
کے ایک ہزار مرتبہ صبح اور ایک ہزار مرتبہ شام کو جنتر لکھ کر اسی آگ میں جلادے۔ اور اتنی
ہی مرتبہ زبان سے بھی بولے۔ پھر اس بھوت کی ڈراؤنی ڈراؤنی شکلیں اس کے سامنے آنی
شروع ہو جائے گی مگر عامل کو ان شکلوں سے ڈرنا نہیں چاہئے۔ سدا اپنے ہی کام میں مشغول
رہیں۔ جب وہ عمل کو ختم کر کے اپنے گھر کی طرف جانے لگے گا تو پیچھے سے اس کو نام لے
لے کر آوازیں آنی شروع ہوں گا۔ مگر ان کی پرواہ بھی نہیں کرنی چاہئے۔ جب تک کہ گھر میں
جا کر دودھ وغیرہ نہ پی لے۔ کسی کے ساتھ ہم کلام نہ ہونا چاہئے کہ دو روٹیاں اپنے ہاتھوں سے
پکا کر اور سالن وغیرہ جو اس کی مرضی ہو۔ تیار کر کے دودھ کا ایک گلاس۔ ایک بیڑا پان کا
جس میں لونگ بھی پڑی ہوئی ہو۔ ساتھ لے جانا چاہئے اور اپنے استھان پر جا کر آگ جلا کر
لونگ اور لوبان کی دھونی دہکا کر اپنے عمل کو شروع کر دینا چاہئے۔ تھوڑی ہی دیر کے بعد

بھوت ہی خوفناک شکل بنا کر آپ کے سامنے آکر ڈرانا شروع کر دے گا۔ مگر عامل کو دل میں دہشت نہ لاکر اپنے عمل میں مشغول رہنا چاہیے۔ خواہ وہ کتنے ہی ڈراوے کیوں نہ دیوے یا طرح طرح کی باتیں کرنے کی کوشش کرے اگر عمل کو ختم کرنے سے پہلے عامل اس کے ساتھ ہم کلام ہو جاوے گا تو بنا بنایا کام بگڑ جاوے گا۔ اس لئے عامل کو چاہیے کہ چالیسویں روز تین ہزار جنتر لکھے اور جاپ کرے۔ جس وقت تین ہزار جنتر ختم ہو جاوے تو اپنی جگہ پر کھڑا ہو جاوے۔ اس بات کا خیال رہے کہ جتنے جنتر لکھتا جاوے یا تو ساتھ کے ساتھ آگ کے اندر پھینکتا جاوے۔ یا اپنے گھٹنے کے نیچے رکھ کر ان کے اوپر ایک نمک کی ڈلی رکھ دیوے۔ ورنہ تمہارے جنتروں کو بھوت اڑا لے جائے گا اور تم کو کبھی کامیابی نہیں ہونے دے گا۔ کیونکہ آزادی کس کو پیاری نہیں اپنی آزادی کو جہاں تک ہو سکے کوئی بھی ہاتھ سے کھونے کو تیار نہ ہو گا۔ اس لئے بہتر یہی ہے کہ ان کے اوپر ایک نمک کی ڈلی رکھ دی جائے اور جس وقت تین ہزار جنتر ختم ہو جاویں تو سب کو اکٹھا کر کے اور کھڑے ہو کر اپنے ایشور، خدا کے آگے ہاتھ جوڑ کر دعا مانگے۔ پھر لوبان گوگل اور وہ جنتر لونگ جاوتری وغیرہ سب کو اکٹھا کر کے آگ کی نظر کر دیں۔ جس وقت سب چیزوں کو آگ کی نظر کرے گا۔ تو اس کے دھوئیں کے ساتھ ہی وہ بھوت بھی نکل کر اپنی اصلی شکل میں ظاہر ہو گا۔ جب اس کے ساتھ نرمی و ادب کے ساتھ ہم کلام ہو اور تمام شرائط پہلے سے سوچی ہوئی اس سے طے کر لے اور اسے بلانے کی ترکیب بھی معلوم کر لے۔ پھر اس کو ضرورت کے وقت بلاوے۔ اور خلق خدا کی بھلائی کے لئے اس سے کام لیوے۔

پرانے کھنڈراتوں میں بھوت سدھ کرنا

ماگھ مہینے کے تیسرے منگلوار کو اگر ردہنی نچھتر ہو تو اس وقت عامل کو چاہیے کہ رات کے دو یا تین بجے کسی ٹوٹے پھوٹے کھنڈرات میں چلا جاوے اور اپنے ساتھ ایک مٹی کا کورا چراغ گوگل دھوپ خرگوش کی چربی اُلو کے پروں کی بتی بنا کر لے جاوے اور اپنے وہاں

مکان کے درمیانی حصہ میں مشرق کی طرف منہ کر کے بیٹھ جاوے اور اپنے ارد گرد دائرہ کھینچ لے۔ اور چراغ میں بتی ڈال کر اور خرگوش کی چربی (تیل) کی جگہ ڈال کر چراغ کو روشن کرے۔ اور اپنی پشت کے پیچھے کم از کم سوا غٹ کی اونچائی پر چراغ کو رکھے۔ گوگل اور دھوپ کو جلادے اور اپنے سایہ کو گردن کی جگہ سے دیکھنا شروع کرے اور منہ سے منتر بولتا جاوے سات ہزار بار یہ منتر پڑھے۔

• اونگ منا شکتا دبی شوا بھادھیہ بج نانا ردپے ڈھارے۔ کولا دچرتے ہی ممے ممے

جس وقت منتر ختم کرے تو الائچی منہ میں ڈال کر سب چیزوں کو وہیں رکھ کر گھر چلا آوے آتے یا جاتے وقت نہ تو اس کو کوئی شخص دیکھ سکے اور نہ ہی کسی کے ساتھ گفتگو کرے دس منٹ تک اپنے سایہ کو دیکھنے کے بعد میں چار منٹ تک آسمان کی طرف دیکھ لیا کرے۔ غذا بالکل نمکین اور ایک ہی وقت کھاوے۔ دوپہر کے بعد پھر اپنے دکھاوے۔ دوپہر کے بعد پھر ان ہی کھنڈرات میں جا کر اسی طرح عمل کرے اور دوران عمل میں عورت کے ساتھ ہم بستری نہ کرے۔ اور نہ ہی کسی دوسری عورتوں کو بری نظر سے دیکھے۔ سات روز

بتواتر عمل کر چکنے کے بعد تنہا چھوڑ دے اور صرف منہ ہاتھ دھو کر عمل کو جاری رکھے۔ اتوار اور منگل کے دن غریبوں کو کھانا کھلاوے۔ سنیچر کے روز روٹی پکا کر بانٹے۔ پندرہ یوم کے بعد اس کی آنکھوں میں اتنی روشنی ایک دم پیدا ہو جائے گی کہ جیسے ہزاروں سورج چمک رہے ہوں پھر فوراً اندھیرا ہو جائے گا۔ عامل کو کچھ دکھلائی نہ دے گا مگر عمل کو برابر جاری رکھنا چاہیے۔ آہستہ آہستہ سائے میں حرکت پیدا ہو جائے گی۔ کہ جیسے ہزاروں سورج چمک رہے ہیں پھر فوراً اندھیرا ہو جائے گا عامل کو کچھ دکھلائی نہ دیگا مگر عمل کو جاری رکھنا چاہیے۔ آہستہ آہستہ سائے میں حرکت پیدا ہو جائے گی اور گاہے بگاہے اس میں سے روشنی بھی نمودار ہوا کرے گی۔ ایک [illegible] روز کے بعد وہی سایہ عامل کے کام میں مخل ہونے کی کوشش کرے گا۔ مگر عامل کو [illegible] اس سے ڈرنا نہیں چاہیے اپنا عمل باقاعدہ جاری رکھے۔ بھوت کئی کئی طرح کے کارنامے [illegible] کرے گا آخر ایک دن ایک آواز اتنی زور سے سنائی دے گی کہ جس کے ساتھ ہی [illegible] چاروں طرف بھوت آنے لگیں گے۔ اور وہ سب بڑا اودھم مچائیں گے کوئی [illegible] کو ئی کوڑا کرکٹ ہی اچھالے گا۔ کوئی کوڑا اٹھا کر مارنے کو دوڑے گا [illegible] خوفناک منظر عامل کی آنکھوں کے سامنے نظر آئے گا۔ اگر عامل اس وقت ڈر گیا تو وہ اس کو دائیرے کے باہر نکلتے ہی مار ڈالے گا۔ اور اگر وہ اپنے ارادہ میں پکا رہا تو پھر وہی بھوت [illegible] کے عزیز و اقارب کو دکھ دینا شروع کریں گے پھر اس کو مال و زر کا نقصان پہونچائیں گے۔ اگر ان سب باتوں کو عامل برداشت کر گیا تو پھر وہی بھوت آکر اس کے قدموں پر گر پڑے گا اور اطاعت قبول کر لے گا۔

قبرستان میں بیٹھ کر بھوت سدھ کرنا۔

ماہ رمضان کے پیشتر پیر کے روز علی الصباح اٹھ کر [illegible] ادا کر کے قبرستان میں چلا جاوے اور اپنے ہمراہ کورا چراغ روئی کی بتی بھیڑیئے کی چربی اور بدبو جانور [illegible] کے جسم کی داہنی ہڈی مشک کافور گوگل اور لوبان لے جا کر وہاں پر اپنے اور گرد ایک دائرہ [illegible] چراغ جلا کر گوگل و لوبان و مشک کافور جلا کر دھونی دہکا دے۔ اور مغرب کی طرف منہ کر کے بیٹھ

جادے اور سیاہ رنگ کے کپڑے پہ ہدہد جانور کی ہڈی کی قلم بنا کر ذیل کا نقش گیارہ مرتبہ لکھے اور گیارہ سو مرتبہ ذیل کی آیت پڑھے۔ نقش اور آیت یہ ہیں۔

یا سلیمان ارواح کے شاہ کرو ے سب پر مہر کی نگاہ۔

دوہائی۔ دومائی۔ دوہائی سلیمان کی دوہائی۔

۲۳	۲۶	۲۹	۱۶
۱۸	۱۸	۲۲	۲۷
۲۸	۳۱	۲۴	۲۱
۲۵	۲۰	۱۹	۳۰

اس نقش کو لکھ کر کسی کورے کوزے میں رکھے۔ پندرہ یوم تک اس عمل کو باقاعدہ جاری رکھے۔ ایک وقت کھانا کھاوے سوموار اور جمعرات کے روز غریبوں کو کھانا کھلاوے۔ اگر وقت ملے تو دوپہر کے بعد قبرستان میں جا کر اسی طرح عمل کرے تو جلدی کامیابی حاصل ہوگی۔ پندرہ یوم کے بعد اس کے سامنے عجیب و غریب شکلیں دکھائی دیں گی۔ جو کہ عامل کو ڈرانے دھمکانے کی کوشش کریں گی مگر عامل کو اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ وہ شکلیں دائرے کے اندر قطعی نہیں آ سکتیں اس لئے ڈر کر اپنے عمل کو نہ چھوڑے اکیس یوم کے بعد پھر یہی شکلیں پورا انسانی جسم اختیار کر کے کئی کئی طرح کے اودھم مچانا شروع کر دیں گی۔ بلکہ عامل کے دل کو [illegible] دہلانے کی کوشش کریں گی یا عامل کے عزیز و اقارب کو دکھائیں گی کہ کسی جن نے ان کو مکان کے نیچے کر دینا۔ یعنی مکان یا مال و اسباب کا کچھ ایسا نقصان کریں گے کہ جن کو دیکھ کر عامل کے چھکے چھوٹنے لگیں گے۔ مگر عامل کو دل کا مضبوط رہنا چاہیے۔ اور سب نقصانات صبر و استقلال کے ساتھ ساتھ برداشت کرتے رہنا چاہیے۔ اسی لئے ہم بار بار ناظرین کو یہ ہدایت کرتے آئے ہیں کہ اس طرح کے کام کرنے والوں کو ہمیشہ دل سخت رکھنا چاہیے۔ کمزور دل انسان اگر ایسے کام کو ہاتھ میں لے گا تو آگے سے بھی زیادہ مصیبت میں پھنس جائے گا۔ جان بوجھ کر بغیر سوچے سمجھے ایسے کاموں میں ہاتھ نہیں ڈالنا چاہیے کیونکہ ایسے بھوت سدھ ہونے کے بعد بھی داؤ لگنے پر پھر وار کرنے سے نہیں چوکتے۔ اس وجہ سے ہر وقت ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔ عامل کو چاہیے

کردی عمل جو کہ قبرستان میں کرتا ہے۔ پہلے ہی دن اپنے مکان کے چاروں طرف ایک لکیر کھینچ کر گیارہ سو مرتبہ مذکورہ بالا آیت کو پڑھ کر دم کرے اور ایک سو آٹھ مرتبہ اس نقش کو لکھ کر اپنے مکان کے باہر کے دروازے کی دہلیز میں گاڑ دے۔ تاکہ وہ بھوت اس کا کچھ نقصان نہ کر سکے۔ پھر اٹھائیس یوم تک یہ عمل جاری رکھے۔ اور تصور دل میں اپنے محبوب کا کرے جتنے روز عمل کو جاری رکھے۔ نہائے بالکل نہیں۔ صرف منہ ہاتھ دھو کر بیٹھ جاوے۔ دس منٹ تک چراغ کی طرف دیکھ کر تین منٹ تک آسمان کی طرف دیکھے۔ اور اگر اس دوران میں کوئی تازہ مردہ دفنایا جاوے تو اس قبر کی مٹی لے کر اس پر اپنے روزانہ عمل سے زیادہ ایک سو آٹھ مرتبہ مذکورہ آیت پڑھ کر دم کر کے اسے ہر وقت اپنے پاس رکھے۔ نظر جھکانے کی کوشش نہ کرے۔ بلکہ ٹکٹکی باندھ کر ہر وقت اپنے پاس رکھے ہوئے چراغ کی طرف دیکھتا رہے۔ اس کے لئے عمل شروع کرنے سے پہلے کچھ دنوں تک پریکٹس کرے۔ ایک ماہ بعد اتنی زبردست اندھیر چلے گی کہ عامل صاحب کا وہاں ٹھہرنا دشوار ہو جائے گا۔ مگر عامل کو چاہیے کہ اپنے ارادوں پر ثابت قدم رہے۔ اگر وہ اندھیری کے وقت بھی ثابت قدم رہا تو

پھر ایک امتحان وہ بھوت اور لے گا۔ عامل کو دلیری کے ساتھ اس امتحان کا پرچہ بھی کرنا چاہیئے اگر سب امتحانوں میں عامل پاس ہو گیا تو جو تھیں دن کے بعد وہ بھوت خود حاضر ہو گا۔ پہلے تو وہ عامل کو ڈرائے گا اور کہے گا کہ میں تم کو جان سے مار دوں گا ورنہ میرا خیال چھوڑ دو۔ اگر عامل اس کے بھرے میں آگیا تو پھر وہ بھوت بہت اودھم مچائیے گا اور طرح طرح کے دکھ اس کو دیوے گا اس لئے عامل کو چاہیئے کہ اسے کہے کہ میں تیرا ہی عاشق ہوں مجھ کو سوائے تمہارے اور کسی کی ضرورت نہیں۔ تم خواہ کتنے بھی ظلم مجھ پر کرو۔ میں برداشت کروں گا۔ مگر تم کو نہیں چھوڑوں گا۔ اگر عامل کو وہ بھوت کوئی لالچ وغیرہ دیوے تو عامل کو ہرگز ہرگز اس جھانسے میں نہیں آنا چاہیے۔ بلکہ اس کو یہ بات کہے کہ خواہ ہفت اقلیم کی دولت مجھ کو مل جائے مگر اس کے مقابلے میں تم کو میں اچھا سمجھتا ہوں۔ جب عامل اس کے کہنے پر کسی طرح بھی نہ مانے گا تو بھوت خود بخود ہی نرم ہو جائے گا۔ اور وہ کہے گا کہ اچھا اگر میں تمہارے پاس آجاؤں تو تم مجھ کو کھانے کے لئے کیا دو گے۔ عامل کو چاہیے کہ جتنی خوراک روزانہ وہ اس کے لئے مہیا کر سکے اس سے زیادہ ہرگز نہ مانے ورنہ تکلیف پاوے گا۔ ازاں بعد ایک پان اس کو اپنی دوستی کا کھلاوے۔ جس سے وہ پھر اس کے ساتھ برا نہ کر سکے گا۔ بلکہ دوستوں کی طرح اس کا ہر کام کرے گا۔ مگر عامل کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہر کام میں اس کا مشورہ لے لے۔ اس سے وہ بھی خوش رہے گا اور پھر اسے مشورہ بھی ایسا دیوے گا کہ جس میں عامل کا بھلا ہو۔ مگر خبردار جس کام سے وہ عامل کو باز رکھے اسے ہرگز ہرگز کرنے کی کوشش نہ کرے۔ اور جو کام اس بھوت کی طاقت یا اختیار سے باہر ہو یا ناجائز ہو۔ وہ کام اس سے کرنے کو ہرگز نہ کہے۔ ورنہ تمام عمر کے لئے اپنے ہاتھوں سے ایک سچے اور وفادار دوست کو کھو بیٹھے گا۔ پس اس کے بلانے اور چھوڑنے کی ترکیب پوچھ لے۔ اور پھر حسب ہدایت کام کرے۔

میدان میں بیٹھ کر بھوت سدھ کرنا

کنوار مہینے کے دوسرے اتوار کو اگر اسلیکھا نچھتر ہو تو اس روز صبح سورج نکلنے سے

پیشتر اٹھ کر نہا دھو کر اپنے مکان سے شمال کی طرف کسی کھلے میدان میں چلا جاوے اور اپنے ساتھ ایک کورا چراغ روغن گنجد، دھوپ، گوگل اور الو کی چربی سیہ کا نکلا اور مشک کافور و پانی کا ایک لوٹا، سیاہ رنگ کا کپڑا اپنے اوپر اوڑھ کر اپنے ارد گرد ایک لکیر کھینچ کر سورج کی طرف منہ کر کے بیٹھ جاوے۔ چراغ کو روشن کرے۔ دھوپ گوگل اور مشک کافور جلاوے بھوج پتر یا تمال پتر لے کر اس کے اوپر سیہ کے نکلے کے ساتھ الو کی چربی سے ذیل کا نقش لکھتا جاوے ایک سو آٹھ مرتبہ لکھ کر سورج نکلنے کے وقت اس کی طرف دیکھنا شروع کر دیوے۔ آنکھ جھپکے نہیں۔ متواتر آدھا گھنٹہ تک سورج کی طرف دیکھ کر پانچ منٹ تک سامنے دیکھنا شروع کرے دل میں تصور اپنے محبوب کا رکھے۔ اگر وہاں پر بیٹھے بیٹھے آندھی یا واودرولا آجاوے تو مذکورہ بالا نقش کو سات مرتبہ بھوج پتر پر لکھ کر اس کے بیچ پھینک دیوے۔ بڑی جلدی کامیابی حاصل ہوگی۔ نقش اور منتر نیچے دیئے جاتے ہیں۔

منتر یہ ہے:۔ اونم نمو کالی کنٹ وکنٹ مہا بھوت نا سے سواہا۔

اس منتر کو سورج کی طرف دیکھتے وقت پڑھنا چاہئے اور کم از کم سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور ہر روز یہ نقش سورج نکلنے سے پہلے لکھ کر سیاہ رنگ کے کپڑے کے ایک کونے میں باندھ لیا کرے۔ پھر سورج کو دیکھنا شروع کر دیوے اور

اوم

٣٥	١١	١٧
٣٢	١٤	١٣
٣٨	٣٧	٣٢

ساتھ ہی ساتھ مذکورہ بالا منتر کو پڑھتا جاوے جس وقت آنکھ جھپکے یا تھک جاوے تو پانچ منٹ تک سامنے کی طرف دیکھنا شروع کرے۔ دوسرے روز آدھا گھنٹہ زیادہ بیٹھے۔ تیسرے روز اس سے زیادہ حتیٰ کہ عمل کو روز روز بڑھاتا جاوے۔ اور بیٹھے ایسی جگہ پر جہاں عام لوگوں کی آمد و رفت نہ ہو۔ اس طرح سے دوپہر کے سورج کو دیکھے اور اپنے عمل کو جاری رکھے اور آنکھ تھکنے پر سامنے کی طرف دیکھ لیا کرے۔ پھر آہستہ آہستہ سورج کو مغرب کی طرف جاتے ہوئے دیکھے اور منتر کو اکیس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اس طرح سے اس کی آنکھوں میں بھی طاقت آتی جاوے گی۔ یہاں تک کہ آنکھوں میں ایک برقی طاقت پیدا ہو جائے گی۔ جس طرف وہ دیکھے گا اور جس مطلب کے لئے دیکھے گا وہی کام اس کا پورا ہو جاوے گا۔ دوران

عمل کھانا صرف ایک مرتبہ روزانہ کھاوے۔ رات کو سونے سے پہلے دل میں تصور اپنے محبوب کا رکھ کر تین ہزار مرتبہ مذکورہ بالا منتر کو پڑھے۔ صبح اٹھ کر سیدھا اپنے کام پر جاوے۔ ڈیڑھ ماہ کے بعد اس کا کچھ نہ کچھ گھر پر نقصان ہوگا۔ اگر کوئی گھر پر سے اس کو بلانے آوے تو جب تک پورا عمل ختم نہ کرے گھر پر ہرگز نہ جاوے۔ یہ اُس کا پہلا امتحان ہے۔ اس کے بعد اس کے اور اس کے گھر والوں کے کھانے میں گندگی پھینک دیا جایا کرے گا مگر عامل کو ان باتوں کا ذرا بھی خیال نہ کرنا چاہیے بلکہ جب کھانا پکانے لگے تو تھوڑا سا کھانا پہلے اپنے محبوب کے نام کا نکال کر ڈال دیا کرے یا چھوٹے چھوٹے بچوں کو کھلا دیا کرے۔ مگر اس بات کا خیال رکھے کہ اپنے بچوں کو وہ کھانا نہ دیوے بلکہ بہتر تو یہی ہے کہ کسی کے بچے کو بھی نہ دے اور سب کا سب چرند پرند کو کھلا دیوے۔ تب خود کھاوے۔ جہاں تک ہوسکے نمکین غذا بہت کم کھاوے۔ عمل کرنے کے وقت جاتے ہوئے یا آتے ہوئے کسی کے ساتھ گفتگو نہ کرے۔ جب گھر پر آجاوے تو تازے پانی سے کلی کرکے ایک لونگ منہ میں رکھ لے اور پھر کسی کے ساتھ ہم کلام ہو۔ اتوار کے روز جوار کے دانے پکا کر یا بھون کر غریب غربا میں تقسیم کرے۔ ہر اتوار کے دن ایسا ہی کرے۔ عمل کو پڑھتا جاوے۔ تصور کو مضبوط کرے اور ایکانت میں سویا کرے تو رات کو خواب میں وہی بھوت طرح طرح کی شکلیں اختیار کرکے تم کو دکھائی دیا کرے گا۔ اگر وہ کسی انسانی شکل میں دکھائی دیوے تو اس شکل کا تصور باندھے اور سونے سے پہلے اپنی چارپائی پر بیٹھ کر یا جس جگہ سوتا ہو بستر پر ... دیکھ کر اس کا تصور باندھ کر آنکھیں بند کرکے دل کے اندر اسے اس کو دیکھے اور کم از کم پندرہ سٹ تک ایسا کرکے سویا کرے۔ اگر اس کو خواب میں کچھ تکلیف دے تو صبح اٹھ کر تھوڑا سا ماش (اڑد) کا آٹا لے کر اس کی گولیاں میدان میں اپنے ساتھ لے جاوے اور اُن گولیوں پر ایک سو آٹھ مرتبہ مذکورہ بالا منتر پڑھ کر دم کرے اور شام کے وقت کسی دریا یا تالاب میں ڈال دیا کرے۔ ڈیڑھ ماہ کے بعد وہی بھوت طرح طرح کی شکلیں بنا کر اس کے روبرو ظاہر ہوگا اور عامل کو ڈرانے کی ہرچند کوشش کرے گا۔ مگر عامل کو دل کا سخت ہونا چاہیے۔ اگر اس طرح سے اس کو کوئی کامیابی حاصل نہ ہوئی تو پھر وہ بھوتوں کا لشکر لے کر وہاں پر آئے گا جو کہ سوائے عامل کے اور کسی کو نظر نہیں آئے گا۔ وہ لشکر کئی ایک ایسے کام کرے گا جو کہ انسانی طاقت

کر ہی نہیں سکتی ۔ ان کے ان کاموں کو جن عاملوں نے دیکھا ہے ان کا بیان ہے کہ بڑے بڑے دلیر مردوں کے حوصلے بھی انہیں دیکھ کر پست ہوجاتے ہیں ۔ کیونکہ یہ اس کا آخری امتحان ہوتا ہے ۔ آزادی ہر ایک کو پیاری ہوتی ہے ۔ بازو میں طاقت ہوتے ہوئے کون کسی کا غلام ہونا منظور کر سکتا ہے اس لئے جہاں تک بھی ہو سکتا ہے وہ عامل کے قبضہ میں نہ آنے کی ہی کوشش کرے گا اگر عامل ایسے موقعہ پر اس سے خوفزدہ ہو گیا تو پھر وہ بھوت اس کو جان سے تو نہ مارے گا بلکہ ہر وقت اس کے پیچھے پڑا رہے گا اور طرح طرح کے اسے دکھ دیتا رہے گا اس لئے عامل کو یہ خیال رکھنا چاہیے کہ وہ بھوت خواہ کیسا بھی خوفناک شکل کیوں نہ اختیار کرے مگر اس کے نزدیک قطعی نہیں آسکتا ۔ کیونکہ حفاظت کے لئے اس کے چاروں طرف ایک لکیر جو کھینچی ہوئی ہے ۔ اور اگر دل میں کچھ خوف بھی معلوم ہو تو عامل کو چاہیے کہ چند دانے رائی کے اپنے ہمراہ رکھے اور ان کے اوپر گیارہ مرتبہ مذکورہ بالا منتر کو پڑھ کر دم کر کے اس لشکر کی طرف پھینک دیوے ۔ ایسا کرتے ہی وہ تمام بھوت فوراً وہاں سے بھاگ جائیں گے اور اس ایک بھوت کو وہیں پر چھوڑ جائیں

گے۔ عامل کو چاہیے کہ جس وقت لشکر بھاگ جاوے تو لوہے کا چمٹا لے کر اس بھوت کی طرف دم کر کے پھینک دیوے تو وہ اس کے سامنے حاضر ہوگا تب اس کو بیٹھ جانے کو کہے اور ساتھ ہی رعب دار آواز میں یہ بھی کہے کہ آج سے تم کو میرے ساتھ رہنا ہوگا اگر وہ کسی قسم کی انکار کرے تو عامل کو چاہیے کہ فوراً رائی کے دانے اٹھا کر ان پر تین مرتبہ وہی منتر پڑھے۔ پھر وہ دانے اس کے منہ پر مارے وہ ہاتھ جوڑ کر منتیں کرے گا اور اس کے ہر حکم کی تعمیل کرے گا۔ مگر ایسے بھوت سے ہمیشہ خبردار رہنا چاہیے کہ داؤ لگنے پر وہ حملہ کرنے سے باز نہ آئے گا۔ اس لئے ہر وقت کوئی نہ کوئی کام اس کے لئے سوچتے ہی رہنا چاہیے اگر ایک منٹ کے واسطے بھی اس کو بے کار چھوڑا گیا تو وہ غضب کر دے گا۔ آسان طریقہ اسے کام میں لگائے رکھنے کا یہ ہے کہ ایک اونچا بانس بھوت سے منگا کر کہے کہ اسے صحن کے ایک کونے میں گاڑ دے اور جب کوئی کام نہ ہو تو وہ اس پر چڑھتا اترتا رہے۔ جس وقت سامنے آوے تو تمام شرائط طے کر لو۔

ساتواں حصہ

لنکا کا جادو

خاوند کو وش کرنے کا منتر

اوم ...رنی گھاکی کرو ٹھہ ٹھہ اوم سواہا۔ ہیں کلیں عسکر نام نمسکرو پھٹ پھٹ سواہا۔

ترکیب:۔ پنڈلی پکشی کو کرشن پکش کی پروا کے دان پکڑے اور سات بار منتر لو پڑھ کر اس کے اوپر پھونکے پھر ... ایکانت جگہ میں جا کر ایک ہی وار میں ... ن کی گردن کسی تیز چھری سے الگ کر کے ما... پکا کر کھاوے تو خاوند وش میں ہو۔

دیگر پتی وشی کرن جنتر۔

ترکیب :- اس جنتر کو بھوج پتر پر کرشن پکشی اکادشی بھرنی نچھتر میں انار کی قلم سے لکھ کر ایک سو اکیس مرتبہ آٹے کی گولیوں میں رکھ کر مچھلیوں کو کھلادے اور سب سے بعد کی گولی کو چاندی کی تعویز میں مڑھ کر داہنی بھجا پر باندھے تو اس کو پتی وش میں ہو۔

موہنی منتر

اوم اڑا مار شوراسے سرد جگن کو ہی نام ہوں۔ فٹ فٹ ہوں ہوں سواہا۔

ترکیب :- اس منتر کا ایک لاکھ بار جپ کر سدھی کر لیوے۔ پھر آگے کہیں ہر ایک ودھی منی سات بار پڑھ کر تلک ماتھے پر لگاوے تو سب موہت ہوں۔ یہ سدھ ہوں۔

سیندور موہنی تلک

کنکم اور سیندور کو لاوے

گور جن بھی ساتھ ملاوے

آنولا رس میں پھیر گھلاوے

دا کا سندر تلک لگاوے

دیکھ جگت موہت ہو جاوے۔

دیگر موہنی تلک!

سہدیوی کے سورس میں تلسی بیج ملائے
پیس تلک ردیوار کو کرے جلت موہ جائے

دیگر موہنی تلک!

مینسل اور کافور لیجئے
کیلے کے رس تاہی ملائیے
تلک دیکھے بھلی پرکار
شو کہیں موہت ہو سنسار

دیگر موہنی تلک!

ہڑتال اور اسگندھ کا چورن لیوے
گوروچن سنگ پیسے۔ کیلا رس ڈال جائے
جگ موہے دیویں تلک اس بن مشنائے

استری موہنی!

کچھپ نکھ ہوچھ کر گل لادے
مونگ پنکھ سنگر وے چاروں ملادے

دیکھ ہو کہیں اتی سندر ناری

سر ڈارد ہوے تو پیاری

دیگر استری موہنی

زیرا۔ کنگنی۔ آک کی جڑ اور موتھا۔ ان سب کو خون میں پیس کر ملا لیوے اور ماتھے پر تلک لگادے تو جو استری اس کو دیکھے وہ موہت ہو جاوے۔

راج کل موہنی

نیل کمل گوگل اور اتنا ہی اگر ملا کر اپنے سب بدن پر دھونی دے کر جائے تو دیکھتے ہی راج کل وش میں ہو۔

سرو موہنی تلک

کاکڑا سنگی چندن بچ کوٹ

مہیں ملائے بنا دے دھوپ

پھر وستر سم او سے لگا دے

تو پکشی موہت ہو جاوے

سب سے بہتر آسان موہنی تلک

بیل پتر کو لائے کر۔ چھایا میں سکھائے

کپل گائے کے دودھ میں۔ گوڑ و بنوائے

جب چاہا گوں گھ تلک کر رشائے

نشچہ کرکے جان لے۔ جگ وش میں ہوجائے

جل استھم بھن منتر!

اوم نمو بھگوتے جل استھمبھن کرو۔ کرو۔ ہوں پھٹ۔ سواہا۔

ترکیب:۔ سانپ اور نیولے کی چربی اور بغیر زہر کے سانپ کے بچے کا سر تیل ملا کر یتھا ودھی سدھی کرے۔ پک جانے پر وہ تیل لوہے کے پاتر میں کرشن پکش کی اشٹمی کو رکھ چھوڑے۔ ایک ہزار منتر سے آٹھ مرتبہ گھی کا ہون کرے۔ اسی منتر سے اسپرش کرے تو جل استھر رہے۔ یہ منتر بڑا شکتی شالی ہے۔ اس کو ودھی پوروک سدھ کرنے سے بڑے کام کا ثابت ہوسکتا ہے۔

بدھی استھم بھن تنتر!

اونگا اور بھنگرہ لیں۔ سر سول شویت اور سہدیئی

زمیں قند نیز آک سفید۔ لائے سو تم ان کا بھید

دو دن لوہ پاتر میں دھر دیجئے۔ پیس چھان کر گلدی کریئے

تلک لگائے جہاں بھی جائے۔ دولن بدھی نشٹ ہوجائے

دیگر بدھی استھم بھن تنتر!

اُلوک وشٹھا چادائے۔ چھایہ شوشکا نو کار بیت

ناموے رلپوے دیسم۔ بدھی استم بھن منتم۔

یعنی:۔ اُلو پکشی کی وشٹھا لا کر چھایا میں سکھالے پھر پان میں رکھ کر دشمن کو کھلادے تو اس کی بدھی اور شیہ ہی نشٹ ہوجائے گی۔ اور وہ دُنیاوی کاموں کا قطعی نہیں رہے گا۔

راجہ وشی کرن جنتر

سورج گرہن کے دن زعفران اور مشک کپل گائے کے دودھ میں گھول کر انار کی قلم سے بھوج پتر پر لکھے اور ودھی پوروک ہون پوجا کر کے داہنی بھجا پر باندھے اور اسی ساہی کا تلک ماتھے پر لگادے۔ اور یہ دھیان رہے کہ جنتر چاندی کے تعویز میں منڈھوا کر بازو پر باندھے۔ پھر راج دربار میں جاوے تو عزت پاوے۔

اوم
ہریں ہریں
فٹ ۱۰۸ ۱۰۸ فٹ
۱۱ ۱۱
ہوں ہوں
۱۰۸ ۱۰۸
کلین سواہا کلین

راجہ وشی کرن منتر

اوم دھوں ہیں ہیں دھادھالو جنت دردت دباجان کنشادہ مانگی مہان اماں انگھچھ چھ۔

ترکیب:۔ سفید ریشمی کپڑے پہن کر اتول کی مالا لے جپ کرے۔ سفید درگا اور کاسنی کے پھول کی اگنے آہوتی دے تو راجہ نسادھک کے دش ہو کر من چاہا کام کرے۔

ویشیہ وشی کرن

اوم کنک کاکنی اٹھا پاٹھ شول راجہ پانچال پانچال اوں یاں زیاں یاں یاں فٹ سواہا۔

ترکیب:۔ بیل کے پیڑ کے نیچے کالے مرگ چھر آسن پر بیٹھ کر۔ سفید کاسنی کے پھول اور بیل پتر لے کر منتر پڑھ پڑھ کر اگنی سے آہوتی دے۔ جس ویشیہ کا من میں دھیان کرے۔

فوراً وش میں ہو۔

دُشمن پر فتح حاصل کرنا

اگر تمہارا دشمن بہت بلوان ہے۔ اور کسی طرح تمہارے قبضے میں نہیں آتا نیچے کا منتر پڑھ کر ایک کٹوری آگ کا دودھ راستے میں رکھ دے۔ دشمن لگے روز سے ہی بے چین ہو جائے گا۔

دیگر دُشمن ہرانے کا منتر

مندرجہ ذیل منتر کو دشمن پر ایک سو آٹھ بار پڑھ کر پھینکے تو دشمن کا دمن ہو کر شرطیہ تمہاری جیت ہوگی۔ ایسا نشچے کر کے جاننا چاہیے۔

منتر یہ ہے۔ اوم شتر ودمنم ہوں فٹ سواہا۔

بعد ازاں ایک کنکری اٹھا کر منتر پڑھے اور دشمن کی طرف پھینک کر مارے۔

مسان جگانے کا منتر

اوم ہی کی لکیل کپر دلی کٹ مری۔ اڈ لبری۔ ہنکار۔ بکار تھہ۔

ترکیب :۔ اتوار کے دن نیم کی ٹہنی سے جھاڑے تو پریت کی بادھا دور ہو۔

پشو کا دودھ بڑھے

اوم جل بل تھل۔ تھالہ بامی ادبال بہ۔

ترکیب :۔ منتر پڑھ کر سات بار اپلی کی لکڑی پر پھونکے اور اس لکڑی کو جلا کر اس کی آنچ میں گوگل رکھ کر تھن سینک دے تو پشو کا دودھ بڑھے۔

شیر باندھنے کا منتر

"اوم منو ہکال بکال الکھی کھل کھل۔ بدھت جائے جا ہوت جا ہوت۔"

ترکیب:۔ اس منتر کو اکیس مرتبہ املی کے پھول پر پڑھ کر شیر کی طرف پھینک دے، تو شیر بندھے۔

ٹڈھی دور کرنے کا منتر

"اوم آمیر ۔ن کا تیر الٹا آیا۔ سیدھا جائے اٹیک۔"

ترکیب:۔ کاغذ پر لکھ جہاں ٹڈھی ہو۔ وہاں پر آگ لگا دے تو ٹڈھیاں بھاگ جائیں۔

ٹونے کا منتر

"اوم کلک کپاٹ بجر پار۔ لنکا اٹک پلکا۔ پھلک پھلانگ پتی کی واچہ ستیہ۔"

ترکیب:۔ کنڑے کی روشنی میں اس منتر کو بچے کے نام اکیس بار پڑھے اور گوگل وغیرہ کی دھوپ دے کر اس کے دھوئیں میں پوری ایک گھڑی تک بچے کو رکھے تو ٹونہ دور ہو۔

موہنی پتلی وشی کرن منتر

"باندھوں اندر کو۔ باندھوں تارا۔ باندھوں دو لوہے کی دھارا۔ اٹھے اندر ٹ بدلے گاؤں لکھیہ ساکھ پوری ہو جاتے۔ بن اور دلو کا کٹرسیاں اوپر لو سوت۔ میں تو تھندن باندھ ہو۔ ساموسسر جایا پوت سن باندھوں من نیت باندھوں دو دیا دے ساتھ چار کھونٹ لو۔ پھر آئے فلانی فلانے کے ساتھ گورد گورد سواہا۔"

ترکیب:۔ مارن۔ اچاٹن۔ استھم بھن اور ودویشن میں کم کنیا گنٹ کا جاپ کیا جاتا ہے۔ اور اگنی گرہ میں صرف ہون فٹ اور اگنی کرم۔ دیو کرم میں سواہا۔ یہ کہہ کر ہوم کرنا چاہیے۔

ایک تھالی بنولے کی لادے۔ جس میں سے اکتالیس بنولے لیکر ایک ایک کو اکتالیس مرتبہ منتر سے آدھی رات کے وقت آگ میں ڈالے۔ تین دن میں منتر تم پورا ہوگا۔ اس میں سندیہ نہیں۔

راجہ وشی کرن کا منتر

اوم نمو آدیش گرد کا۔ جلا باندھوں۔ شہر باندھوں۔ اگنی باندھوں وا رن باندھوں۔ شو پتر پرچنڈ باندھوں۔ راجہ کا اک رسا آسن چھوڑ مجھے دیس دیشی اصلی جو کوں چندن للاٹ ٹیکو کانڈمی مسترن کھاؤں پور گرد کی ادکتی میری کوت گرد منتر ایشور د واچہ۔

ترکیب:۔ دھوپ۔ دیپ۔ خود بیٹھ کر ماتا پاروتی کا دھیان کرے۔ بروز سنیچر اکیس دن ایک سو اکیس جاپ کرے۔ منتر سدھ ہوگا۔ بعد ازاں کنکم۔ چندن۔ گورو چن ملا کر گائے کے دودھ میں تلک کر راجوں مہاراجوں۔ حاکموں یا افسروں کے سامنے جاوے تو دیکھتے ہی سب وش میں ہوں۔

استری وشی کرن

کالا نمک بھونورے کے پنکھ۔ کرمول۔ سفید لونگ اور کوڑی۔ ان سب کا چورن بنا کر عورت پر چھوڑے۔ وہ داسی ہوجائے گی اور اس مرد کے ہر حکم کو ماننا اپنا اول فرض سمجھے گی

دیگر لیپ

سیندھ نمک۔ شہد۔ کبوتر کی بیٹ کو پیس کر جو آدمی اپنے لنگ پر لیپ کر عورت کے پاس جاوے اور اس کے ساتھ زنا کرے وہ عورت ہمیشہ کے لئے وش ہوجائے۔

دیگر

گوردچن۔ گورد۔ کیسر اور چندن اُن کو دھتورے کے رس میں پیس کر جو منوشیہ اپنے لِنگ پر لیپ کر کے عورت کے ساتھ رَمن کرے وہ ضرور ہی عورت کے دل میں بس جاتا ہے۔

وشی کرن تلک

بٹ پیڑ کے انکور کو پان میں گھس کر اس میں بھسم ملا کر اس کا تلک لگانے سے سب لوگ وش میں ہو جاتے ہیں۔ یہ آزمودہ پریوگ ہے۔ کام میں لاویں۔

سوامی وشی کرن منتر

مُدمعولی کے پھل کی گٹھلی کی مالا لے کر سورج پرب میں ندی کے کنارے آخری پیڑ کے نیچے سوموتی اماوس کے دن کشاؤں کے آسن پر بیٹھ کر جپ کرے تو سوامی یا خاوند اس عورت کے وش میں ہو۔

منتر یہ ہے۔ اوم چھوں چھوں چھان چھان جھوں فٹ فٹ۔ سواہا۔

اَتھ آکرشن پریوگ

آکرشن؛ دھی وکشیت شر نوسدھی پر تین نہ
رگیہ پر جا... سر دیشام ستیہ ماکرشن بھویت
برش... ... ... رم ردچن سنیلو پتم۔
... ... تینیہ بھوزج پتر تت لکھپت

منتر نام لکھے مدھیے ناپ بیت کھدیا گنی نا

شت یوجن گوبانی نکھر یا یاتی نامیے تھا

انا مکا یار کنئے نہ سکھے مدھیہ منتر بھوج کیے

یسیہ نام لکھیت مدھیہ مدھو مدیچ نکشپیت

تین چار ک شنات سدھ یوگ اواست

لیسے کسمئے نہ داتو ریہ ناپنتھا مم پڑھ۔

برہم ڈنڈو سماواے ہوشیار کیتو دچورن کریت

کابار نا کامنی درشٹوا تماگے تونکشی پیت

پرشٹھت ساسمایانی نانیتھا سئے بھاشنام

ترکیب:۔ بھوج پتر پر کالے دھتورے کے رس میں گوروچن ملا کر کیسر کی قلم سے جس پر آکرشن کرنا ہو اس کا نام لکھے اور اس نام کے چاروں طرف منتر مندرجہ بالا منتر لکھے۔ پھر کھیر کی لکڑی جلا کر بھوج پتر کو اس پر بنا دے تو جس پر پریوگ کیا جائے گا۔ وہ خواہ کتنی بھی دور کیوں نہ ہو۔ فوراً ہی کچھ دنوں کے اندر آ کر تمہارے ساتھ مل جائے گا۔

دوسری ترکیب:۔ ناگا لنگی کے لوہے سفید کنیر کی لکڑی کی قلم بنا کر بھوج پتر پر ان کا نام لکھے اور چاروں طرف منتر کو لکھ کر شہد میں ڈبا دے۔ تو اس پر آکرشن ادشیہ ہو جائے گا۔ اور جہاں بھی ہو گا۔ فوراً تمہارے پاس چلا آئے گا۔

تیسری ترکیب:۔ جس اتوار کے دن پشیہ نچھتر ہو اس دن برہم ڈنڈی لا کر چورن بنا لے اور جس عورت پر چھڑک دے۔ وہی کا مدیوے پیڑت ہو کر تمہارے پاس بھاگی چلی آوے۔ چاہے سات تالے میں بھی اس کو بند کر دیا جائے۔

اتھ آکرشن منتر

"اوم نمو آدی پروشائے۔ امو کسیہ آکرشن کرو کرو سواہا"

ترکیب:۔ مندرجہ بالا منتر کو ایک لاکھ مرتبہ جپے اور دھوپ دیپ نیویدت ... سے منتر سدھی پراپت ہو۔

شترو دمن کی ترکیب
اس منتر کو دشمن پر ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھ کر پھینکے تو دشمن کا دمن ہو گا۔ اور اپنی جیت ہو۔ یہ نشچہ ہے۔ منتر ذیل میں درج ہے۔

"اوم شترو دمنم ہوں پھٹ۔ سواہا" اس منتر کو ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھ کر مارے تو دشمن زیر ہو۔

دشمن پر فتح حاصل کرنا
اگر تمہارا دشمن بہت بلوان اور زبردست ہے۔ اور کسی طرح تمہارے وش میں نہیں آتا تو مندرجہ ذیل منتر کو پڑھ کر ایک کٹوری میں آک یا مدار کا دودھ بھر کر راستے میں رکھ دے۔ بیری اگلے دن سے ہی کتے کی طرح ہو جائے گا اور تمہارے ساتھ پھر کبھی دشمنی کرنے کو تیار نہ ہو گا۔ منتر ذیل میں درج ہے۔

"اوم بیری ناشک۔ دوش دُودرم۔ ہوں۔ پھٹ۔ سواہا۔"

سرو جن وشی کرن منتر
اوم نمو آدیش گرو کا۔ راجہ موہوں۔ پرجا موہوں۔ موہوں پر جا بیٹھا۔ ہنومنت ردیپ میں جگت لو موہوں جو رام چندر پر بیٹھا۔ گرد کی شکتی میری بھگتی۔ پھر منتر ایشورو واچہ۔

ترکیب:۔ اس منتر کو پہلے اکیس دن تک ایک ہزار جاپ۔ اور چندن۔ پھول۔ دھوپ۔ دیپ نیویدیہ سے روز بروز کرتا رہے۔ تو رام چندر جی کا دھیان کر کے۔ چورا ہے کی دھول اٹھا کر اس پر اکیس بار اس منتر کو جپ کر ماتھے پر تلک لگائے۔ پھر جہاں بھی وہ جاوے۔ جس سے باتیں کرے جو بھی اسے دیکھے۔ وہ وش میں ہووے۔

وشی کرن منتر

"اوم موڈی۔" ترکیب:۔ بغیر کھانا کھائے۔ اس منتر کا پانچ سو مرتبہ جاپ کرے تو راجہ۔ مہاراجہ۔ عورت مرد اور بند ہو۔ اور دیگر رشتیداران سب کے سب اس کے وش میں ہوں۔

وشی کرن پشپ منتر

"اوم چامنڈلے۔ جے جے وشیم کرو جے جے سار سوتیہ نمہ سواہا۔"

ترکیب:۔ اس منتر کو دس ہزار مرتبہ جپو۔ اتوار یا موموار کو منتر سے ابھی منترت کیا ہوا پشپ جس کو دیا جائے گا وہ خواہ راجہ۔ حاکم مجسٹریٹ۔ افسر یا دیگر رشتے داران میں سے کوئی بھی ہو۔ اس کے وش میں ہو جائے گا۔

تربھون وشی کرن منتر

اوم نمو بھگوتی ماتیشوری سرو جن جنی سر دیہاں مہا ماہے ماتنگے کمار یکے تد تد۔ جھوے سرو لوک وشیم کرو کرو سواہا۔ ترکیب نیچے درج ہے۔

دس ہزار جاپ کرنے سے یہ مہا منتر سدھ ہوتا ہے۔ چندر گرہن کے وقت شویت وشنو کرانتا کی جڑ گرہن کو فاس کا انجن آنکھوں میں لگائے تو نشچے ہی تربھون اس کے وقت میں ہو۔ میفسل۔ گورو جن۔ تانبول ملا کر تلک لگا کر جس کے ہمراہ بھی گفتگو کرے وہ اسکے ضرور وش میں ہو۔ شکل پکش کی ترودشی کے دن سفید گھن گھمچی کی جڑ لاکر پان کے ساتھ جس کو بھی کھلادے وہ شرطیہ اس کے وش میں ہو۔ یہ ایک آزمودہ پریوگ ہے جس کو ہزارہا آدمی سدھی کر کے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ آپ بھی اس موقعہ کو ہاتھ سے قطعی نہ جانے دیں۔

آٹھواں حصہ

امریکہ کا جادو

آدمی کا سر کاٹ کر جسم سے ایک گز کے فاصلے پر تھالی رکھنا اور پھر زندہ کر کے حاضرین کو دکھلانا :

یہ شعبدہ بہت ہی عجیب و غریب اور لوگوں کو حیران کر دینے والا ہے۔ یعنی امریکہ والوں نے جب اس کھیل کو ایجاد کیا اور پہلے پہل لوگوں کے سامنے دکھایا تو حاضرین میں تہلکہ مچ گیا۔ لوگ دانتوں تلے انگلی داب کر کھیل دکھانے والے پروفیسر صاحب کی تعریفوں کے پل باندھنے لگے۔ یہ کھیل اس طرح پر کیا جاتا ہے کہ تمام حاضرین کے روبرو سر کاٹ دیا جاتا ہے اور پھر وہی سر ایک گز کے فاصلے پر ایک تھالی کے اندر جا پڑتا ہے۔ بعد ازاں پھر وہی سر اسی شخص کے گردن پر جا لگتا ہے اور وہ آدمی بھلا چنگا ہو کر لوگوں کے سامنے ہنستا ہوا کھڑا ہو جاتا ہے۔ لوگ یہ دیکھتے ہی حیران و ششدر رہ جاتے ہیں۔ اس کھیل کو کرنے کی ترکیب درج کی جاتی ہے۔ ذرا غور سے پڑھیں اور فائدہ اٹھائیں۔

ترکیب :۔ پروفیسر صاحب کو کھیل کرنے سے پہلے سٹیج کے اوپر ایک گڑھا جو کہ کم از کم پانچ فٹ گہرا ہو کھودنا چاہیے۔ اس کے اندر ایک عمدہ اسپرنگ لگا کر اس کے ساتھ ایک کمانی لگا دینی چاہیے تاکہ اسپرنگ کو بند کرنے اور کھولنے میں سہولت ہو۔ اس اسپرنگ کے اوپر ایک گول سا لکڑی کا تختہ لگانا چاہیے گراس قدر چوڑا ہونا چاہیے۔ جس کے بیچ میں دو آدمی بخوبی بیٹھ سکیں۔ پس جس وقت آدمی ان میں سے تختے پر بیٹھے تو دوسرا آدمی

نیچے سے کمانی کو دبا دیوے اور وہ آدمی جو کہ تختے کے اوپر کھڑا ہوا ہے۔ تختہ کے ساتھ ہی نیچے چلا جاوے۔ یہ کام کر کے ان کو ایک سر مٹی کا ایسا بنوانا چاہیئے جس کی شکل اس آدمی کے ساتھ ملتی جلتی ہو۔ جس کو کہ تختہ کے اوپر کھڑا کرنا ہے کھیل کرنے وقت اس آدمی کے چہرے کو تھوڑا پینٹ کر لینا چاہیئے۔ اور مٹی کے سر کے ساتھ گردن کے قریب لوہے کا ایک کنڈا لگا دینا چاہیئے۔ جو کہ باہر نکلا ہوا ہو اور اس شکل کا ہو (۷) یعنی سات کے ہندسے کی طرح۔ پھر جس وقت کھیل دکھانا منظور ہو۔ اس وقت لوگوں کی نظر بچا کر یا گڑھے کے آگے پہلے میز رکھ کر آگے ایک سیاہ رنگ کا پردہ لٹکا دینا چاہیئے پھر اس آدمی کو اس تختے کے اوپر کھڑا کر دو۔ اور اس آدمی کی چھاتی میں سامنے میز آنی چاہیئے۔ سر کے عین پیچھے اس مٹی کے سر کو کسی چیز کے سہارے کھڑا کر دینا چاہیئے۔ اور اس آدمی کو بھی یہ ہدایت کر دینی چاہیئے کہ جس وقت تم اسپرنگ کے ذریعے نیچے جانے لگو تو فوراً اس کھونٹی کو جس پر کہ مٹی کا سر رکھا ہوا ہے ساتھ ہی گڑھے اندر لے جاؤ۔ اتنا کام کر چکنے کے بعد پروفیسر صاحب کو چاہیئے کہ سب سے پہلے لوگوں پر اپنے کھیل کی حقیقت واضح کرے اور پھر اس آدمی کو لوگوں کے سامنے پیش کرنے کے بعد میں حاضرین میں سے کسی کو اسٹیج کے اوپر بلا کر کے اس شخص کو اچھی طرح سے دیکھ کر لوگوں کا اطمینان کروا دو۔ کہ یہ آدمی جادو کا تو نہیں ہے۔ یا اس کو تار یا بال تو لگا ہوا نہیں ہے جب وہ اچھی طرح تمہارے اس ساتھی کو دیکھ چکے تو پھر تم کو چاہیئے کہ اس آدمی کو میز کے پیچھے اس تختے کے اوپر جو کہ زمین کے لیول کے ساتھ لگا ہوا ہے۔ اس کے اوپر کھڑا ہو جائے اور تم خود لوگوں کو دو چار منٹ تک باتوں میں لگائے رکھو اور اپنی تلوار یا چھری جو کہ محض کھیل کرنے کے واسطے ہی بنائی جاتی ہے۔ اس کو میز کے اوپر سے اٹھا کر لوگوں کو دکھاؤ اور کہو کہ یہ تلوار میرے اس ساتھی کا سر کاٹ کر آپ لوگوں کے سامنے اس میز کے اوپر پڑی ہوئی تھالی میں ٹکیگا۔ دوسری بات جو خاص خیال رکھنے کے قابل ہے وہ یہ کہ ایک اسپنج لے کر اس کو سرخ رنگ کے پانی میں تر کرو۔ یا سرخ رنگ پانی میں گھول کر ربڑ کی گیند میں بھر کر اس مٹی کے سر میں جہاں سے گردن کٹی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ اندر کی طرف رکھ دینا چاہیئے پس جس وقت تم لوگوں کو باتوں میں لگا کر ان کی توجہ کو اپنی طرف رجوع کرو۔ اس وقت تمہارے دوسرے ساتھی کو چاہیئے کہ اس مٹی کے سر کو کسی لوہے کی

تاروں کے ساتھ کھونٹی کے عین اس زندہ آدمی کے سر کے پیچھے رکھ دیوے پھر تم اس آدمی کو جس کا سر کاٹنا منظور ہے۔ وہاں پر جا کر اس کی آنکھوں میں آنکھوں میں آنکھیں ملا کر اس طرح سے دونوں ہاتھوں اس کے منہ اور آنکھوں کے سامنے ہلادے۔ جیسے کہ اس کے اوپر کوئی دکر رہا ہے پس آدمی کو چاہئے کہ ایک دو منٹ تک پروفیسر صاحب کی آنکھوں میں آنکھیں ملائے رکھے۔ میں اپنی آنکھیں بند کرلے جس سے لوگوں کو یہ یقین ہوجائے گا کہ اس شخص پر جادو کا اثر ہا ہے۔ پھر اس آدمی اس تختہ کے اوپر کھڑا کیا جاوے اور عین اس کے سر کے پیچھے مٹی کا سر رکھ دیا جاوے۔ بعد میں پروفیسر حاضرین کو اپنے کھیل سے واقفیت پیدا کرادیں۔ اور کہیں کہ میں اسوقت اپنے ایک عزیز ساتھی کا سر کاٹنے لگا ہوں۔ اس پاک پروردگار کے بھروسہ پر میں یہ کام کرتا ہوں۔ اتنا کہنے کے بعد خود بھی میز کی پچھلی طرف چلا جاوے۔ اور وہ تلوار یا چھری پکڑ کر سامنے کھڑا ہو جاوے۔ اور پہلے کچھ منہ سے

جھوٹ موٹ ہی گن گن کرے تا کہ لوگ یہ سمجھیں کہ شاید یہ پھر کوئی منتر پڑھ رہا ہے۔ پھر ایک دو اور تین کہے اور اپنا تلوار والا ہاتھ اوپر اٹھائے۔ پس تین کا لفظ کہنے پر اس کا دوسرا ساتھی جو کہ گڑھے کے اندر بیٹھا ہوا ہے۔ فوراً اندر سے اسپرنگ کی کمانی دبا دیوے۔ اور پروفیسر صاحب جس وقت اس میں حرکت دیکھیں اس وقت تلوار کا وار اس کے سر پر کریں۔ وہ آدمی فوراً نیچے چلا جائے گا۔ اور مٹی کے سر کو جا کر تلوار لگے گی۔ اور اس کے لگے ہوئے لوہے کے ٹکڑے کے ساتھ تلوار کی دھار چمٹ کر اس سر کو وہاں سے سیدھی میز کے اوپر پڑی ہوئی تھالی کے بیچ لا کر فوراً رکھ دے گی۔ اور اسپنج کے اوپر تلوار لگنے سے اس اس کا سرخ رنگ تلوار کی دھار پر پڑ کر اس کے قطرے نیچے گریں گے۔ جس سے لوگوں کو یہ یقین ہو جائے گا کہ یہ سر کا خون لگا ہوا ہے۔ پس اس تھالی میں پڑا ہوا سر لوگوں کو دکھاؤ۔ اور لوگوں سے اپنے کھیل کی داد لو۔ تھالی کو میز کے اوپر مت اٹھاؤ۔ اور نہ ہی کسی آدمی کو سٹیج کے اوپر بلا کر دکھاؤ۔ ورنہ تمہارا سارا بھید کھل جائے گا۔ لوگ جس وقت تمہارے اس کھیل کو دیکھیں گے۔ تو حیران و ششدر رہ جائیں گے۔ بعد میں تم پھر حاضرین کو مخاطب کر کے کہو کہ اب میں پھر اس سر کو اسی آدمی کی گردن پر لگا کر دکھاتا ہوں۔ اتنا کہہ کر تم میز کے اوپر پڑی ہوئی ایک تار کو اٹھاؤ۔ اور جادو کی چھڑی اٹھانے کے بہانے سے اس تار کا ایک سرا اس سر کے ساتھ لگے ہوئے کنڈے کے ساتھ پھنسا دو۔ اور دوسرا سرا اس گا گڑھے میں بیٹھے ہوئے اپنے دوسرے ساتھی کے پاس پھینک دو۔ اور حاضرین سے کہو کہ اب یہ سر اس تھالی میں سے اڑ کر اس آدمی کی گردن پر جا لگے گا۔ پھر تم لوگوں کو کچھ دیر باتوں میں لگائے۔

اس سر کے اوپر جادو کی چھڑی سے کچھ دیر تک گن گن کرو۔ اور چھڑی کو اس کے اوپر گھماؤ۔ اور ساتھ ہی منہ سے ایک دو کہو۔ دو کے اوپر تمہارا گڑھے کے اندر بیٹھا ہوا ساتھی تار کو تھوڑا سا کھینچے اور سر کو معمولی حرکت دیوے۔ تم لوگوں سے کہو کہ دیکھئے صاحبان۔ ابھی میں نے پورا منتر ختم نہیں کیا ہے کہ سر کو پہلے ہی حرکت شروع ہو گئی ہے۔ اس لئے تم کو پھر چاہیئے کہ کوئی ایسا لفظ منہ سے نکالو اور ساتھ ہی کوئی اشارہ بھی کرو۔ جس سے لوگوں کو یہ معلوم ہو کہ یہ اپنے کھیل کو پورا کرنے کے لئے ہی ایسا کام کر رہا ہے۔ بعد میں پروفیسر کو چاہیئے کہ اس آدمی کو میز کے پیچھے جا کر دیکھے اور اشارے سے کہہ دیوے کہ خبردار رہو۔ اب کام کرنے

کا موقع ہے۔ پس پھر لوگوں کو چند منٹ تک باتوں میں لگائے رکھے۔ اور مسمریزم کے علم پر تھوڑا لیکچر دیوے۔ یا اس آرٹ کی تعریف کرے۔ بعد میں لوگوں سے کہے کہ لیجئے صاحب یہ سر اب پھر وہیں جا کر لگے گا۔ پس تم کو چاہیئے کہ اس سر کے اوپر دوبارہ چھڑی گھماؤ۔ اور زمنہ سے کچھ گن گن کر کے ایک دو تین کہے۔ مگر ایسے طریقے سے کہے کہ ایک کہنے کے بعد کچھ دیر ٹھہر جاؤ۔ تاکہ تمہارا گڑھے کے اندر بیٹھا ہوا ساتھی خبردار ہو جائے۔ پھر دو کہو۔ اور دو تار کو اچھی طرح قابو کر لے۔ پس تین کے کہنے پر وہ ایک جھٹکے کے ساتھ ہی اس سر کو اپنی طرف کھینچ لے۔ اور ساتھ ہی اسپرنگ کی کمانی کو بھی کھول دیوے۔ تختے کے اوپر کھڑا ہوا آدمی تختے کے ساتھ ہی اوپر کو اٹھے گا۔ وہ فوراً ہی گڑھے کے باہر اسٹیج کے اوپر آکر حاضرین کو سلام کرے۔ اور میز کی بغل میں چلا جاوے۔ جسے دیکھ کر تمام حاضرین مجمع محو حیرت ہو کر عش عش کر اٹھے گا۔ بس لوگ ادھر اس آدمی کو دیکھنے میں لگیں گے۔ تب تک گڑھے میں بیٹھا ہوا دوسرا ساتھی پیچھے کی طرف سے نکل کر سر کو لئے ہوئے چلا جائے۔

روپیہ ٹکڑے ٹکڑے کر کے ثابت کرنا

ایک چھوٹا سا بکس لکڑی کا اس ترکیب سے بنواؤ کہ جس کا پیندا اور ڈھکنا برابر ہوں۔ پھر ان کے بیچ ایک لکڑی کا ٹکڑا ویسے ہی رنگ کا اور اتنے ہی سائز کا جو کہ اس بکس کے اندر پیندے پر خوب فٹ ہو۔ اس کے بیچ اس لکڑی کے نیچے ایک سالم روپیہ رکھ کر محفل میں لے جاؤ۔ جب کھیل کرنا ہو تو لوگوں سے ایک روپیہ لے کر اس کو کسی چیز سے کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دو۔ اور اس بکس کے بیچ اس لکڑی کے اوپر وہ ٹکڑے رکھ کر لوگوں کو دکھاؤ۔ اگر ٹکڑے رکھنے سے پہلے تو وہ بکس لوگوں کو خالی دکھا دو۔ تو بہت اچھا ہو۔ پھر

اس کے بیچ روپے کے ٹکڑے دیکھ کر لوگوں کو تھوڑی دیر مذاقیہ باتوں میں لگاؤ۔ بعد میں اس بکس کو اُلٹا کر کے دو تین مرتبہ اس کے ڈھکنے کو میز کے ساتھ ٹھکراؤ تاکہ وہ لکڑی جو اس کے بیچ پڑی ہوئی ہے۔ معہ ٹکڑوں کے دوسری طرف چلی جاوے۔ اور ثابت روپیہ اس لکڑی کے اوپر آجاوے اور منہ سے کچھ گن گن کرتے رہو۔ تاکہ لوگ یہ سمجھیں کہ یہ کوئی منتر پڑھ رہا ہے۔ پس اُس بکس کے اوپر پھونک مار کر بکس کھول دو۔ اور وہ ثابت روپیہ لوگوں کو دکھا دو

ہاتھوں کی ہتھکڑی بغیر چابی کے کھُل جاوے

یہ ہتھکڑی اس قسم کی بنی ہوئی ہوتی ہے کہ جو چابی کے ساتھ لگائی جاتی ہے۔ مگر جب اس کو معمولی زور کے ساتھ کھولا جاتا ہے۔ تو اس کو تالا جو کہ اندر سے پہلے ہی ڈھیلا سا بنا ہوتا ہے۔ فوراً کھل جاتا ہے۔ جس کو دیکھ حاضرین تماشہ حیران و ششدر رہ جاتے ہیں۔

پس اس کے اندر تالے میں ہی موٹی لگائی جاتی ہے۔ جو کہ تالے کو ضرورت کے وقت ذرا سی جنبش دینے سے فوراً کھل جاتی ہے۔

ایک روپیہ دِکھا کر بہت سے رُوپے بنانا

اس کھیل میں خاص بات صرف مشق کی ہے۔ جب تک ہاتھوں کی مشق اچھی طرح صاف نہ ہوجائے۔ کبھی ایسا کھیل کسی محفل میں نہ کرنا چاہیے یہ کھیل اس طرح کیا جاتا ہے۔ کہ ایک روپیہ کسی تماش بین سے لے لو۔ اور اس کے اوپر کوئی خاص نشان کر کے اس کو لوگوں کو دکھا کر اپنی داہنے ہاتھ کی انگلیوں سے روپیہ کو وہیں پر دبا لو۔ اور پھر ہاتھ کو اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کے نیچے جس کو ورگی کہتے ہیں کے اوپر مارو۔ جس سے لوگ یہ سمجھیں گے کہ روپیہ تم

نے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی میں بند کر رکھا ہو گا۔ پھر جادو کی چھڑی اٹھانے کے بہانے روپیہ اپنی میز کے اوپر پھینک دو۔ اور چھڑی اٹھا کر بائیں ہاتھ کی مٹھی پر پھیر کر مٹھی کھول دو۔ تو پھر لوگ مٹھی خالی دیکھ کر حیران ہو جائیں گے۔ مگر تم لوگوں سے کہو کہ حیران ہونے کی کوئی بات نہیں۔ وہ روپیہ اپنے ساتھ اور روپوں کو لے کر آتا ہے۔ پس اتنی دیر میں تمہارا مددگار بنت سے روپے اس پہلے روپے کے رکھ دیوے۔ تم بھی دوبارہ سوئی اٹھانے کے بہانے میز پر سے روپیہ اس ترکیب سے اٹھاؤ۔ کہ لوگ تمہاری اس کاردائی کو نہ دیکھ سکیں۔ پس چھڑی کو آسمان کی طرف اوپر کو اٹھاتے ہوئے دونوں ہاتھ اوپر کو لے جاؤ۔ اور اپنے اشٹ دیو مثلاً میاں بدھو یا کالا دیو یا اور جس کو تم کھیل کرتے وقت پکارا کرتے ہو۔ پکارو اور روپوں کو اس ترکیب سے اپنے ہاتھوں میں چھنکاؤ کہ لوگ یہ سمجھیں کہ روپے اوپر سے گر رہے ہیں پس ایسا کرتے ہوئے تم ان روپوں کو لوگوں کے سامنے بکھیر دو۔ اور اس میں سے وہ روپیہ نکال کر جس پر نشان کیا گیا تھا۔ لوگوں کو دکھادو۔ دیکھ کر لوگ حیران ہوں گے۔ اور اس کو جادو کا کھیل تصور کریں گے۔ واقعی بڑا حیران کن کھیل ہے۔

لکڑی کا گیند حکم مانے گا

صاحبان یہ کھیل دیکھنے بنانے میں تو آسان ہے۔ مگر جس وقت اس کھیل کو کیا جاتا ہے۔ تو دیکھنے والے حیران ہو جاتے ہیں اور سمجھتے ہیں۔ کہ واقعی اس میں کوئی جادو ہے۔ کھیل اس طرح ہے کہ کھیل کرنے والے مداری کے پاس ایک لکڑی کا گیند ہوتا ہے۔ اس دھاگے کو کھیل کرنے والا ایک سرا اپنے ایک ہاتھ میں اور دوسرا اپنے پاؤں میں دبا کر درمیان میں وہ گیند لٹکا ہوا ہوتا ہے اس کو جس جگہ پر عامل حکم کرے۔ اسی جگہ ٹھہر جاتا ہے اور اسے جب چلنے کے لئے کہے تو وہ چلنا شروع کر دیتا ہے۔ بڑا ہی عجیب و غریب کھیل ہے۔ جس کے بنانے کی ترکیب ذیل میں درج کی جاتی ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

ترکیب:۔ ایک لکڑی کا گیند لیکر جو کہ اندر سے کھوکھلا ہو۔ اس کے دونوں سروں میں سوراخ کر کے اس کے بیچ ایک لمبا سا اور پختہ دھاگا اس ترکیب سے ڈالیں۔ کہ گیند کو

درمیان کے جوڑ سے اکھیڑ کر دونوں حصوں کو علیحدہ کر کے اس کے اندر ایک کلپ لگا دیں۔ جس سے دھاگا آگے پیچھے بل چل سکے۔ اوپر سے پھر اسی طرح اس گیند کو جوڑ کر ٹھیک کر لیں۔ تاکہ کھیل کے وقت وہ دوبارہ نہ اکھڑ سکے۔ اگر کلپ نہ ملے تو لکڑی کا چھوٹا سا تیلا یا تنکا لے کر اس کے ساتھ دھاگے کا پیچ دے کر اوپر سے گیند کو جوڑ دیں۔ جب کھیل کرنا ہو تو دھاگے کا ایک سرا ایک ہاتھ میں پکڑ کر دوسرا سرا پاؤں کے نیچے دبا لیں۔ اور اس کو حکم دیویں۔ کہ اے گیند۔ تو میرے حکم سے چل۔ وہ عمدہ نیچے کو جانا شروع کر دے گا۔ مگر جب اسے درمیان میں کسی جگہ ٹھہرانا منظور ہو تو ہاتھ کو ذرا سا کھینچ دو۔ مگر کھینچو اس ترکیب سے کہ دوسرے لوگ تمہارے ہاتھ کو جنبش آتے نہ دیکھ سکے۔ جب وہ دھاگہ تمہارے ہاتھ کی کھینچ سے کھینچا جاوے گا تو اندر سے کلپ کسا جاوے گا۔ اور گیند وہیں ٹھہر جاوے گا جب پھر اس کو چلانا چاہو۔ تو ہاتھ کو ذرا ڈھیلا چھوڑ دو۔ گیند فوراً نیچے جانا شروع ہو جائے گا۔ نہایت عمدہ کھیل ہے۔

جلتی ہوئی بتی کو پستول کے فائر سے بجھانا اور پھر جلانا

اس کھیل کو اس طرح کرنا چاہیے۔ کہ دو موم بتیاں بڑی بڑی جو کہ تانگے والے اپنی بتیوں میں لگایا کرتے ہیں لے لیں۔ اور پھر ان کا فیتہ تھوڑا تھوڑا نکال کر پٹاس اور دھپل کے پانی میں تر کر کے خشک کر لیں۔ جب کھیل دکھانا ہو تو دو حاضرین کو اپنے کھیل کی حقیقت بتلا کر دونوں بتیوں کو میز کے اوپر جلا دینا چاہیے۔ پھر ذرا فاصلے پر کھڑے ہو کر حاضرین کو کہو کہ جس بتی کو آپ کہیں اس کو نشانہ بنایا جائے۔ پھر جس بتی کی طرف جو اشارہ کرے تم اسی کی نشست باندھ کر اپنی پستول کا فائر کرو۔ تو وہ بتی بجھ جائے گی۔ اس کے زور سے دوسری بتی کا شعلہ ادھر اُدھر ہلنے لگے گا۔ جس کے ذریعے سے پھر دوبارہ پہلی بجھی ہوئی بتی جل اٹھے گی اور لوگ دیکھ کر حیران ہوئے بغیر نہ رہیں گے۔ عوام الناس میں یہ کھیل جادو کا ہی تصور کیا جائے گا۔

کبوتر کی گردن کاٹ کر پھر زندہ کرنا

ایک کبوتر سلولائٹ کا منگا کر اپنے پاس رکھیں۔ جس کا رنگ اصلی کبوتر کی طرح ہو۔ اور ایک اور کبوتر اُسی طرح کالے کا اُس کی گردن کاٹ کر اپنے پاس رکھیں۔ پہلا کبوتر ایسا ہونا چاہیے کہ جس کے اندر ایک چھوٹی سی جرمنی مشین لگی ہوئی ہو اور کبوتر کی گردن اندر کی طرف دھنسی ہوئی ہو۔ دوسری گردن اس کے دھڑ کے اوپر گوند یا سریش وغیرہ سے جوڑی ہوئی ہو۔ جب کھیل دکھانا منظور ہو تو یہ کبوتر میز کے اوپر رکھ کر لوگوں کو بتا دو کہ میں اب یہ کھیل کرنا چاہتا ہوں۔ اس کے ساتھ ہی چھری لے کر اس کبوتر کی گردن پر وار کریں۔ تو اس کی گردن کٹ کر علیحدہ جا پڑے گی۔ مگر آپ لوگوں کو مخاطب کر کے یہ کہیں کہ اب یہ گردن میرے ہاتھ سے اڑ کر اس کبوتر کے دھڑ پر جا لگے گی۔ اور یہ زندہ ہو جائے گا۔ پس اتنی بات کرتے ہوئے آپ میز پر سے جادو کی چھری اٹھا کر اپنے ہاتھ میں لے لیں۔ مگر اس اثنا میں چھری اٹھاتے وقت وہ گردن چپ چاپ وہاں پر رکھ دیں اور مٹھی بند کیے ہوئے ہی چھری اٹھا لیں۔ اور چھری کو اس مٹھی کے اوپر پھیر کر پھر ایک دو تین کہیں۔ تین کی آواز کے ساتھ ہی پیچھے سے تمہارا مددگار اس مشین کو کھول دے گا۔ اور اس کبوتر کی گردن فوراً جلدی سے باہر آ کر دھڑ کے ساتھ لگ جاوے گی۔ اور ساتھ ہی ہلنی شروع ہو جائے گی۔ پس تم جلدی سے اپنی مٹھی کھول دو۔ تمہاری مٹھی خالی دیکھ کر لوگ یہ کہیں گے کہ تمہاری مٹھی والی گردن ہی جا کر وہاں لگ گئی ہے۔ لوگ تمہارے کھیل کی داد دیں گے۔

طلسماتی الماری

یہ الماری بڑی ہی قابل تعریف و حیران کن الماری ہے۔ کھیل کرنے والے پروفیسر صاحب اس الماری کو سٹیج پر لا کر رکھتے ہیں۔ یا کھیل شروع کرنے سے پیشتر اسی اسٹیج پر لا کر رکھ دیتے ہیں۔ جب کھیل دکھانا منظور ہوتا ہے تو پروفیسر صاحب تماشہ بینوں کو مخاطب کر کے پہلے ایک آدمی کو بلاتے ہیں اور اس کو کہتے ہیں۔ کہ الماری کو کھولے۔ جب وہ الماری

کو کھولتا ہے اس کے اندر سے ایک لالٹین جلتی ہوئی ملتی ہے یا پروفیسر خود اس وقت اس شخص کے اور تمام حاضرین کے سامنے اس کو جلا کر اندر سے الماری سب کو خالی دکھا دیتا ہے اور پھر اس شخص کو کہتا ہے کہ اس کو اندر سے باہر سے خوب اچھی طرح دیکھو کہ اس کے اندر کوئی تار، بال یا کوئی پرزہ وغیرہ تو نہیں ہے۔ جب اس کو اچھی طرح سے اس بات کا علم ہو جاتا ہے کہ الماری بالکل خالی ہے اور اس کے اندر کوئی تار یا بال وغیرہ نہیں بلکہ بالکل سادہ ویسی ہی الماری ہے۔ جیسی کہ دوسری الماریاں ہوا کرتی ہیں۔ تب اس کے ارد گرد چار پانچ اور آدمی حاضرین میں سے بلا کر کھڑے کر دیئے جاتے ہیں۔ اور تب الماری کو بند کر دیا جاتا ہے پھر پروفیسر صاحب دو چار منٹ تک لوگوں کو چند ایک باتیں سنا کر اپنی جادو کی چھڑی اٹھا کر اس الماری پر پھیرتے ہیں۔ اور الماری کے پاس کھڑے ہوئے پانچ آدمیوں میں سے جو کہ اس غرض سے کھڑے کئے جاتے ہیں۔ تاکہ وہ اس بات کا خیال رکھیں کہ آگے یا پیچھے کی طرف سے اس الماری کے اندر کوئی آدمی گھسنے نہ پائے۔ ان میں سے ایک آدمی کو پروفیسر صاحب کہتے ہیں کہ الماری کا دروازہ کھولو۔ جب وہ دروازہ کھولتا ہے تو اس کے اندر سے ایک قوی ہیکل جوان ہاتھ میں برہنہ تلوار لئے بڑی بے تابی کے ساتھ کسی کا انتظار کرتا ہوا نظر آتا ہے۔ جس کو دیکھ کر لوگ حیران رہ جاتے ہیں۔ پروفیسر صاحب اسی وقت سب تماش بینوں کو دکھا کر پھر اسی طرح سے اس الماری کا دروازہ بند کروا دیتے ہیں اور دو چار منٹ تک پھر اسی طرح سے حاضرین کو چند باتیں سناتے ہیں۔ اور پھر الماری پر دوبارہ جادو کی چھڑی گھماتے ہیں اور کسی دوسرے شخص کو پھر الماری کا دروازہ کھولنے کے لئے کہتے ہیں جب وہ دروازہ الماری کا کھولتا ہے تو تمام لوگ دیکھ کر حیران و ششدر سے رہ جاتے ہیں کہ وہی شخص جو کہ پہلی دفعہ ہاتھ میں تلوار لئے کھڑا ہوا کسی کا انتظار کر رہا تھا اب اس کے ایک ہاتھ میں ایک لیڈی کے سر کے بال پکڑے ہوئے ہیں۔ اور دوسرے ہاتھ سے ایک خونخوار خنجر پکڑ کر اسی لیڈی کی چھاتی میں اس کی نوک چبھائے ہوئے ہیں۔ تمام لوگ یہ تماشہ دیکھ کر دنگ رہ جاتے ہیں۔ مگر پروفیسر صاحب اسی وقت پھر الماری کو بند کروا دیتے ہیں۔ اور بعد دو منٹ کے جب پھر الماری کو کھولا جاتا ہے۔ تو الماری بالکل پہلے کی طرح خالی نظر آتی ہے۔ تمام لوگ ان کے اس کھیل کو جادو ہی تصور کرتے ہیں۔ کیونکہ لوگوں کو حیرانی

صرف اس بات کی ہوتی ہے کہ الماری کے ارد گرد پانچ چار آدمی صرف اس بات کے واسطے ہی پہرہ دے رہے ہیں۔ کہ الماری کے اندر کوئی دوسرا آدمی کسی طرف سے داخل نہ ہو جائے۔ مگر باوجود اتنے سخت پہرے کے اس الماری کے اندر صرف ایک مرتبہ ہی نہیں بلکہ دو تین مرتبہ ایک آدمی اور ایک لیڈی اندر داخل ہوتے ہیں اور باہر نکلتے ہیں۔ مگر حاضرین کو اس کے متعلق ذرا بھی خبر نہیں لگ پاتی۔ یہی وجہ لوگوں کی زیادہ حیرانی کی ہوتی ہے اس لئے تمام لوگ جن میں کہ بڑے بڑے عاقل ڈانائی بھی بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں اور بھی لوگ اپنی اپنی عقل کے گھوڑے دوڑاتے ہیں۔ مگر کسی کی بھی عقل اس خصیدہ کا مطلب سمجھ میں نہیں آتا اسی لئے سب اس کو جادوئی تصور کرتے ہیں۔ اور ان کے دلوں پر پروفیسر کے جادو کا سکہ بیٹھ جاتا ہے اور تمام لوگ پروفیسر صاحب کو بڑا بھاری جادوگر تصور کرنے لگتے ہیں مگر جو خاص بھید ہے وہ کسی کی بھی سمجھ میں نہیں آتی محض اس ایک کھیل کو سکھانے کی قیمت جادوگر لوگ بھولے بھالے شاگردوں سے دو۔ اڑھائی سو روپیہ تک وصول کر لیتے ہیں۔ اور پھر بھی ہزار ہزار نخرے دکھاتے ہیں بہت دنوں تک اپنی خدمت کرواتے ہیں۔ تب کہیں جا کر یہ کھیل سکھلاتے ہیں۔ یہ ایک ایسا کھیل ہے جو کہ بڑے بڑے راجے مہاراجوں۔ ریاست اور جاگیرداروں۔ سیٹھ ساہوکاروں نوابوں۔ امیر امراء وزیروں اور سرداروں کی محفل میں دکھا کر سینکڑوں ہزاروں روپیہ انعام اور سونے چاندی کے تمغہ جات حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ کھیل حقیقت میں امیروں کا شغل اور غریبوں کا ایک نہایت عمدہ روزگار ہے۔ مگر اس کو کرنے کے لئے مشق کی خاص ضرورت ہے۔ پروفیسر صاحب کو چاہیے کہ ایسے ایسے کھیل اسٹیج پر کرنے سے پہلے خود اور اپنے مددگاروں کو اپنے گھر پر اچھی طرح سے مشق کروالیں۔ تاکہ اسٹیج پر آکر سینکڑوں آدمیوں کے سامنے ذلت نہ اٹھانی پڑے اب ہم ناظرین کو کھیل کرنے کی ترکیب بتاتے ہیں کھیل کرنے سے پہلے اسٹیج کے اوپر ایک جگہ ایسی بناتے ہیں۔ جس جگہ کہ اس نے الماری رکھنی ہوتی ہے۔ اس کے نیچے سے زمین کو کھود کر ایک چھوٹی سی سرنگ بنائی جاتی ہے جو کہ اس الماری کے نیچے سے سیدھی وہاں تک جاتی ہے۔ جہاں کہ اسٹیج کے پچھلی طرف پروفیسر صاحب کے مددگار لوگوں سے چھپ کر بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں۔ جب کھیل کرنا ہوتا ہے تو پہلے پروفیسر صاحب اس الماری

کو کھول کر لوگوں کو دکھاتے ہیں۔ اگر اس وقت اسٹیج کے اوپر اندھیرا ہو تو پروفیسر صاحب ایک لیمپ روشن کر کے اس الماری کے اندر رکھ دیتے ہیں تاکہ الماری کے اندر کا حصہ صاف نظر آسکے۔ پھر اس الماری کا دروازہ بند کر کے باہر سے حاضرین میں سے ایک آدمی کو بلا کر تالا لگوا دیتے ہیں اور تالے کی چابی اسی آدمی کو دیدیتے ہیں۔ وہ چابی لے کر اپنی جیب میں ڈال لیتا ہے۔ پھر پروفیسر صاحب حاضرین میں سے پانچ چار آدمی اور بلا کر اس الماری کے چاروں طرف کھڑا کر دیتے ہیں۔ اور ان کو تاکید کرتے ہیں کہ اس جگہ ہوشیاری کے ساتھ پہرہ دینا کوئی دوسرا شخص اس الماری کے اندر کسی طرف سے آکر داخل نہ ہونے پاوے۔ پس وہ آدمی خوب ڈٹ کر اس الماری کی خبر گیری پر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ بعد ازاں پروفیسر صاحب میز پر سے اپنی جادو کی چھڑی اٹھا کر لوگوں کو چند ایک منٹ ادھر ادھر کی باتیں سناتے ہیں۔ اور حاضرین کو خوب ہنساتے ہیں۔ پھر آہستہ آہستہ اپنے کھیل کی حقیقت ان پر واضح کرتے ہیں۔ اتنی دیر میں پیچھے سے پروفیسر صاحب کا مددگار ہاتھ میں برہنہ تلوار لئے ہوئے سرنگ میں داخل ہوتا ہے۔ ہاں ایک بات اور بھی یاد رکھنے کے قابل ہے۔ جو کہ ہم لکھنا ہی بھول گئے تھے۔ وہ یہ ہے کہ اس الماری کا نیچے کا پیندا والا تختہ جس کو فرش کی لکڑی بھی کہتے ہیں وہ اس طرح لگائی جاتی ہے جس کو اندر اور باہر سے کنڈا یا کوئی ہک وغیرہ لگی ہوئی ہوتی ہے۔ اور وہ تختہ اتنا مضبوط ہوتا ہے کہ اس کے اوپر ایک یا دو آدمی بخوبی چل پھر سکتے ہیں۔ مگر وہ نہ تو ٹوٹتا ہی ہے اور نہ ہی اس کا جوڑ یا پیچ وغیرہ ڈھیلی ہوتی ہے۔ پس وہ آدمی ہاتھ میں برہنہ تلوار لئے ہوئے سرنگ کے راستے سے اسٹیج پر آکر سرنگ کے اندر ہی سے اس الماری کی وہ ہک جو کہ باہر کی طرف سرنگ کے اسٹیج والے کے دروازے کے اوپر لگی ہوئی ہوتی ہے۔ اور ایک موٹا سا کنڈا الماری کے اوپر چھت کے ساتھ بھی لٹکا ہوا ہوتا ہے۔ پس وہ شخص باہر والی ہک کھول کر اس الماری کے اندر داخل ہو جاتا ہے اور اندر سے پھر الماری کی دوسری ہک کو لگا دیتا ہے۔ بعض کھیل کرنے والے الماری کے آدھے تختے پر ہک لگا دیتے ہیں۔ اور آدھا تختہ صاف ہوتا ہے تاکہ آدھے صاف تختے پر وہ آدمی کھڑا ہو کر باقی کے آدھے تختے کو اچھی طرح سے کھول یا بند کر سکے۔ پس اندر الماری کے داخل ہو کر فوراً اس آدھے تختے کو اچھی طرح سے کھول یا بند کر سکے۔ وہ آدمی اسے اندر کی طرف سے

اسی طرف پر لگا دیتا ہے۔ ادھر اتنی دیر میں پروفیسر صاحب لوگوں کو باتیں سنا کر وہ جادو کی چھڑی الماری کے اوپر گھماتے ہیں۔ اور منہ سے ابھی کچھ گن گنا کر اس آدمی سے کہتے ہیں۔ یہ جیب سے چابی نکال کر تالا کھول دو۔ اس کے تالا کھولتے ہی اندر سے وہی آدمی ہاتھ میں برہنہ تلوار لئے ہوئے کبھی ادھر اور کبھی اُدھر بڑی بے تابی سے گھومتا ہوا دکھلائی دیتا ہے جس کو دیکھ کر لوگ حیران و ششدر رہ جاتے ہیں۔ اور ان سے زیادہ حیران وہ لوگ ہوتے ہیں۔ جو کہ اس الماری کے اردگرد پہرہ دیتے ہوئے ہوتے ہیں۔ بعد ازاں پروفیسر پھر اس شخص کو کہتے ہیں۔ کہ اب آپ پھر پہلے کی طرح الماری کو بند کر کے تالا لگا دیویں جب وہ تالا لگا دیویں اور چابی اپنی جیب میں رکھ لیں تب پروفیسر صاحب پھر اسی طرح سے لوگوں کو باتوں میں مشغول رکھتے ہیں اور ان کی توجہ کو اپنی طرف کھینچے رکھتے ہیں۔ ادھر اُس الماری کا تختہ وہ

شخص اندر سے پھر کھول دیتا ہے اور خود دوسرے آدمی تختہ پر کھڑا ہو جاتا ہے۔ ادھر سے ایک لیڈی جو کہ اسٹیج پر پیچھے کی طرف سے لوگوں کی نظر بچا کر بیٹھی ہوئی ہوتی ہے وہ بھی اس سرنگ کے راستے اس الماری میں آ داخل ہوتی ہے اور الماری کا تختہ پھر اسی طرح سے لگا دیا جاتا ہے۔ اور اس الماری کے اندر وہ دونوں کھڑے ہو کر اپنا یہ سین بنا لیتے ہیں۔ لیڈی تو اپنے سر کو اس طرح سے نیچے کی طرف گرا دیتی ہے۔ کہ جیسے زبردست دشمن کے پنجہ میں پھنسی ہوئی غریب و معصوم مظلوم ہو۔ اور وہ شخص اس کے سر کے بال پکڑ کر دوسرے ہاتھ سے خنجر اس کی چھاتی کے اوپر رکھ دیتا ہے۔ ادھر اتنی دیر میں پروفیسر صاحب لوگوں کو چند ادھر اُدھر کی باتوں میں الجھائے رکھتے ہیں۔ اور پہلے کی طرح کچھ منہ سے گن گنا کر جادو کی چھڑی الماری پر گھماتے ہوئے پھونک مارتے ہیں۔ اور پھر اس آدمی سے کہتے ہیں۔ اب کی بار پھر اس الماری کا تالا کھولو۔ اور جب وہ شخص جیب سے چابی نکال کر الماری کا تالا کھولتا ہے۔ تو لوگ دیکھ کر حیران ہو جاتے ہیں کہ پہلے تو صرف ایک آدمی ننگی تلوار لئے کھڑا تھا مگر اب تو ایک لیڈی کو سر کے بالوں سے پکڑ کر اس کی چھاتی پر خنجر رکھے ہوئے کھڑا ہے۔ یہ دیکھ کر تماش بین پہلے سے بھی زیادہ حیران رہ جاتے ہیں۔ پھر پروفیسر اس شخص کو کہتے ہیں کہ اب پھر اس الماری کو تالا لگا دو۔ جب وہ تالا لگا دیتا ہے تو پروفیسر صاحب پھر لوگوں کو اپنی لچھے دار باتوں میں لگا کر ان کی توجہ کو اپنی طرف کھینچتے ہیں۔ ادھر الماری کے اندر کی بگ کو کھول کر وہ آدمی اور لیڈی دونوں باہر نکل کر اسی جگہ پھر وہی لیمپ رکھ کر باہر سے اس کا تختہ پھر اسی طرح سے لگا کر اسی سرنگ کے راستے غائب ہو جاتے ہیں۔ اور پروفیسر صاحب اتنی دیر میں باتوں سے فارغ ہو کر پھر جادو کی چھڑی کو اس الماری کے اوپر پھیر کر دروازے کو کھلواتے ہیں۔ تو لوگ دیکھ کر آگے سے بھی زیادہ دریائے حیرت میں غوطے کھانے لگتے ہیں۔ کیونکہ الماری سابق دستور بالکل خالی ہوتی ہے۔ سوائے اس لیمپ کے اور کچھ بھی الماری کے اندر موجود نہیں رہتا۔ پہرے دار بھی اندر باہر چاروں طرف جھانک جھانک کر حیران ہو جاتے ہیں۔ حقیقت میں یہ کھیل بڑا ہی مزیدار و حیرت میں ڈالنے والا ہے۔ لوگوں کے دلوں پر پروفیسر صاحب کے جادو کا سکہ جم جاتا ہے۔

نواں حصّہ

چین کا پُرانا جادُو

خونی صندوق

یہ کھیل اس طرح پر ہے کہ ایک بکس جس میں کہ ایک آدمی اچھی طرح سے بیٹھ سکے۔ پروفیسر صاحب اسٹیج پر لا کر دکھاتے ہیں۔ اس صندوق کے اوپر کے حصہ میں ایک سوراخ جو کہ کم از کم دو تین انچ لمبا ہوتا ہے۔ وہ صندوق تماشہ کرنے والا پہلے کھول کر بالکل خالی لوگوں کو دکھا کر اس میں ایک زندہ لیڈی کو اندر داخل کر کے باہر سے تالا لگا دیتا ہے۔ پھر ایک برہنہ تلوار لے کر اس سوراخ کے رستے سے اس لیڈی کو قتل کرنے کی غرض سے صندوق کے اندر داخل کرتا ہے۔ اور بعد ایک دو منٹ کے جب تلوار کو باہر نکالتا ہے تو تلوار خون سے تر بتر ہوتی ہے۔ لوگ دیکھ کر حیران رہ جاتے ہیں کہ اس نے لیڈی کو قتل کر دیا ہے۔ مگر جس وقت اس صندوق کا تالا کھولا جاتا ہے۔ تو وہ صندوق اندر سے خالی دکھائی دیتا ہے۔ لوگ دیکھ کر متحیر ہو جاتے ہیں کہ ابھی ابھی اس کے اندر لیڈی داخل ہوئی تھی مگر اب سوائے خون کے صندوق میں کچھ بھی نہیں ہے۔ اور یہ بھی ہم جانتے ہیں کہ کھیل کرنے والے نے اس لیڈی کو اندر قتل کر دیا ہے۔ تو اب اسکی لاش کدھر گئی۔ بس اتنی دیر میں پروفیسر صاحب اسی لیڈی کو آواز دیتے ہیں تو لیڈی بھی اس کے جواب میں آواز دیتی ہے۔ لوگ اور بھی دنگ رہ جاتے ہیں۔ پھر پروفیسر صاحب اُسی لیڈی کو کسی اور جگہ سے برآمد کرتے ہیں۔ بڑا ہی عجیب و غریب کھیل ہے کو نے کی ترکیب ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

پہلے ایک بکس اس قسم کا تیار کروایا جاتا ہے کہ جس کے پچھلی طرف کا تختہ اس طریقہ سے لگایا جاتا ہے جیسے کہ عام طور پر لوگ اپنے مکانوں کی باریوں میں بنتے لگواتے ہیں۔

اس کو جب ضرورت ہو تب نکال لیتے ہیں اور جب ضرورت ہو بند کرنے کی تب اُس بستے کو لگا دیتے ہیں۔ وہ بالکل اصلی صندوق کی طرح لگتا ہے۔ پس پروفیسر صاحب پہلے سب لوگوں کو خالی صندوق دکھاتے ہیں۔ پھر اس لیڈی کو بلاتے ہیں۔ وہ لیڈی اپنے پاس کپڑوں میں چھپا کر ایک اسفنج رکھتی ہے۔ جو سرخ رنگ میں ڈبو لیا جاتا ہے۔ اس لیڈی کو صندوق کے اندر بند کر کے باہر سے تالا لگا دیا جاتا ہے اور پھر جس وقت پروفیسر صاحب اس صندوق کے اوپر کے سوراخ کے رستے سے اس کے اندر تلوار داخل کرتے ہیں۔ تو وہ لیڈی اس تلوار پر اس اسفنج کو نچوڑ دیتی ہے جس سے تلوار سرخ رنگ کا ہو جاتی ہے۔ پس جس وقت لوگ تلوار کو سرخ رنگ سے بھری ہوئی دیکھتے ہیں تو ان کی آنکھیں چکرانے لگ جاتی ہے اور وہ اس کو خون ہی تصور کرتے ہیں۔ ادھر پروفیسر صاحب لوگوں کو تلوار دکھانے میں مصروف ہوتے

ہیں۔ ادھر پھرتی سے وہ لیڈی صندوق کے پچھلی طرف کا تختہ کھول کر اسٹیج کے دوسری طرف غائب ہوجاتی ہے۔ اور جو جگہ انہوں نے مقرر کی ہوئی ہوتی ہے۔ وہاں جا داخل ہوتی ہے۔ جس وقت پروفیسر صاحب لوگوں کو خون سے لت پت تلوار دکھا چکتے ہیں تو کہتے ہیں کہ اب ہم آپ کو اس لیڈی کی لاش دکھاتے ہیں۔ مگر جب صندوق کا تالا کھولا جاتا ہے تو صندوق بالکل خالی دیکھ کر لوگ اور بھی متحیر ہوجاتے ہیں۔ کہ یہ کیا ہوا۔ لیڈی کی لاش کہاں گئی۔ جب صندوق کو اچھی طرح غور سے دیکھتے ہیں تو اندر خون گرا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ اتنی دیر میں پروفیسر صاحب اس لیڈی کو دوبارہ آواز دے کر بلاتے ہیں۔ تو وہ لیڈی کسی دوسری جگہ برآمد ہوتی ہے۔

یہ کھیل بھی بڑا پرلطف اور حیران کن ہے۔ اس کھیل کو پہلے پہلے ڈے ولیس صاحب نے کیا تھا۔ اس نے حاضرین کے سامنے پہلے خالی توپ لاکر دکھائی۔ پھر اس میں

ایک لیڈی کو ڈال کر اور نیچے سے بارود رکھ کر توپ کو چلایا تو لیڈی اس توپ میں سے غائب ہو گئی اور پھر وہ ایک مقفل صندوق میں سے برآمد ہوئی۔ بڑا ہی حیرت انگیز کھیل ہے۔ اس کے کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک توپ پہلے اس قسم کی بنوائی جاتی ہے۔ جس کے دو خانے ہوتے ہیں۔ ایک خانہ آگے ہوتا ہے۔ جس کا تعلق پیچھے تک چلا جاتا ہے۔ جہاں سے کہ بارود ڈالا جاتا ہے اور ایک خانہ اس سے ذرا چھوٹا اور اوپر ہوتا ہے جس کے اندر لیڈی کو ڈالا جاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ ایک صندوق جس طرح کا ہم اوپر کے کھیلوں میں ناظرین کو بتا آئے ہیں۔ ہوتا ہے۔ پہلے پروفیسر صاحب اس توپ کو خالی حاضرین میں سے کسی شخص کو بلا کر اس کو کہتے ہیں کہ اس صندوق کو چابی سے تالا بند کر کے تالی اپنے پاس رکھو۔ جب وہ شخص تالا لگا کر چابی جیب میں ڈال لیتا ہے۔ اور اپنی جگہ پر جا کر بیٹھ جاتا ہے۔ تو پروفیسر صاحب اس لیڈی کو لا کر پہلے حاضرین کو دکھاتے ہیں۔ کہ اس کے ساتھ کوئی تار یا بال وغیرہ تو نہیں لگا ہوا ہے یا یہ کہ لیڈی کوئی لڑکی بنی ہوئی تو نہیں ہے۔ جب لوگوں کو اچھی طرح سے یقین ہو جاوے۔ کہ یہ بالکل زندہ لیڈی ہے۔ تو پروفیسر صاحب اُس لیڈی کو توپ کی پچھلی طرف سے اس کے اندر ڈال دیتا ہے اور پھر جادو کی چھڑی اٹھا کر لوگوں کو بڑھ باتیں وغیرہ سناتے ہیں۔ اور اپنے کھیل کی حقیقت بیان کرتا ہے۔ اتنے عرصہ میں اُدھر لیڈی فوراً توپ کے اندر سے جاتی ہے اور پردے کے پاس جو صندوق پڑا ہوا ہے۔ اس کا پچھلی طرف کا تختہ اتار کر اس میں داخل ہو جاتی ہے۔ اور پھر پروفیسر صاحب کا مددگار اس تختہ کو لوگوں کی نظر بچا کر لگا دیتا ہے۔ پس جب یہ کام ہو چکتا ہے تو پروفیسر صاحب بھی اس توپ میں بارود ڈال کر توپ چلاتے ہیں۔ تو ایک زور دار دھماکے کے ساتھ بہت سا دھواں نکلتی ہے۔ پھر پروفیسر صاحب لوگوں کو اس توپ کا وہ خانہ کھول کر دکھاتے ہیں۔ جس جگہ پر لیڈی کو ڈالا تھا۔ مگر لوگ یہ دیکھ کر حیران ہو جاتے ہیں۔ جب کہ لیڈی کو وہاں سے غائب پاتے ہیں۔ پھر پروفیسر صاحب اپنی اس جادو کی چھڑی کو صندوق کے اوپر پھیر کر اس شخص کو بلاتے ہیں۔ جس نے کہ صندوق کا تالا لگایا تھا۔ اس کو پھر تالا کھولنے کے لئے کہتے ہیں۔ مگر جس وقت وہ تالا کھولتا ہے تو اور بھی حیران ہو جاتا ہے اور تمام لوگ بھی دیکھ کر حیران ششدر رہ جاتے ہیں۔ جب وہ اسی لیڈی کو اس صندوق میں بند پاتے ہیں۔ حالانکہ صندوق کا تالا لگا ہوا ہوتا

ہے۔ مگر لوگوں کی حیرانی بڑھ جاتی ہے۔ جب وہ اپنی آنکھوں کے سامنے ہی ایک خالی صندوق کو انہوں نے مقفل کرایا ہوتا ہے۔ مگر باوجود ان سب باتوں کے لیڈی توپ میں سے کس وقت غائب ہوئی اور کس وقت اس مقفل صندوق میں آ کر داخل ہوئی۔ یہ معلوم نہ ہونے کے باعث وہ بہت حیران و پریشان ہوتے ہیں۔ اور اس کھیل کو سچا جادو تصور کرتے ہوئے پروفیسر صاحب کے کام کی تعریف کئے بغیر نہیں رہتے۔ یہی کھیل ہے۔ جس پر شعبدہ کرنے والے پروفیسر صاحبان بڑے بڑے امیروں اور راج رجواڑوں کے درباروں سے تماشہ دکھا کر سینکڑوں روپیہ انعام اور سونے چاندی کے تمغہ جات حاصل کرتے ہیں۔ کھیل کیا ہے۔ ہر شعبدہ گروں کے پاس تمام کھیلوں کا سرتاج اور روپوں کا ذخیرہ اکٹھا کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔ تصویر صفحہ نمبر ۳۰۰ پر ملاحظہ فرمائیں۔

ٹوکرے کا تماشہ

یہ کھیل ہمارے ہندوستان کے مداری لوگ کی ایجاد ہے۔ یہ بھی بڑا حیران کن کھیل ہے۔ یوروپ کے پروفیسر کو صندوق وغیرہ میں لڑکے کو بند کر لیتے اور پردہ بھی اس طرح ڈالتے ہیں۔ جیسے کسی نے ٹوکری میں کسی کو بند کیا ہوا ہے۔ یعنی لڑکے کو صندوق میں بند کر کے اوپر سے چھولداری اس طرح سے تانی جاتی ہے۔ کہ وہ ہوبہو ایک کوٹھری کی شکل کا بن جاتا ہے۔ اور وہ لڑکا اس میں سے نکل کر اس کی بجائے دوسرا لڑکا آ داخل ہوتا ہے۔ مگر اس میں تو صرف صندوق کے تالوں میں اور صندوق کے پیندوں میں راز رکھا ہوا ہوتا ہے۔ مگر ایک ٹوکرا ہمارے ملک کے مداری لوگ جو اپنے پاس رکھتے ہیں۔ اس میں آدمی کو سر بازار غائب کر دیتے ہیں۔ یہ ٹوکرا بید یا بانس کا بنا ہوا ہوتا ہے۔ جس کی شکل مستطیل ہوتی ہے۔ اس کے اوپر ایک ڈھکنا بھی لگا ہوا ہوتا ہے۔ مداری ایک لڑکے کو جو کہ خود اس کا اپنا مددگار ہوتا ہے۔ اس کو اٹھا کر پہلے تو لوگوں کو دکھا دیتا ہے۔ تاکہ لوگوں کو یہ شبہ نہ ہو جائے۔ کہ شاید لڑکا بھی جادو کا بنا ہوا ہے۔ پھر اس لڑکے کو ٹوکرے میں بیٹھا کر اوپر سے وہ ڈھکنا دے دیتا ہے۔ پھر وہ مداری ایک چھری لے کر اس کو گھماتا ہے اور گھماتے ہی اس ٹوکرے میں گھونپ دیتا

ہے۔ جب وہ چھری کو باہر نکالتا ہے تو وہ چھری خون سے لت پت ہوتی ہے۔ اور اس سے خون کے قطرے فرش پر بھی گرتے ہیں۔ جس سے لوگوں کو یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس نے اس لڑکے کے پیٹ میں چھرا گھونپ دیا ہے۔ لوگ دیکھ کر حیران ہو جاتے ہیں۔ بلکہ کئی دفعہ ہمارے دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض بوڑھے لوگ تو یہ خوفناک نظارہ دیکھ کر ڈر جاتے ہیں۔ اور فوراً ہی وہاں سے چل دیتے ہیں۔ کہ یہ بڑا ظالم ہے۔ اس کے ایسے ہولناک کام ہم دیکھ نہیں سکتے اور کئی لوگ تو غصہ کے مارے کانپنے بھی لگتے ہیں۔ کئی لوگ یہ کہتے ہیں کہ تو لے جو کچھ لینا ہے لے لے۔ مگر یہ کھیل یا ایسا کوئی اور کھیل یہاں مت کر۔ لوگ ایسی ایسی باتیں کرتے ہیں کہ جن کو سن کر مداری یہ سمجھتا ہے۔ کہ میرے کھیل نے ان کے دلوں میں کچھ اثر کر دیا ہے۔ وہ اور بھی اس کھیل کو موثر کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ پھر وہ اپنے ٹوکرے کو الٹا کر دیتا ہے۔ پھر لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ٹوکرا بالکل خالی ہے اور بھی حیران ہوتے ہیں۔ کہ اس کے اندر سے لڑکا کہاں گیا مگر وہ لڑکا کسی دوسری جگہ سے جا کر آواز دیتا ہے۔ آپ

لوگ حیران ہوں گے۔ کہ لڑکا ٹوکرے میں سے کیسے غائب ہو گیا۔ صاحبان یہ ٹوکرا ہی اس قسم کا بنا ہوا ہے۔ کہ جس میں دو پیندے ہوتے ہیں۔ جب وہ مداری اس لڑکے کو اس ٹوکرے میں ڈالتا ہے تو لڑکا فوراً اس پہلے پیندے کے نیچے والے پیندے میں چلا جاتا ہے۔ جب مداری اوپر سے ڈھکنا دے کر اس کے ساتھ جو چمڑے کے تسمے لگے ہوتے ہیں ان کو باندھ کر اوپر سے ڈھکنا دیتا ہے تو اگر وہ مداری سر راہ کھیل کر رہا ہو گا تو وہ لڑکا بیچ میں ہی رہے گا۔

اور تماشہ ختم ہونے پر وہ مداری خود اس لڑکے کو باہر نکالے گا۔ اگر وہ مداری کسی اسٹیج وغیرہ پر اس کھیل کو کرتا ہو گا۔ تو وہ لڑکا دوسرے راستے سے نکل کر ذرا فاصلہ پر جا کر آواز دے گا۔ جب مداری کو یہ یقین ہو جاتا ہے کہ لڑکا ٹوکرے سے باہر نکل گیا ہے تو مداری ایک چھری لے کر اس ٹوکرے میں اسٹیج پر مارے گا۔ جو کہ اس نے پہلے ہی سے لال رنگ کے پانی میں ڈبو کر رکھا ہوا ہے۔ لوگ یہ سمجھیں گے کہ اس نے لڑکے کو قتل کر دیا ہے۔ اس کے بعد جب وہ مداری ٹوکرا اٹھا دیتا ہے تو لوگوں کو معلوم ہوتا ہے کہ ٹوکرا بالکل خالی ہے۔ بعض موقع پر مداری خود بھی چھلانگ لگا کر اس ٹوکرے میں اس طرح اکڑ کر اور پھیل کر بیٹھ جاتا ہے۔ جس سے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اس ٹوکرے میں ایک آدمی بھی بڑی مشکل سے آرہا ہے۔ تو وہ لڑکا کہاں گیا مگر مداری کہتا ہے کہ میں نے اس لڑکے کو جادو کے ذریعہ سے چھوٹا سا روپ بنا کر بیچ اس ٹوکرے کے بٹھایا ہوا ہے۔ اتنا کھیل کرنے کے بعد مداری باہر آجاتا ہے۔ پھر چھری وغیرہ چلا کر خون سے بھری ہوئی چھری باہر نکالتا ہے۔ تو لوگ یہ سمجھتے ہیں۔ کہ لڑکا ابھی ٹوکرے کے اندر ہی ہے مگر جب وہ ٹوکرے کے دوسرے راستے سے نکل کر ذرا فاصلے پر جا کر آواز دیتا ہے۔ تو لوگ اور بھی حیران ہو جاتے ہیں۔ بڑا ہی تعجب خیز اور حیرت میں ڈالنے والا کھیل ہے۔ ایک یورپین پروفیسر نے جب پہلے پہل اس کھیل کو دکھایا تھا تو تماش بینوں میں ہل چل مچ گئی تھی اور کچھ ہی دیر میں سینکڑوں روپے اس کی نظر چڑھ گئے تھے۔

تلواروں کے صندوق سے لیڈی صحیح سلامت نکلے

یہ کھیل بھی بڑا عجیب ہے۔ اور جب اس کو کیا جاتا ہے تو تمام دیکھنے والے دنگ رہ جاتے ہیں۔ ایسے ایسے کھیل بڑے بڑے راجوں اور رئیسوں کے دربار میں کر کے جادوگر لوگ سینکڑوں اور ہزاروں روپیہ انعام حاصل کرتے ہیں۔ یہ کھیل اس طرح کرتے ہیں کہ ایک لیڈی کو ایک صندوق میں بند کر کے اس کے چاروں طرف صندوق کے آر پار تلواریں لگادی جاتی ہیں۔ اور پھر جب صندوق کو کھولا جاتا ہے تو لیڈی اندر سے صحیح وسلامت باہر آتی ہے اس کھیل کو کرنے کا طریقہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

پہلے تم ایک لیڈی کو اپنے گھر پر ہی اپنے جسم کو سادھنے کا ابھیاس کراؤ یعنی وہ اپنے جسم کو سکیڑنے کی کوشش کرے۔ روزانہ اپنے جسم کو سادھنے کی مشق کراؤ۔ اس طرح وہ مشق کرتے کرتے وہ ایک دن ایسی ہو جائے گی کہ اپنے جسم کو سکیڑ کر بالکل چھوٹا کر لے۔ جب یہ مشق ہو جائے۔ تو پھر صندوق میں بیٹھا کر اس کو اپنے جسم کو سکیڑنے کا قاعدہ بتا دیں۔ جب اس کو اچھی طرح اس کی مشق ہو جائے کہ صندوق کے ایک گوشہ میں لگ کر بیٹھ کر یا لیٹ سکے تو پھر اس کھیل کی اسٹیج پر آکر کرنا شروع کریں۔ مگر یہ بات یاد رکھیں۔ کہ اس صندوق کے اندر سے نشان دے دیں جس جگہ پر تلوار آتی ہے۔ تاکہ وہ لیڈی اس نشان کے نیچے ہی بیٹھی رہے۔ اور اس کے اوپر تلوار لگادی جاتی ہیں اسی طرح وہ صندوق بھی تیار کروائیں۔ اور چار عدد تلواریں جو کہ دیکھنے میں اصلی معلوم ہوں مگر دھار ان کی تیز نہ ہو۔ کر کھنڈی ہو۔ تاکہ وہ کسی وقت بھی کوئی نقصان پہنچا سکیں۔ جب کھیل دکھانا منظور ہو تو پہلے وہ صندوق اسٹیج پر لاکر لوگوں کو اچھی طرح سے دکھادیں۔ کہ اس کے اندر کوئی دوسرا خانہ یا کوئی اور جادو وغیرہ تو نہیں کیا ہوا ہے۔ جب لوگوں کو اچھی طرح سے اطمینان ہو جائے تو بعد لیڈی کو حاضرین کے سامنے لاکر اس کے جسم کے اعضائوں کو حرکت دلاکر اور اس کے منہ سے کچھ باتیں وغیرہ کرا کر لوگوں کو دکھادیں۔ اور کہدیں کہ دیکھو بھائیوں یہ زندہ لیڈی کے سامنے حاضر ہے۔ کوئی ربڑ یا جادو کی بنی ہوئی لیڈی نہیں ہے۔ اس کو کوئی تاب

ت لگا ہوا۔ جس شخص کو کوئی شبہ وغیرہ ہو وہ اسٹیج کے اوپر آکر خود دیکھ سکتا ہے پس
ح لوگوں کو دکھا کر اس لیڈی کو اس صندوق میں بند کر دو۔ اوپر سے ڈھکنا لگا دو۔ پھر
یک تلوار لے کر اس صندوق کے ان سوراخوں میں جو کہ پہلے ہی سے نہ معلوم سے بنا رکھے
ں زور کے ساتھ ڈالو اور وہ اس صندوق کے آر پار ہو جائے۔ اور وہ لیڈی ان تلواروں کے
ا بیٹھی رہے۔ اس کو کسی قسم کی تکلیف نہ پہونچ سکے پھر اسی طرح سے اس صندوق کے
روں طرف چار تلواریں لگا دیں۔ جب تلواروں نے ضرور اس لیڈی کو بھی چھید ڈالا ہو گا مگر
اب پھر تھوڑی دیر تک لوگوں کو کچھ باتیں وغیرہ سنا کر اور اپنے کھیل کی حقیقت ان پر واضح
رکے اس صندوق کو کھولو۔ جب صندوق کو کھولنے لگو تو اس لیڈی کو چاہیے۔ کہ وہ اپنے جسم

کہ پھلاکر بالکل ان تلواروں کے ساتھ ملحق کر دیوے اور جس وقت پھر لوگ اس کو د
گے۔ تو اور بھی حیران ہونگے کہ تلواروں کے ساتھ لگی ہوئی یہ لیڈی کس طرح بچ گئی۔ اگر
سی تلوار بھی کسی آدمی کو لگ جاوے تو زخم کئے بغیر نہ رہے۔ مگر اس کو معلوم تک نہیں و
باہر سے بھی جادوگر نے بغیر کچھ دیکھے بھالے تلواریں لگادی ہیں۔ ضرور اس میں کچھ نہ کچھ جادو
ہے۔ جس کی وجہ سے یہ لیڈی بچی رہی ہے۔ لوگ دیکھ کر دریائے حیرت میں غوطے کھانے
لگیں گے اور آپ کے کام کی ازحد تعریف کریں گے نہایت عمدہ و بہترین کھیل ہے۔

پس اس لیڈی کو آپ آہستہ سے پھر ان تلواروں کے بیچ میں سے نکال کر باہر لے
آویں۔ لوگ یہ تماشہ دیکھ کر انگشت بدنداں ہو جاتے ہیں۔

اس قسم کے تماشوں سے مداری ہزاروں روپیہ پیدا کرتے ہیں۔ اور اپنی زندگی چین سے
گزارتے ہیں۔

دسواں حصہ

شعبدہ کا جادو

جادو کی ٹوپی

یہ ایک عجیب کھیل ہے۔ پہلے لوگوں کو ایک سادہ ٹوپی بالکل خالی دکھائی جاتی ہے۔
پھر سب کے سامنے دیکھتے دیکھتے اس میں سے کئی بکس نکالے جاتے ہیں اور بکس بھی دو انچ
لمبے اور ایک انچ چوڑے ہوتے ہیں۔ جتنے مرضی ہو نکال لو۔ لوگ دیکھ حیران ہوں گے۔ کہ
بالکل خالی ٹوپی میں سے اتنے اتنے بڑے اور اتنی تعداد میں یہ بکس کہاں سے آگئے۔ حالانکہ
اس ٹوپی کے اندر ایسے ایسے دو تین کی تعداد سے زیادہ بکس نہیں آسکتے ہیں۔ اور یہ دو تین

بکس بھی پڑے ہوئے دور بیٹھے ہوئے آدمی کو بآسانی نظر آسکتے ہیں۔ پھر اس پر بھی طرہ یہ کہ کھلاڑی پہلے ہی خالی ٹوپی دکھا چکتا ہے۔ لوگ تمہارے اس خالی کھیل کو دیکھ کر جادو تصور کریں گے۔ اور بحر حیرت میں غوطہ زن ہو جائیں گے۔

(ترکیب)

بلاٹنگ پیپر کی طرح موٹا ایک کاغذ لے کر پہلے چند ایک بکس اس طرح کی بناؤ کہ ایک انچ چوڑا۔ دو انچ لمبا اور ایک انچ اونچائی کا ہر ایک بکس ہو۔ آپس میں سب ٹکڑوں کو سریش کے ساتھ اس طرح جوڑو کہ تمام جوڑ ڈھیلے ہی رہیں اور ضرورت کے وقت اُن کی تہ اس طرح بیٹھ جاوے۔ جس طرح کوئی ٹیبل یا کرسی کو چھوٹا کر کے رکھ دیتے ہے۔ پس بکس بھی بند کرو۔ جو کہ اس طرح معلوم ہو گا کہ جیسے ۸ انچ لمبا ایک تہ کا گتا ہی ہے۔ اس کے اوپر ایک چھوٹا سا دھاگہ باندھ دو جب دھاگے کو پکڑ کر اوپر کو اٹھاؤ گے تو اوپر کا حصہ اور اس کے ساتھ ارد گرد

کی دیواریں بھی کھڑی ہو جاویں گی۔ اور وہ ٹھیک ایک بکس کی طرح بن جائے گا۔ مگر جب اس کو لوگوں کے سامنے میز کے اوپر رکھو۔ تو ایسی ترکیب سے رکھو کہ بکس نیچے نہ بیٹھنے پاوے اور اس کی دیواریں سیدھی کھڑی رہیں۔ تاکہ وہ ہو بہو بکس معلوم ہو۔ اس طرح کے پندرہ بیس جتنے آپ کی مرضی ہو۔ بکس بنا کر اُن کی نہ لگا کر پہلے ہی سے اپنے پاس رکھو۔ جب کھیل کرنا ہو۔ کسی تماش بین سے چند منٹ کے لئے ایک ٹوپی مانگ لو اور اس سے ٹوپی لے کر اس کو سب لوگوں کو خالی دکھا دو۔ اور پھر اس ٹوپی کی میز کے اوپر رکھ دو۔ اور پھر کوئی بات یا کوئی کہانی کہنی شروع کر دو۔ تاکہ لوگوں کا خیال تمہاری طرف لگا رہے۔ اور تمہارا مددگار وہ مٹھا بکسوں والا اس ٹوپی کے اندر ہوں اور انگوٹھا ٹوپی کے باہر رہے۔ اندر انگلیوں کے نیچے بکسوں کا مٹھا ہو۔ جو کہ کسی کو نظر نہ آسکے۔ پھر اسی طرح ہاتھ کی ہتھیلی کے نیچے دباتے ہوئے ٹوپی خالی لوگوں کو دکھا دیں۔ لوگ دیکھیں گے کہ ٹوپی بالکل خالی ہے۔ پھر مندرجہ بالا طریقہ کے مطابق ہر ایک بکس کے اوپر کے دھاگے کو پکڑ کر باہر رکھتے جاویں۔ تو لوگ دیکھ دیکھ کر حیران ہوتے جاویں گے۔ نہایت عمدہ اور مزیدار کھیل ہے۔

بغیر کسی سہارے کے لیڈی کو ہوا میں کھڑا کرنا

یہ کھیل بھی بڑا ہی عجیب و غریب ہے۔ اس کھیل کی بدولت شعبدہ باز سینکڑوں روپیہ انعام کے حاصل کر لیتے ہیں۔ یہ کھیل اس طرح پر کیا جاتا ہے کہ شعبدہ گر پہلے حاضرین کے سامنے ایک لیڈی کو دکھا کر پھر اس کو اپنے جادو کے زور سے بے ہوش کر کے ہوا میں بغیر کسی سہارے کے کھڑا کر دیتا ہے۔ پھر اس کے جسم سے ایک گول سا کڑا گزار کر لوگوں کا اطمینان کر دیتا ہے۔ بڑا حیران کن کھیل ہے۔ کھیل کو کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ اسٹیج کے پیچھے ایک سیاہ رنگ کا پردہ لگا ہوتا ہے۔ اس کے پاس ہی ایک ڈیس بورڈ پڑا ہوا ہوتا ہے۔ جس میں بجلی کی تاریں لگی ہوتی ہیں۔ اور ان تاروں میں کنڈے ڈال کر چھت سے پھنسا دیئے جاتے ہیں۔ اور ان تاروں کے ساتھ اسپرنگ لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ جو کہ اس لیڈی کو اٹھائے رکھتے ہیں۔ اور ایک ایک بڑا اسپرنگ لیڈی کی بغلوں اور پشت پر بھی ہوتا ہے۔ ان

سب کا آپس میں کنکشن کیا جاتا ہے۔ اور پہلے لیڈی کو حاضرین کے سامنے لاکر لوگوں کو دکھا دیا جاتا ہے۔ پھر اس کو چوکی کے اوپر جو کہ سیاہ رنگ کے پردے کے پاس پڑی ہوئی ہوتی ہے۔ اور جس کا تعلق پردے کے پیچھے پڑے ہوئے ڈیش بورڈ کے ساتھ ہوتا ہے۔ جس وقت لیڈی اس کے اوپر کھڑی ہوتی ہے۔ تو جادوگر لوگوں کو باتوں میں لگا کر ان کی توجہ اپنی طرف رکھتا ہے اور لیڈی فوراً اپنی بغلوں میں اسپرنگ کر لیتی ہے پس جادوگر اپنے کھیل کی حقیقت لوگوں پر واضح کر کے جادو کی چھڑی اٹھا کر لیڈی کے نزدیک جاتا ہے اور اُس کی آنکھوں سے آنکھیں ملا کر چھڑی اس کے سامنے ہلاتا ہے۔ تو وہ اپنی آنکھیں بند کر لیتی ہے۔ جس سے لوگ سمجھتے ہیں کہ لیڈی بیہوش ہو گئی۔ یا اس پر نیند طاری ہو گئی ہے۔ پس وہ پروفیسر صاحب اس کو فوراً اُس چوکی کے اوپر لٹا دیتا ہے۔ اور اندر سے اس کا مددگار ڈیش بورڈ کا بٹن دبا دیتا ہے۔ جس سے لیڈی اوپر کو اٹھنے لگتی ہے۔ اور زمین سے کچھ فاصلے پر جا کر کھڑی کر دی جاتی ہے۔ اس کا تار وغیرہ چونکہ اندر ہوتا ہے۔ اس وجہ سے لوگوں کو نظر نہیں

آتا۔ اور لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ بغیر کسی سہارے کے کھڑی ہوئی ہے۔ پھر پروفیسر اپنے جادو کا سکہ بیٹھانے کے لئے ایک گول سا کڑا لے کر اس کے سر کے اوپر ڈال کر پاؤں کے راستے نکالتا ہے وہ کڑا کیا یعنی کیسا ہوتا ہے۔ کہ جس کا منہ ایک طرح سے کھلا رہتا ہے۔ مگر آپس میں دونوں سرے ایک دوسرے کے ساتھ ملے ہوئے ہوتے ہیں۔ جب وہ لوگوں کو دکھاتا ہے۔ تو لوگ سمجھتے ہیں کہ کڑا صحیح و سالم ہے۔ مگر جس وقت اس کے جسم میں سے گزارا جاتا ہے۔ تو جس وقت تاریں اس کڑے سے ساتھ لگتی ہیں۔ تو پھر کڑے کا منہ آپ سے آپ تھوڑا سا کھل جاتا ہے اور کڑا تاروں کے پار ہو جاتا ہے جیسا کہ آپ نے کئی مرتبہ دیکھا ہو گا کہ مداری یا جادو گر لوگ کڑے میں کڑا ڈال کر لوگوں کو دکھاتے ہیں۔ ایسا کڑا ہوتا ہے۔ جب کڑا جسم کے پار ہو جاتا ہے۔ تو لوگ اور بھی حیران ہو جاتے ہیں۔ اور پروفیسر سکہ کا اُلٹنا اور سیدھا کرنا بغیر نہیں رہتے۔ نہایت ہی بہترین و حیرت انگیز کھیل ہے۔ جس جگہ پر بجلی نہیں ہوتی وہاں پر یہ لوگ چقماق سے کام لیتے ہیں۔ چقماق سپر نگوں کو جو کہ لوہے کے ہوتے ہیں اور اوپر اٹھانے کے کام میں بڑی مدد دیتے ہیں۔

صاحب کے ہیٹ سے پیسہ

سیر کا بٹا نکالنا

پروفیسر صاحب کسی تماشائی سے ایک انگریزی ہیٹ مانگتے ہیں۔ اور جس وقت ہیٹ لے کر اسٹیج کی طرف جاتے ہیں۔ تو فوراً جھجک کر لوگوں کو بڑی حیرانی سے کہتے ہیں کہ اوہو۔ یہ ہیٹ بڑا وزنی ہے۔ کیوں

صاحب۔ آپ اتنا ہی وزن دار ہیٹ پہنا کرتے ہیں؟ مگر ہیٹ کا مالک جواب دیتا ہے۔ کہ ہیٹ تو بالکل معمولی وزن کا ہے۔ پروفیسر صاحب فوراً اس ہیٹ کو اُلٹا کر دیتے ہیں۔ تو لوگوں کی حیرانی کی کوئی حد نہیں رہتی۔ جبکہ وہ اس ہیٹ کے اندر سے ایک بیس سیر وزن کا بٹا لوہے کا گرتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ ترکیب اس کی ذیل میں درج کی جاتی ہے۔ پروفیسر صاحب ایک بٹا بیس سیر وزن کا پہلے ہی سے اپنے کوٹ کے نیچے رکھ لیتے ہیں۔ اور جس وقت تماش بینوں میں سے کسی صاحب کا ہیٹ مانگ کر واپس اسٹیج کی طرح مڑنے لگتے ہیں ۔ تو چونکہ لوگوں کی طرح اس وقت پیٹھ ہوتی ہے۔ اس لئے وہ فوراً لوگوں کی نظر بچا کر وہ بٹہ نکال کر اس ہیٹ کے بیچ میں ڈال دیتے ہیں۔ اور پھر اسی وقت لوگوں کی طرح مخاطب ہو کر کہنے لگ جاتے ہیں۔ کہ ہیٹ تو بہت ہی وزن دار ہے۔ معلوم نہیں کہ ہٹ والے صاحب نے اس کے اندر کیا کچھ رکھا ہوا ہے۔ آخر ہیٹ کے مالک سے پوچھتے ہیں۔ تو وہ نفی میں جواب دیتا ہے۔ آخر کار پروفیسر صاحب اس ہیٹ کو الٹا کر دیتے ہیں۔ تو اس کے اندر سے ۲۰ سیر کا یا جتنے سیر کا بٹہ چاہیں۔ وہ فوراً ہیٹ کے اندر سے زمین پر گر پڑتا ہے۔ جس کو دیکھ کر نہ صرف ہیٹ کا مالک ہی بلکہ دیگر تماشائی بھی حیران ہو کر قہقہہ پر قہقہہ لگا اٹھتے ہیں۔ بڑا ہی عجیب و غریب کھیل ہے۔

الماری میں لیڈی کو بند کرنا اور کھولنے پر لیڈی کا الٹی لٹکی ہوئی نظر آنا۔

یہ کھیل اس طرح پر کیا جاتا ہے کہ ایک الماری اس قسم کی بنوائی جاتی ہے کہ جس کو اوپر کی طرح بھی ایک کنڈا لگا ہوا ہوتا ہے۔ اور ارد گرد بھی کنڈے کی طرح کے سہارے دو لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ پہلے ایک لیڈی کو لا کر حاضرین کو دکھایا جاتا ہے۔ اور اس الماری کے دوسری طرف کا تختہ اس قسم کا ہوتا ہے۔ جو دیکھنے میں تختہ معلوم ہو۔ مگر اس میں ایک دروازہ بنا ہوا ہو۔ پس اس لیڈی کو تمام حاضرین کے سامنے ہاتھوں میں ہتھکڑی اور پاؤں میں

بیڑی ڈال کر سامنے کے دروازے سے اس الماری میں ڈال کر اس کا دروازہ بند کر دیا جاتا ہے۔ اور پھر پروفیسر صاحب جادو کی چھڑی اٹھا کر لوگوں کو باتوں میں لگائے رکھتا ہے۔ اور اس کا مددگار پچھلی طرف سے دروازہ کھول کر اس لیڈی کو اُلٹا کر کے کنڈے کے ساتھ لٹکا کر خود پچھلی طرف سی غائب ہو جاتا ہے۔ پروفیسر لوگوں کو اپنے کھیل کی حقیقت بتا کر جب دروازہ الماری کا کھولتا ہے۔ تو لیڈی کو الٹا لٹکا ہوا دیکھ کر لوگ حیران و ششدر رہ جاتے ہیں۔ بڑا ہی عجیب و غریب کھیل ہے۔ تصویر صفحہ نمبر ۱۸۰ پر دیکھیں

پروفیسر صاحب کو ہتھکڑی اور بیڑی پہنا کر تھیلے میں ڈال کر صندوق میں بند کرنا اور دوبارہ صندوق کھولنے پر اندر سے پروفیسر صاحب غائب اور ہتھکڑی، بیڑی اور تھیلے کا برآمد ہونا

یہ کھیل بھی بڑا ہی عجیب و غریب کھیل ہے۔ اور اس طرح کیا جاتا ہے۔ کہ پہلے پروفیسر صاحب حاضرین میں سے یک شخص کو بلا کر اس سے اپنے ہاتھوں اور پاؤں کو

ہتھکڑی اور بیڑی لگوا کر ایک تھیلے میں بند ہو جاتے ہیں۔ اور تھیلے کو مہر بند کر دیا جاتا ہے
اور پھر اس تھیلے کو ایک صندوق میں بند کر کے اور اس صندوق کو تالا لگا دیا جاتا ہے۔ مگر
دوبارہ جب اس صندوق کو کھولا جاتا ہے۔ تو اندر صندوق کے صرف تھیلا اور ہتھکڑی و
بیڑی ہی پڑی دکھائی دیتی ہے۔ اور پروفیسر صاحب اندر سے غائب ہوتے ہیں۔ بڑا ہی اعلیٰ
پر لطف و حیران کن کھیل ہے۔ جسکے کرنے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ صندوق و ہتھکڑی اور
بیڑی تو ویسی ہی چاہیے۔ جیسی کہ ہم آگے کے کھیل میں بتائیں گے۔ مگر صرف اس کھیل
میں تھیلے کا اضافہ ہوا ہے پس تھیلہ اس کھیل میں اس قسم کا بنوانا چاہیئے۔ کہ جس کے
درمیان میں سے ایک منہ ہو۔ اور اس منہ کے ارد گرد ایک فیتہ یا ایلاسٹک ہونا چاہیے اور
ساتھ ہی اندر کی طرف بٹن لگے ہوں۔ جو باہر سے نظر نہ آسکیں۔ پس ایسا تھیلہ اور باقی چیزیں
یعنی سامان ہم اوپر بات چکے ہیں۔ پہلے ہی اپنے پاس رکھنا چاہیئے۔ جب کھیل کرنا منظور ہو۔
تو پہلے تو پروفیسر صاحب خود اپنے آپ کو حاضرین کے سامنے پیش کر کے دکھادیں۔ کہ

کہیں کوئی تار۔ بال یا کوئی اور جادو وغیرہ تو نہیں ہے پھر
صندوق اور تھیلا بالکل خالی دکھا دیا جاوے۔ پس جس
وقت لوگوں کا ہر ایک چیز دیکھ کر یقین قائم ہو جاوے۔ تو
پھر ایک شخص کو حاضرین میں سے بلا کر پروفیسر اس کو

تصویر نمبر پروفیسر کو صندوق میں بند کرنا

ہتھکڑی اور بیڑی دے کر کہے کہ مجھے یہ پہنا کر اس تھیلے میں سر مہر بند کر کے اپنی جگہ پر جا کر
بیٹھ جاؤ۔ پس جب وہ یہ سب کام کر چکے اور اپنی جگہ پر بیٹھے۔ تو پروفیسر صاحب اندر سے اپنی
ہتھکڑی کا بٹن دبا کر پہلے ہتھکڑی کھول دیں۔ مگر یہ بات یاد رکھیں کہ صندوق اسٹیج کے پیچھے
جو سیاہ رنگ کا پردہ لٹکایا ہوا ہے۔ اس کے ساتھ رکھنا چاہیئے۔ پس جب ہتھکڑی اور بیڑی
کھول لیں۔ تو تھیلے کے بٹن کھول کر دروازہ بنائے اور اس دروازے کے رستے تھیلے میں

سے باہر نکلے اور تھیلے کے بٹن اسی طرح سے لگا دیوے۔ پھر اسی طرح سے صندوق کا تختہ لگا دیویں۔ پس جس وقت یہ کام کر چکیں تو اپنے مددگار کو باہر اسٹیج پر بھیجدیویں۔ اور خود اندر بیٹھا رہے۔ جب اس کا مددگار اسٹیج پر آوے تو وہ آتے ہی اس شخص کو بلاوے جس نے صندوق کا تالا لگایا تھا۔ اس کو بلا کر کہے کہ بکس کا تالا کھول دو۔ پس جس وقت وہ صندوق کا تالا کھولے گا۔ تو دیکھ کر حیران رہ جائے گا۔ اور بعد میں وہ چیزیں یعنی ہتھکڑی و بیڑی اور تھیلا بھی اسی طرح سر بمہر باہر نکال کر جب لوگوں کو دکھاوے گا اور ساتھ ہی خالی صندوق الٹا کر دکھاوے گا تو تمام لوگ دیکھ کر حیران و ششدر رہ جاویں گے۔ کہ پروفیسر صاحب کہاں گئے اتنے میں پروفیسر صاحب بھی اندر سے کسی راستے سے نکل کر حاضرین میں سے ہوتے ہوئے باہر سے آتے ہوئے دکھائی دیں گے۔ تو لوگ اور بھی زیادہ حیران و ششدر ہوں گے۔ اور آپ کے کام کی تعریف کئے بغیر نہ رہیں گے۔ بڑا ہی عجیب خیز کھیل ہے۔ مگر اس کھیل میں ہوشیاری اور چالاکی کی سخت ضرورت ہے۔ مشق جب تک خوب اچھی طرح نہ ہو جائے تب تک اسٹیج پر آ کر یہ کھیل قطعی نہ کرنا چاہیئے۔ کوئی بھی شخص جو اس کھیل کو دکھانے کا خواہش مند ہو۔ اس کو چاہیئے کہ پہلے اپنے گھر میں ان کھیلوں کو کرنے کی خوب اچھی طرح سے مشق کرے۔ کیونکہ یہ کھیل امیر و امراء و راجے مہاراجوں کی محفلوں میں کرنے سے آن واحد میں ہزاروں روپیہ انعام حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس لئے ایسے کھیل ہمیشہ نہایت ہوشیاری و عقلمندی کے ساتھ کرنے چاہئیں۔ تصویر صفحہ نمبر ۸۹ اور ۱۹۰ پر دیکھیں

لیڈی کو صندوق میں بند کر کے غائب کرنا اور اُس کی جگہ پروفیسر کا خود پابہ زنجیر دکھا دینا۔

یہ کھیل بہت ہی مزیدار و حیرت کن ہے۔ پہلے لوگوں کے سامنے ایک لیڈی

ہتھکڑی و بیڑیاں پہنا کر خوب کس کر ایک صندوق کے اندر بند کر دیتے ہیں۔ اور صندوق کو مقفل کر کے اس کے اوپر ایک پردہ ڈال دیتے ہیں۔ مگر تھوڑی دیر کے بعد صندوق کو کھولنے پر اس میں سے لیڈی غائب ہو جاتی ہے۔ اور اس کی جگہ پر کھیل کرنے والے پروفیسر صاحب کا خود اسی طرح سے پابہ زنجیر جکڑے ہوئے اندر سے برآمد ہونا۔ جس کو دیکھ کر لوگ دریائے حیرت میں غوطے کھانے لگتے ہیں۔ نہایت بہترین و مزیدار کھیل ہے۔ اس کو کرنے کا طریقہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ ملاحظہ کریں۔

پہلے ایک صندوق اس قسم کا تیار کراؤ۔ جس کے اگلے حصہ کا مقابلہ تالہ

لگنے والے تختے ۔کے سامنے والا یعنی پیچھے والا تختہ کیلوں سے نہ جڑا ہوا ہو۔ بلکہ ویسے ہی فٹ کیا ہوا ہو۔ تاکہ بوقت ضرورت اس کو نکالا بھی جاسکے دوسرے ہتھکڑیاں اور بیڑیاں ایسی بناؤ۔ جن کو تالے کے بجائے ایک ایک بٹن بھی لگا ہوا ہو۔ یعنی صرف بٹن دبانے سے ہی ہتھکڑی اور بیڑی کھل جاوے ۔ اور ایک سیاہ رنگ کا پردہ اس طرح کا بنواؤ کہ بو چورس چھولداری کی طرح یعنی جس کو تاننے سے ایک چھوٹے سے مکان کی سی شکل بن جاوے ۔ پس یہ چیزیں پہلے ہی سے تیار کروا کر اپنے پاس رکھو۔ پھر جب کھیل دکھانا منظور ہو۔ تو پہلے لیڈی کو بلا کر حاضرین کے سامنے کھڑا کر کے دکھاؤ۔ کہ اس کو کوئی تار ۔ بال وغیرہ نہیں اور نہ ہی یہ لیڈی ربڑ کی بنی ہوئی ہے ۔ بلکہ ایک جیتی جاگتی زندہ لیڈی ہے ۔ پھر اس کے ہاتھوں اور پاؤں کو ہتھکڑی لگا کر اس صندوق کو اسٹیج پر حاضرین کے سامنے لا کر اسے کھول کر پہلے لوگوں کو دکھا دو۔ تاکہ ان کا اطمینان ہو جاوے ۔ پھر اس لیڈی کو اٹھا کر اس صندوق کے اندر ڈال دو۔ اور حاضرین میں سے کسی ایک آدمی کو بلا کر کہو کہ اس کا تالا لگا کر چابی اپنے پاس رکھو۔ جب وہ یہ کام کر چکے تو پھر چار آدمی اور بلاؤ جن میں سے اگلے دونوں حاضرین میں سے ہوں اور پچھلے دو آدمی اس کے اپنے مددگار ہونے چاہئیں ان چاروں کو چاروں طرف سے وہ پردہ پکڑوا کر کھڑا کر دو۔ اور صندوق اس کے اندر پڑا ہوا ہو۔ پھر لوگوں کے سامنے جادو کی چھڑی اٹھا کر کچھ دیر باتیں سناؤ اور اپنے کھیل کی حقیقت واضح کرنے کے بعد پردے کے اندر چلے جاؤ۔ اور صندوق کا پچھلی طرف کا تختہ نکال کر فوراً لیڈی کی ہتھکڑیاں بٹن دبا کر کھول دو۔ اور خود وہ ہتھکڑیاں اپنے ہاتھوں اور پاؤں میں ڈال کر صندوق کے اندر بیٹھ جاؤ۔ اور وہ لیڈی فوراً وہ تختہ صندوق کا چڑھا کر باہر نکل جاوے بلکہ اگر اسٹیج کے پچھلی طرف ۔ سے نکل کر حاضرین کے درمیان چپکے ۔ سے بیٹھ سکے تو کھیل اور بھی دلچسپ بن جاوے گا ۔ اور پروفیسر صاحب صندوق کے اندر جلدی سے بیٹھ کر بھی اپنی ہتھکڑی اور بیڑیاں لگا سکتے ہیں۔ جب یہ سب کام ہو چکے تو اوپر سے پردہ اٹھا کر اسی شخص کو وہ تمہارے مددگار بلا دیں ۔ تاکہ وہ آ کر صندوق کا تالہ کھولیں ۔ پھر جب وہ تالہ کھول چکے تو اندر سے پروفیسر صاحب کا مددگار اُس کو اٹھا کر صندوق سے باہر نکالیں ۔ پس لوگ لیڈی کی جگہ پروفیسر صاحب کو دیکھ کر حیران و ششدر رہ جاتے ہیں۔ پھر اسی شخص کو بلاؤ۔ جس نے ہتھکڑیوں کے تالے لگائے تھے ۔ اُس کو کہو کہ

آکر تالے کھولے۔ جب تالے کھل جاویں۔ تو ادھر حاضرین میں سے وہ لیڈی بھی اٹھ کر اسٹیج پر آجاوے۔ جس کو دیکھ کر لوگ اور بھی حیران ہو جائیں گے نہایت عمدہ کھیل ہے۔ شعبدہ باز ایسے ایسے کھیلوں کو بڑے بڑے راجے مہاراجوں کی محفلوں میں دکھا کر سینکڑوں روپے انعام حاصل کرتے ہیں۔

گیارھواں حصّہ

یُورپ کا جادُو

میز پر کھڑا ہوا آدمی دیکھتے دیکھتے غائب

یہ کھیل اس طرح کیا جاتا ہے کہ پروفیسر صاحب ایک میز جو کہ بالکل صحیح سالم ہوتی ہے اور پہلے لوگوں کو دکھاتے ہیں۔ کہ اس میں کسی قسم کا بال تار یا پرزہ وغیرہ تو نہیں ہے۔ پھر اس کو اسٹیج پر رکھ کر اس کے اوپر ایک آدمی کو کھڑا کر دیتے ہیں۔ اور پھر پروفیسر صاحب لوگوں کے سامنے اپنے کھیل کی حقیقت بیان کر کے اس آدمی پر جادو کی چھڑی گھماتا ہے تو وہ آدمی سب تماش بینوں کے دیکھتے دیکھتے نظروں سے غائب ہو جاتا ہے۔ اس کو دیکھ کر لوگ حیران و پریشان رہ جاتے ہیں۔ بڑا ہی تعجب خیز و حیران کن کھیل ہے۔ کرنے کا طریقہ نیچے درج کیا جاتا ہے۔

جس جگہ پر کھیل کرنا ہوتا ہے۔ وہ پہلے زمین کے اندر جگہ کھول کر ایک گڑھا اتنا بڑا بنایا جاتا ہے کہ جس کے اندر ایک آدمی بخوبی بیٹھ سکے۔ اور اس میز کے اوپر کا تختہ بھی درمیان میں سے کاٹا ہوا ہوتا ہے۔ اور اس کے ساتھ اندر کی طرف سے ایک اسپرنگ اس قسم کا لگایا ہوتا ہے جس کو پروفیسر صاحب کا دوسرا ساتھی میز کے نیچے بیٹھ کر زمین والے

تختے کے ساتھ ملحق کر دیتا ہے۔ اور میز کے اوپر سیاہ رنگ کا پردہ ڈالا جاتا ہے۔ جو کہ آگے کی طرف زمین تک پڑا ہوا ہوتا ہے۔ جس سے میز کے نیچے کا حصہ تمام ڈھکا رہتا ہے۔ تاکہ میز کے نیچے کی تمام کاروائی سامنے بیٹھے ہوئے آدمی نہ دیکھ سکیں۔ پس پروفیسر صاحب کسی اپنے ساتھی کو اس کے اوپر کھڑا کر دیتے ہیں۔ اور میز کے پیچھے جو آدمی بیٹھا ہوا ہوتا ہے وہ اسپرنگ کو ہاتھ میں رکھتا ہے۔ پروفیسر صاحب جس وقت لوگوں کو اپنے کھیل کی حقیقت بتانے لگتے ہیں۔ تو وہ اپنے ہاتھ میں پکڑی ہوئی جادو کی چھڑی اس آدمی کے اوپر پھیرتے ہیں۔

اور ایک دو تین کہتے ہیں۔ تو حاضرین میز کے نیچے والا آدمی اس اسپرنگ کو کھینچتا ہے۔ اسپرنگ کو حرکت آتے ہی اوپر کا تختہ اس آدمی کو نیچے والے گڑھے میں لیجا کر بیٹھا دیتا ہے۔ اور دونوں تختے پھر سے اسی طرح قائم ہو جاتے ہیں۔ اور لوگ دیکھ کر حیران ہوتے ہیں۔ کہ وہ آدمی کہاں گیا۔ پس وہ پروفیسر صاحب کا ساتھی بھی اسی وقت وہاں سے غائب ہو جاتا ہے اور پروفیسر اس میز پر سے سیاہ رنگ کا پردہ اٹھا کر میز اور نیچے کی جگہ اچھی طرح سے دکھا دیتے ہیں۔ تاکہ لوگوں کا شک دور ہو جائے۔ کہ وہ آدمی میز کے نیچے بیٹھا ہوا نہیں ہے۔ جسے دیکھ کر لوگ اور بھی دنگ رہ جاتے ہیں۔ پروفیسر صاحب میز کو پھر اسی جگہ پر رکھ کر اس کے اوپر ہی پردہ ڈال دیا جاتا ہے اور لوگوں کو طرح طرح کی باتوں میں لگائے رکھتے ہیں۔ اسی وقت وہ گڑھے میں بیٹھا ہوا۔ آدمی باہر نکل کر میز کی دوسری طرف سے اپنے علیحدہ کمرے میں چلا جاتا ہے۔ جو کہ پروفیسر لوگوں نے اسٹیج کے نیچے یا کسی دوسری جگہ پر بنایا ہوا ہوتا ہے۔ پس تھوڑی دیر کے بعد پروفیسر اس آدمی کو آواز دیتے ہیں۔ تو وہ اندر سے نکل کر لوگوں کے سامنے آتا ہے۔ تو لوگ اور بھی دنگ رہ جاتے ہیں۔ اور اس کے کام کی تعریف کئے بغیر نہیں رہتے۔ نہایت ہی قابل قدر کھیل ہے۔ مگر دوسرے باقی کھیلوں کی طرح اس کھیل میں بھی مشق کی بہت ضرورت ہے۔ اس لئے پروفیسر صاحب کو چاہیئے کہ پہلے اپنے ساتھیوں کو گھر پر ہی خوب اچھی طرح مشق کروالیں۔

اینٹوں کے جنگلے سے لیڈی کا غائب ہونا

اس کھیل کو شعبدہ باز اس طرح کرتے ہیں۔ کہ ایک لیڈی کو اسٹیج پر لاکر سب حاضرین کو دکھا کر اس کے ارد گرد اینٹوں کی دیوار چن دیتا ہے۔ مگر جب کوئی دوسرا آدمی اس اینٹوں کی دیوار کو گرا دیتا ہے۔ تو اندر سے لیڈی غائب ہوتی ہے۔ بڑا ہی تعجب خیز کھیل ہے۔ لوگ دیکھ کر حیران و ششدر رہ جاتے ہیں۔ اس کھیل کو کرنے کی ترکیب ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

جہاں کھیل کرنا ہوتا ہے۔ وہاں پر پہلے ہی سے فرش زمین پر اسٹیج کے اوپر ایک بڑا سا

گڑھا کھودا جاتا ہے۔ اور اس کے اوپر وہ تختے ڈال کر اوپر سے مٹی وغیرہ ڈال دی جاتی ہے۔ تاکہ فرش ایک سا ہو جاوے۔ پھر جب کھیل کو دکھانا منظور ہوتا ہے۔ تو پہلے لیڈی کو لاکر حاضرین کو دکھایا جاتا ہے۔ بعد میں اس کو اس ایک تختے کے اوپر کھڑا کر دیا جاتا ہے اور اس کے ارد گرد اینٹوں کی دیوار اس ترکیب سے چنی جاتی ہے۔ کہ ایک طرف کا دیوار کا حصہ اس تختے جس پر کہ لیڈی کو کھڑا کیا گیا ہے۔ اس کے اور دوسرے تختے کے درمیان آدے تاکہ ایک تختہ دیوار کے اندر اور ایک باہر کی طرف رہے۔ پس جس وقت دیوار چنی جاتی ہے۔ تو وہ لیڈی فوراً اس تختے کو اٹھا کر دور کر کے گڑھے میں داخل ہو کر پھر دوسری طرف کے تختے کو اٹھاتی ہے۔ اور دیوار کے پیچھے ہی سے پردے کے پیچھے چلی جاتی ہے۔ اور غائب ہو جاتی ہے۔ پھر پروفیسر صاحب جادو کی چھڑی اٹھا کر حاضرین کے سامنے آکر کچھ باتیں وغیرہ سناتے ہیں۔ اور اپنے کھیل کی حقیقت لوگوں پر واضح کرتا ہے۔ اور اس طریقہ سے وہ اس لیڈی کو موقع دیتا ہے۔ تاکہ وہ جلدی سے اس قلعہ نما دیوار میں سے باہر نکل جاوے۔ جب اس کو یقین ہو جاتا ہے۔ کہ لیڈی نکل گئی ہے۔ تو حاضرین میں سے ایک آدمی کو بلاتا

ہے اور کہتا ہے کہ اس دیوار کو گرا دو۔ جب وہ دیوار کو گراتا ہے۔ تو پہلے وہ خود حیران و ششدر رہ جاتا ہے بعد میں دوسرے لوگ بھی جب وہاں سے لیڈی کو غائب دیکھتے ہیں۔ تو محو حیرت میں رہ جاتے ہیں۔ اور پھر آپس میں ایک دوسرے سے پوچھنا شروع کر دیتے ہیں۔ کہ بھی کمال ہے۔ ہم لوگوں کے سامنے لیڈی کو یہاں کھڑا کر کے اور گرد دیوار بنائی گئی۔ مگر معلوم نہیں کہ لیڈی کو پھر کون سا فرشتہ اٹھا کر لے گیا۔ تمام لوگ پروفیسر جی کے کمال کی داد دیتے ہوئے تعجب میں ڈوب جاتے ہیں۔ نہایت ہی عمدہ و بہترین کھیل ہے۔ پروفیسر صاحبان ایسے ایسے کھیل دکھا کر ہی بڑے بڑے رئیس و امیر لوگوں کی محفلوں سے ہزاروں۔ سینکڑوں روپے نقد انعام حاصل کر لیتے ہیں۔

جادو کا صندوقچہ

عامل کو چاہیے کہ موٹے موٹے کاغذوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹ کر تاش کے پتوں کے برابر بنالیں۔ اور ان کے اوپر آک کے دودھ کی سیاہی کے ساتھ جو سوال کرنا ہو لکھ لیا جاوے اور پھر اس کے ساتھ ہی اس کا جواب بھی ذیل کی سیاہی کے ساتھ لکھ دو۔ سیاہی بنانے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ نوشادر کو کھار جیا کے ساتھ ملا کر ایک جز کر لو۔ پھر اس میں تھوڑا سا پانی ملا لو۔ پھر اس کے ساتھ سوال اور جواب کو یعنی دونوں کو لکھ لو۔ پس جس وقت تک اس سیاہی کے ساتھ لکھی ہوئی تحریر کو گرمی نہ دکھائی جاوے گی۔ تب تک اسے کوئی نہ پڑھ سکے گا۔ جس وقت اس تحریر کو آگ یا گرمی کے پاس لے جایا جائے گا۔ تو گرمی پاتے ہی وہ تحریر فوراً ان کاغذوں کے اوپر ابھر آئیں گے اور پھر کوئی بھی انہیں صاف صاف پڑھ سکتا ہے۔ مگر تحریر کا رنگ سبز ہو گا۔ مختلف کاغذوں پر مختلف ہی سوال اور جواب لکھ دو۔ اور اس عمل کو اس شعبدے کے ساتھ منع نہیں ہے۔ اور نہ ہی کوئی آدمی شبہ کر سکتا ہے۔ کہ اس میں یہ سوال یا اس کا یہ جواب غلط ہے۔ پھر اس کے بعد ایک صندوقچہ لکڑی کا بناؤ۔ اور اس صندوقچے کے اندر مچھلی کے فلوں کی پچکاری کرو۔ اس کو اب تم سیلی کمیو کے نام سے پکارتے ہو۔ جس وقت یہ صندوقچہ بن کر تیار ہو جائے تو لوگوں کو اس کا تماشہ دکھانے سے پہلے اس کے

اندر ایک گرم سلاخ جو کہ دو انچ چوڑی اور تقریباً چھ انچ لمبی ہو رکھ دینی چاہیئے۔ اور تماش بینوں سے پھر کہو کہ وہ اپنے اپنے دلوں میں کوئی سوال سوچ لیں ہم ان کا جواب اس طلسمی صندوقچے کے ذریعے دیں گے پس جتنے آدمی سوال کرتے جاویں اتنے ہی کاغذ پھاڑ کر اس صندوقچے کے اندر داخل کرتے جاؤ۔ اور وہ کاغذ پہلے لوگوں کو دکھا لو کہ بالکل خالی کاغذ ہیں ان پر کچھ لکھا ہوا نہیں ہے۔ جب کاغذ تمام سوالوں کے اس صندوقچے کے اندر ڈال چکو۔ تو پھر اپنے ساتھ والی لیڈی کی تعریف کرنی شروع کر دو۔ اور منہ سے یہ بات کہو کہ اے لیڈی ہمارے سوالوں کے جواب مہربانی کر کے ٹھیک ٹھیک بتاؤ تاکہ ہم کو اپنے حال سے آگاہی ہو جائے۔ اور جو کچھ تم مناسب سمجھو اپنی زبان سے بغیر کسی روک ٹوک کے کہتے چلے جاؤ۔ تاکہ لوگ یہ سمجھیں کہ یہ ضرور کوئی جادو کا کام ہی کرتے جاتا ہے۔ اور وہاں پر جتنے آدمی بیٹھے ہوئے ہوں گے سب اپنی اپنی عقل کے مطابق تمہاری باتوں پر قیاس آرائیاں کرنے لگیں گے۔ پس اسمیں تمہارا کام بن جائے گا۔ اور لوگ تمہاری چالاکی کو نہ سمجھ پائیں گے اور تم کو ایک بہت بڑا جادوگر تصور کرنے لگیں گے۔ اتنی دیر میں اس گرم سلاخ کی گرمی سے

وہ کاغذ پر کے تحریر شدہ جواب و سوال باہر نمودار ہو آویں گے۔ پس تم ان کو نکال کر لوگوں کو دکھلاؤ۔ چونکہ تم نے سارے سوالات اپنے پاس پہلے ہی سے لکھ کر رکھ لئے تھے۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ ان سوالوں میں سے کوئی ایسا سوال ہوگا۔ جو کہ کسی نے نہ کیا ہو۔ سو وہ تم کہہ سکتے ہو کہ یہ غلطی یا تو سوال کرنے والے سے ہوئی ہے۔ اور یا ہمارے بیر کو سننے میں ہوئی ہے۔ وہ بھی چونکہ تم نے اپنی مرضی سے لکھے ہوئے ہیں۔ اور وہ چونکہ مستقبل میں ہونے والے ہوتے ہیں اس لئے ان پر کوئی اعتراض بھی نہیں کر سکتا۔ اور سب لوگ یہی سمجھتے ہیں۔ کہ جس طرح یہ سوال اس نے بالکل ٹھیک بتا دیئے۔ اسی طرح سے جواب بھی ٹھیک ہی ہوں گے۔ اور سب لوگ پھر تمہارے کام پر عش عش کرنے لگ جاویں گے۔ اور ایک بہت بڑا عامل و جادوگر تصور کرنے لگیں گے۔ چونکہ تمام لوگ یہ دیکھیں گے کہ تمام سوالات اور جواب ایک ہی جگہ سے نکل رہے ہیں۔ اس لئے سب لوگ ایک شخص کے خیالات کو دوسرے کے خیالات کے مطابق ہی سمجھنے لگے گا۔ اس میں کوئی کلام نہیں۔ اور نہ ہی ڈرنے اس کام پر کوئی کسی قسم کا شک و شبہ ہی کر سکتے ہیں۔ نہایت اعلیٰ و حیران کن کھیل ہے۔ کئی لوگ اس کھیل کو دیکھ کر کھیل کے بعد عامل کو مل کر یہ پوچھنے کی کوشش کیا کرتے ہیں کہ میرا فلاں کام پورا ہوگا۔ یا نہیں۔ عامل کو چاہیئے کہ آگے سے یہ جواب دے دے کہ بھائی صاحب۔ میں کوئی نجومی یا جوتشی نہیں ہوں۔ جو ہر وقت تمہاری باتوں کا جواب دے سکوں۔ یہ تو صرف اسی وقت ہوتا ہے جبکہ ہم عمل کو کرتے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور بیروں کو بلا کر ہر بات کا جواب لے لیتے ہیں۔ یہ بات بھی عامل کو یاد رکھنی چاہیئے۔ کہ ان جوابوں کو زیادہ دیر تک اپنے پاس نہ رہنے دے۔ ورنہ سردی لگتے ہی حرف مٹ جائیں گے۔

کسی شخص کے سوال کا جواب خود بخود سلیٹ پر لکھا جاوے

یہ بھی نہایت ہی عمدہ عجیب و غریب کھیل ہے۔ یعنی جو سوال تماش بین کریں ان کا جواب خود بخود سلیٹ پر لکھا ہوا نظر آوے۔ اس کھیل میں دو عدد سلیٹیں ہوتی ہیں۔ اور وہ

دونوں ایک سلیٹوں کو ربڑ کی تار کے ساتھ ملایا ہوا ہوتا ہے اور ان کے درمیان ایک ٹکڑا چاک کا رکھا ہوا ہوتا ہے۔ پھر عامل لوگوں کو بالکل خاموش کرا دیتا ہے۔ جب چاروں طرف اچھی طرح سے سناٹا چھا جاتا ہے۔ تو پھر حاضرین کان لگا کر سنتے ہیں۔ تو چاک کے ساتھ سلیٹ پر لکھنے کی آواز آتی ہے۔ مگر لکھنے والا دکھائی نہیں دیتا۔ پھر اگر اس ربڑ کی تار کو اتار کر سلیٹوں کو دیکھا جائے تو ایک سلیٹ پر کچھ تحریر نمودار ہوتی ہے۔ نہایت ہی حیران کن اور دریائے حیرت میں ڈالنے والا کھیل ہے۔ ترکیب بھی اس کی بہت ہی آسان ہے۔ جو تحریر

اس سلیٹ پر تماش بینوں کو دکھائی جاتی ہے۔ دراصل وہ تحریر پہلے ہی سے اس سلیٹ پر لکھ لی جاتی ہے۔ یعنی ایک سلیٹ پر ایک کاغذ کا ٹکڑا جو کہ سیاہ رنگ کا ہوتا ہے۔ اس تحریر کے اوپر لگا رہتا ہے۔ تاکہ وہ تحریر نظر نہ آوے۔ دونوں طرح صاف دکھائی دیتی ہیں۔

ایک سلیٹ تو حسب مندرجہ بالا طرح کی ہوتی ہے اور دوسری سلیٹ جو کہ بالکل خالی پڑی ہوئی ہے۔ وہ سلیٹ لوگوں کو دکھائی جاتی ہے۔ جب لوگ اسکو اچھی طرح سے دیکھ لیتے ہیں۔ تو عامل لوگوں سے کہتا ہے کہ کیا آپ کو دوسری سلیٹ بھی دکھا دوں۔ اس طرح ساتھ ہی دوسری سلیٹ پکڑ کر وہ اپنے ہاتھ میں ہی ذرا دور سے دونوں جانب سے دکھا دی جاتی ہے۔ اور لوگ سمجھ جاتے ہیں کہ یہ بھی سلیٹ پہلے کی طرح ہے اور ان کا شبہ بالکل دور ہو جاتا ہے۔ پھر عامل صاحب ان دونوں سلیٹوں کو اس طرح پکڑتا ہے۔ جس طرح تاش کو پھینٹتے وقت پکڑا جاتا ہے۔ یعنی پہلی سلیٹ انگوٹھے اور انگلی کے درمیان پکڑی جاتی ہے۔ اور دوسری سلیٹ کو عامل اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی اور درمیانی انگلی کے درمیان پکڑتا ہے۔ پھر دونوں ہاتھوں کو آپس میں ملا دیا جاتا ہے۔ لیکن جس وقت ان دونوں سلیٹوں کو ایک دوسرے سے اوپر رکھتا ہے تو اس وقت عامل کے ہاتھوں کی پوزیشن تبدیل ہو جاتی ہے کہ اس کے دائیں ہاتھ کا انگوٹھا اور انگلی یہ دونوں اس پہلی سلیٹ کو پکڑ لیتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی بائیں ہاتھ کی انگلی اور درمیانی انگلی جس میں دوسری سلیٹ بھی پکڑے رکھتے ہیں۔ پھر اپنے دونوں ہاتھوں کو علیحدہ کر دیا جاتا ہے۔ اور جس سلیٹ کو آگے تماشائی دیکھ چکے ہیں۔ پھر وہی سلیٹ تماشائیوں کے آگے کر دی جاتی ہے۔ الٹی سلیٹ دیتے وقت یہ صفائی کرنا بڑی مشق کا کام ہے تاکہ تماشائی بین یہ نہ پہچان سکیں کہ یہ سلیٹ وہی ہے؟ یا دوسری سلیٹ ہے۔

اب دوسری دفعہ اس طرح کیا جاتا ہے کہ دوسری سلیٹ کو اس میز پر رکھ کر دو پہلی سلیٹ بھی دوبارہ لے کر دونوں کو ایک دھاگے یا کسی ربڑ کی تار کے ساتھ باندھ دیا جاتا ہے۔ مگر یہ خیال رہے کہ دوسری سلیٹ کا لکھا ہوا حصہ جس پر کہ سیاہ رنگ کا کاغذ لگایا ہوا ہوتا ہے۔ وہ اوپر کی طرف کو رکھا جاتا ہے۔ پھر عامل دونوں سلیٹوں کو اپنے ایک ہاتھ میں پکڑ کر پھر اس پہلی سلیٹ کا کاغذ ہاتھوں کی انگلیوں کے ساتھ نیچے سے کریدنا شروع کر دیتا ہے جس کو لوگ یہ سمجھتے ہیں۔ کہ کوئی مدھم سی آواز آ رہی ہے۔ شاید چاک سے کوئی لکھ رہا ہے۔ جب زیادہ دیر کریدتے ہوئے ہو جاوے۔ تو عامل اس کو چھوڑ دیتا ہے۔ تاکہ لوگ محو نہیں ہو جاویں۔ پھر وہ دونوں سلیٹوں کو اوپر نیچے رکھ دیتا ہے۔ مگر سلیٹیں رکھتے وقت اس

بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ تحریر والی سلیٹ اوپر رکھی جائے۔ جس پر کہ سیاہ رنگ کا کاغذ لگا ہوا ہے۔ جب اس سلیٹ کو اٹھا کر لوگوں کو دکھایا جاوے گا۔ تو اس پر چند حروف یا ہندسے لکھے ہوئے ہوں گے جن کو لوگوں پر یہ ظاہر کیا جاتا ہے۔ کہ یہ حرف کسی نامعلوم غیبی طاقت نے لکھے ہیں۔ بڑا حیران کن کھیل ہے۔

پھولوں کے گلدستے پر خوبصورت لیڈی کا سر

یہ کھیل اس طرح پر ہے کہ پروفیسر صاحب ایک عورت کو پہلے حاضرین کو دکھاتے ہیں۔ اور پھر سب کے سامنے اس کو بے ہوش کر کے سر کاٹ کر پھولوں کے گلدستے پر لگا دیتے ہیں۔ جس کو دیکھ کر لوگ حیران وششدر رہ جاتے ہیں۔ اس کا طریقہ ذیل میں درج کرتے ہیں۔

پہلے ایک میز ایسی تیار کی جاتی ہے۔ جس کے اوپر کے حصے میں دو تختے اس قسم کے لگا دیئے جاتے ہیں۔ جن کے درمیان ایک گردن جتنی جگہ خالی چھوڑی ہوئی ہوتی ہے۔ پھر جس جگہ یہ کھیل کرنا ہوتا ہے۔ اس اسٹیج کے ارد گرد اور اوپر سیاہ رنگ کے پردے لگا دیئے جاتے ہیں۔ اور میز کے آگے بھی اور پھر وہاں مدھم سی روشنی کر دی جاتی ہے۔ پھر پروفیسر اپنے جادو کے زور سے کسی عورت کو بے ہوش کر کے اس کا سر کاٹ لیتا ہے۔ جس وقت لوگوں کے سامنے اس سر کو کاٹا جاتا ہے۔ تو اس کی لاش کو جو کہ دراصل بمعہ سر کے ہی ہوتی ہے۔ اور زندہ بھی ہوتی ہے۔ یہ کہہ کر اس کا سر اتار لیا گیا ہے اس کو اندر لے جاؤ۔ اور پھر اسی لیڈی کو دوسرے راستے سے ان پردوں کو اٹھا کر اس میز کے اندر جو جگہ بنائی ہوئی ہوتی ہے۔ داخل کر دیا جاتا ہے۔ اور اس کا اگلا پردہ گرا دیا جاتا ہے۔ باہر پروفیسر صاحب لوگوں کی توجہ کو بہت خوبصورتی سے اپنی باتوں میں لگائے رکھتے ہیں۔ اور ادھر ان کا مددگار [illegible] لیڈی کو اس میز کے اندر بٹھا کر اوپر وہ دونوں تختے لگا دیتا ہے۔ اس طرح سے اس لیڈی کی گردن ہی صرف باہر رہتی ہے۔ جو لوگوں کو نظر آ سکتی ہے۔ پھر اس کی گردن کی ارد گرد [illegible] سے پھول [illegible] پتے وغیرہ لگا دیئے جاتے ہیں۔ اتنا کر چکنے کے بعد وہ دوسرا آدمی

باہر نکل آتا ہے۔ اور پروفیسر صاحب نے لوگوں کے سامنے سر کاٹا تھا۔ تو اس کے بجائے ایک مٹی کا سر دکھایا تھا۔ اور لوگوں سے کہا تھا۔ کہ اس کو اب میں میز پر رکھ دیتا ہوں۔ میرے جادو کے زور سے ایک گلدستہ پر آجائے گا۔ پس جس وقت وہ آدمی باہر نکل ادے تو پروفیسر صاحب کو چاہیئے۔ کہ فوراً جادو کی چھڑی اٹھا کر اس اسٹیج کے ارد گرد پھیرے اور ساتھ ہی منہ سے کچھ گن گن بھی کرتا جاوے جس سے لوگ یہ سمجھیں کہ شاید کوئی جادو کر رہا ہے۔ پس اتنا کرنے کے بعد فوراً اس سامنے والے پردے کو اٹھا دیں۔ تو دیکھتے ہی لوگ حیران و ششدر رہ جائیں گے۔ کہ واقعی ایک گلدستے کے اوپر سچ مچ کی عورت کا سر پڑا ہوا ہے۔ لوگ دیکھتے ہی عش عش کر اٹھیں گے۔ اور آپ کے جادو کے معتقد ہو جاویں گے۔

نہایت بہترین اور محو حیرت کر دینے والا کھیل ہے۔ اس کھیل کی بدولت پروفیسر صاحبان بڑے بڑے راجے مہاراجوں اور امیروں وزیروں کے دربار سے ہزاروں، سینکڑوں روپیہ انعام حاصل کر لیتے ہیں۔ بہت سے لوگوں کو ہم نے دو دو سو روپیہ فیس دے کر یہ تماشہ سیکھتے ہوئے دیکھا ہے۔ مگر اس میں مشق و محنت اور ہاتھ کی صفائی کی ضرورت ہے۔

بارھواں حصہ

کالا جادو

بذریعہ خواب تقدیر کا حال معلوم کرنے کا طریقہ

[illegible] خواب [illegible] جو دیکھے جاتے ہیں ان کا [illegible] ملتا ہے [illegible] رات کے وقت جو خواب دیکھے جاتے ہیں ان کا اثر عام طور پر ایک سال بعد [illegible] رات کو جو خواب دیکھے جاتے ہیں ان کا پھل قریب قریب [illegible] مل جاتا ہے۔ پو پھٹنے کے وقت یا جب آنکھ کھلنے کو ہوتی ہے اس وقت کا خواب دیکھا ہوا اسی دن [illegible] خواب اور ان کی تعبیر لکھتے ہیں [illegible] قسم کا خواب [illegible] میں پاؤ گے۔ سینکڑوں سال کے پرانے تجربے کے بعد یہ تعبیرات معلوم ہوئی ہیں۔

خواب	تعبیر
اخروٹ چننا۔	تجارت سے نفع ہو۔
اخروٹ توڑنا۔	بےوفا سے پالا پڑے۔
انڈا خریدنا۔	دولت اور اولاد ملے۔
انڈا بیچنا۔	صاحب اولاد اور دولت ملے۔
انڈا کھانا۔	خوش نصیبی کی علامت ہے۔
انڈا توڑنا۔	دشمنی پیدا ہو۔
انگلی کاٹنا۔	مقدمہ بازی ہو۔
انعام دینا۔	خوش و خرم ہو۔
انعام لینا۔	غم و فکر مول لے۔
انگور کا گچھا دیکھنا۔	درجہ بڑھے عزت ملے۔
انار ملنا۔	دولت ملے۔
انار کھانا۔	خوشحالی نصیب ہو۔
اپنے آپ کو ننگا دیکھنا۔	دوست کی موت ہو۔
اپنے بیٹے کو مردہ دیکھنا۔	مصیبت آئے۔
آسمان پر چڑھنا۔	سفر سے فائدہ ہو۔
آسمان سے گرنا۔	درجہ گھٹے ذلیل ہو
آنکھوں میں سرمہ لگانا	موت کی خبر ملے۔
اپنے آپ کو پاگل دیکھنا۔	مرادیں حاصل ہو۔
بدبو آنا۔	نقصان پہنچے
باغ کی سیر کرنا۔	درجہ بلند ہو۔
بدبو دور کرنا۔	ترقی زر و دولت و اقبال ہو
بجلی دیکھنا۔	بے چین ہو
بادل کی گرج سننا۔	مصیبت آئے۔

خواب	تعبیر
بال جل جانا۔	دوست [illegible]
بال گرنا۔	دوست کی وفات
بال لمبے ہو جائیں۔	لائق شخص سے ملاقات ہو۔
آنکھ سے اندھا ہو۔	دوست کی موت ہو۔
آگ میں کچھ پکانا۔	نفع ہو۔
آگ اٹھانا۔	غیب سے مال ملے۔
بجلی دیکھنا۔	ناگہانی آفت آئے
بندر دیکھنا۔	طبیعت پریشان ہو۔
بیل دیکھنا۔	زر ملے۔
جوتا ہوا بیل دیکھنا۔	رنج و غم ہو۔
بلند جگہ سے گرنا۔	تنزل و نقصان ہو۔
بادشاہ کو دیکھنا۔	خوشحالی نصیب ہو۔
بادشاہ کی موت:	ملک کی تباہی ہو۔
بازو سوکھ جانا۔	صحت و دولت کی ترقی۔
بدکلامی کرنا۔	جھگڑا ہو۔
بدکلامی سننا۔	جھگڑا ہو۔
تماشہ دیکھنا۔	بیمار ہو
پانی پینا۔	رنج و غم ملے
پانی پر چلنا	دشمن مغلوب ہوں
پانی میں تیرنا۔	[illegible] دولت۔
پرندے اڑتے دیکھنا۔	[illegible] سفر [illegible]
پیرن اڑتے دیکھنا۔	بیوی کی موت ہو۔
پشت مضبوط دیکھنا۔	دوست [illegible]

تعبیر	خواب
نقصان ہو	پشت ٹوٹنا۔
عیاش ہو۔	پشت کا کھلنا۔
کامیاب ہو۔	پوشاک سفید پہننا۔
وفات دشمن یا جھگڑا ہو۔	پوشاک سیاہ پہننا۔
خوش ہو۔	پوشاک نیلی پہننا۔
پریشانی اور غم ہو۔	پوشاک زرد پہننا۔
سفر کرے۔	پوشاک سبز پہننا۔
بیمار ہو۔	پوشاک سرخ پہننا۔
حالات میں تبدیلی ہو۔	پوشاک ہفت رنگی پہننا۔
کامیابی ہو۔	پل سے پار ہونا۔
مصیبت یا ادبار	پل سے گرنا۔
دلی مراد بر آئے۔	پھول جمع کرنا۔
اولاد کی موت۔	پھول ہاتھ میں مرجانا۔
بیمار ہو جانا۔	پھول سبز جمع کرنا۔
فرزند پیدا ہو۔	پھل پختہ دیکھنا۔
لوگ محبت و عزت سے پیش آئیں	پھولوں پر چلنا۔
فرزند سے جدائی ہو۔	پھول پھینکنا۔
گمشدہ چیز یا دفینہ ہاتھ آئے۔	پیاز کھانا۔
استقرار حمل۔	تالاب دیکھنا۔
تونگر فرزند ہو۔	تالاب میں مچھلی دیکھنا۔
لڑکی پیدا ہو۔	تالاب میں چھوٹی مچھلی دیکھنا۔
آفت آئے۔	تاریکی میں جانا۔
مصیبت سے رہائی۔	تاریکی سے نجات پانا۔

خواب	تعبیر
چوہے سے ڈرنا۔	دشمن سے خوف۔
چوہے کا غالب آنا۔	مصیبت آئے۔
چوکھٹ دیکھنا۔	کسی سے ازحد محبت ہو۔
چکور کو دیکھنا۔	لڑکا پیدا ہو۔
چنے کے کھیت میں جانا۔	سفر درپیش آئے۔
چھت پر چڑھنا۔	اقبال بلند ہو۔
چنے بھونے ہوئے چبانا۔	نقصان مفلسی۔
چھت سے گرنا۔	بد اقبالی۔
چونٹیاں مصروف محنت۔	محنت سے فائدہ ہو۔
چونٹیاں تکلیف میں۔	دشمن سے نقصان پہنچے۔
حلوہ کھانا۔	خوش نصیبی حاصل ہو۔
خون جسم سے نکالنا۔	مصیبت میں مبتلا ہونا۔
خون دوسرے کے جسم سے نکالنا۔	اُس پر غالب آنا۔
خون دشمن کے جسم سے نکالنا۔	محبت سے نقصان پہنچے۔
دانت کا اکھڑنا۔	دوست سے جدائی۔
دال دلنا۔	جھگڑا۔ لڑائی ہو۔
دریا صاف دیکھنا۔	آرام سے رہے۔
دریا گندلا دیکھنا۔	تکلیف ہو۔
دریا میں پھنس جانا۔	رنج و غم ہو۔
دریا سے پار ہونا۔	موت ہو۔
دریا کا پانی پینا۔	ترقی عزت۔
درخت پر چڑھنا۔	ترقی مرتبہ۔
درخت سے گرنا۔	مصیبت۔ تنزلی۔

تعبیر	خواب
نقصان ہو۔	درخت کاٹنا۔
ارادوں میں تبدیلی۔	دشمن سے لڑائی۔
غلبہ۔ نفع ہو۔	دشمن کا خون کرنا۔
نقصان ہو۔	دشمن اپنا خون نکالے۔
مایوسی ہو۔	دعوت دیکھے۔
کامیابی ملے۔	دعوت میں شامل ہو۔
خوشخبری ملے۔ خوش ہو۔	دودھ خریدنا۔
ناکامی ملے۔	دودھ بیچنا۔
کامیابی کی علامت۔	دوڑنا پیدل۔
ناکامیابی حاصل ہو۔	دوڑنا گھوڑے پر۔
منحوسیت کی نشانی۔	دوست ملنا۔
دولت مند رشتے دار سے فائدہ۔	دوست کی فکر۔
بیمار ہو۔	دوڑ کر ہضم کرنا۔
خطرہ اندیشہ۔	دیوار کمزور پر چلنا۔
کامیابی ہر کام میں۔	دیوار سے بخیر و عافیت گزرنا۔
علامت تکلیف۔	داڑھ کا اکھڑنا۔
ارادہ میں کامیابی ہو۔	داڑھی کا بڑھنا۔
خوشی ملنا۔	داڑھی کا گھنا ہونا۔
علامت زوال ہے۔	داڑھی کا گر جانا۔
آفت آئے۔	رات کو اکیلے گھومنا۔
مال محفوظ رہے۔	رات کو لوگوں کے ساتھ پھرنا۔
گرنے سے خطرہ۔	رات کو یکایک گھر آنا۔

خواب	تعبیر
راستہ سیدھا چلنا۔	کامیابی ہو۔
راستہ ٹیڑھا چلنا۔	دوست سے دھوکہ ملے۔
رونا	خوش ہو۔
رونا کسی اور کو دیکھنا۔	خوش نصیبی کی علامت ہے۔
روشنی دیکھنا۔	دولت و عزت ملنا۔
روشنی کا کم ہونا۔	بداقبالی۔
سانپ کاٹنا۔	غم ہونا۔
سانپ کا مردہ دیکھنا۔	اولاد سے رنج ہو۔
سپاہی مسلح دیکھنا۔	شکست ہو۔
سونا دیکھنا۔	مال ملے۔
سپاہی کے پیچھے دوڑنا۔	گرفتاری ہو۔
سونے کی ڈلیاں دیکھنا۔	جائیداد ہاتھ آنا۔
سونے کا سکہ دیکھنا۔	کامیابی ہو۔
سونا کسی کو دینا۔	عزت افزائی ہو۔
سونا گرنا۔	مصیبت ہو۔
سونا کھو جانا۔	ناگہانی آفت آئے۔
سونا پڑا ہوا پانا۔	دشمن سے صلح ہو۔
سونے کا گھر دیکھنا۔	رنج و نقصان ہو۔
شادی دیکھنا۔	رشتے دار مرجائے۔ یا بیمار ہو۔
شادی کرنا۔	مصیبت آئے۔
شراب دیکھنا۔	مال حرام ملے۔
شراب پینا۔	سرداری ملے۔
شکار خرگوش کا دیکھنا۔	ناکامی ہو۔

خواب	تعبیر
شہد کی مکھیاں مصروف۔	محنت سے فائدہ ہو۔
شہد کی مکھیاں اڑتے ہوئے دیکھنا۔	بدنامی ہو۔
شہد کی مکھی ڈنک مارے۔	نقصان ہو۔
شیر خوار بچہ دیکھنا۔	مصیبت آئے۔
شیطان سے خوف نہ کھائے۔	دشمن پر غالب رہے۔
شیطان سے خوف کھانا۔	نقصان جان۔
شیشہ ٹوٹنا۔	ناجائز گفتگو۔
شیشہ دیکھنا۔	عشق و محبت۔
طوطا دیکھنا۔	فرزند پیدا ہو۔
طوطا اڑتے دیکھنا۔	دوست جدا ہو۔
طوطا پنجرے میں دیکھنا۔	مصیبت آئے۔
طوطا بولتے ہوئے دیکھنا۔	خوشحالی آئے۔
طوطے سے بچہ پیدا ہو۔	رنجش و غم۔
عبادت [illegible]	رشتہ دار کی موت۔
عورت گرد دیکھنا۔	نحوست کی علامت۔
عطر فروخت کرنا۔	دوست سے جدائی۔
عطر لگانا۔	عورت سے ملاقات ہو۔
عطر خریدنا۔	گمشدہ دوست سے ملاقات۔
غار میں گرنا۔	نشانی مصیبت۔
غار سے نکلنا۔	مال ملنا۔
غصہ ہونا۔	نقصان ہو۔
غلہ پختہ جمع کرنا۔	مراد بر آئے۔
غلہ خام جمع کرنا۔	دیر میں کامیابی ملے۔

خواب	تعبیر
غلیل چلانا۔	دنگہ فساد ہو۔
فرشتے دیکھنا۔	بیمار ہو۔
فساد کرنا۔	دشمن پیدا ہو۔
فساد غالب ہونا۔	نفع ہونا۔
فساد میں جانا۔	نقصان ہو۔
کاغذ سفید ہو۔	ندامت نہ ہو۔
کاغذ میلا دیکھے۔	بدی ہو۔
کاغذ لکھا ہوا دیکھے۔	نفع ہو۔
کاغذ تہہ بہ تہہ دیکھنا۔	دلی مقصد بر آجائے۔
کبوتر دیکھنا۔	عشق ہو۔
کپڑا خریدنا۔	بیمار ہو۔
کتاب پڑھنا۔	عزت بڑھے۔
کتے سے کھیلنا۔	دوست ملے۔
کتے کا بھونکنا۔	دشمن پیدا ہوں۔
کتے کو چپ کرنا۔	سست [illegible] دوست پیدا ہوں۔
کشتی میں اکیلا ہونا۔	دوست کی جدائی ہو
کشتی میں دوستوں کے ساتھ۔	جلسہ میں شریک ہو۔
کشتی خطرہ میں۔	خوف ناکامی۔
کشتی کا الٹ جانا۔	خراب خواہش پیدا ہو۔
کشتی دیکھنا۔	لڑائی جھگڑا۔
کشتی لڑنے میں جیتنا۔	ترقی عزت و دولت۔
کشتی ہارنا۔	دشمن سے نقصان پہنچے۔
کوئلہ جلتا ہوا دیکھنا۔	مصیبت آنا۔

تعبیر	خواب
نفع ہو۔	کھانا کھانا۔
گھر میں نااتفاقی ہو۔	کھانے کی چیزوں سے نفرت ہونا۔
گھر میں خوشحالی ملنا۔	کسی کو کھانا کھاتے ہوئے دیکھنا۔
دفینہ سے مال ملنا۔	کھیت میں سے گذرنا۔
مصیبت کی علامت ہے۔	کھیت چنے میں سے گذرنا۔
نقصان ہو۔	کانٹے دار جھاڑیوں میں سے گذرنا۔
خوبصورت فرزند پیدا ہو۔	کنواں دیکھنا۔
گرفتار مصیبت۔	کنواں میں گرنا۔
مصیبت سے نجات ملے۔	گدھے کا ہانکنا۔
بیمار ہو۔	گدھے پر سوار ہونا۔
دولت مند نوکر ملے۔	گدھے کو کچھ کھلانا۔
ترقی ہو۔	گدھا بوجھ سے لدا ہوا دیکھے۔
فائدہ ہو۔	گھوڑا دیکھے۔
فرشت ہوئے۔	گھوڑا سیاہ دیکھے۔
دلی مراد بر آئے۔	گھوڑا دوڑنا۔
مصیبت آئے۔	گھوڑے سے گرنا۔
لڑائی جھگڑا ہو۔	گوشت کچا دیکھنا۔
دشمن سے صلح ہو۔	گوشت اُبلا ہوا دیکھنا۔
شادی ہو۔	گھونچی دیکھنا۔
عورت کی بے وفائی کی علامت ہے	گھونچی کا گرنا۔
فرزند پیدا ہو۔	لعل دیکھنا۔
فرزند یا دوست ملے۔	لعل بیچنا۔
گمشدہ دوست ملے۔	لعل خریدنا۔

خواب	تعبیر
لکڑی خریدنا۔	مصیبت آ جائے۔
لکڑی کاٹنا۔	محبت ہو۔
محراب دیکھنا۔	مصیبت آئے۔
مسجد دیکھے۔	عابد ہو۔
مندر دیکھے۔	عابد راست گو ہو۔
مسلح مرد سے بھاگنا۔	کامیابی ہو۔
کسی کی موت دیکھے۔	شادی ہو۔
اپنے کو مرا ہوا دیکھنا۔	دلی مراد حاصل ہو۔
مزدور دیکھنا۔	فائدہ حاصل ہو۔
مکڑی دیکھنا۔	علامت بیماری۔
مچھلی کانٹے میں سے بھاگ جانا۔	جھوٹا عشق ہو۔
مچھلی پکڑنا۔	محبت میں کامیابی ہو۔
مُردہ اٹھانا۔	حرام کا مال ملنا۔
مردہ کو کچھ دینا۔	نقصان ہو۔
میوہ کچا دیکھنا۔	ناکامی ہو۔
میوہ پختہ دیکھنا۔	دلی مراد بر آئے۔
میوہ دار باغ میں جانا۔	رشتہ دار سے جائداد ملے۔
مردہ کو پکارنا۔	نشان موت۔
ناچ و گانا دیکھے۔	رنج و غم ہو۔
ناچ دیکھنا۔	خوشحالی ہو۔
نارنگی دیکھنا۔	ترقی دولت و عزت۔
ناک کٹی ہوئی دیکھنا۔	ندامت ہو۔
ناک لمبی ہو جانا۔	ترقی درجہ۔

خواب	تعبیر
ننگا خود کو دیکھنا۔	دوست کی موت ہو۔
ننگا عورت کو دیکھنا۔	بیمار ہو۔
ننگا دوسرے کو دیکھنا۔	خوشحالی ہو۔
نل جاری دیکھنا۔	ترقی ہو۔
ہل جوتنا۔	عزت ہو۔
ہل چلتا ہوا دیکھنا۔	دل لگا کر محبت کرنا۔
ہوا صاف۔	کامیابی ہونا۔
ہوا میں اڑنا۔	جہاز کی سیر کرنا۔
بھینس [illegible] رنا۔	بیمار ہوئے۔
میلا دیکھنا۔	مصیبت پڑے۔
خوب سیر کرنا۔	گرفتار ہونا۔
گدھے کے اوپر سوار ہونا۔	کوئی مصیبت پڑے۔
شادی دیکھنا۔	موت دیکھے۔
مکان کا گرنا۔	موت ہوئے۔
رات کو دودھ پینا۔	بھوکا رہنا۔
جہاز پر چڑھنا۔	نوکری سے چھٹی ملے۔
دریا میں تیرنا۔	دلی مراد حاصل ہو۔
پانی میں ڈوبنا۔	کوئی اچھا کام ملے۔
جانور پکڑنا۔	عشق کی مراد پوری ہو۔
انڈے کو دوڑنا۔	حمل گر جانا۔
انڈے میں زندہ بچہ دیکھنا۔	حاملہ عورت کے [illegible] پیدا ہو۔
چھت کا گرنا۔	کوئی برا کام پیش آوے۔
گھوڑے سے گرنا۔	مصیبت پڑے۔

خواب	تعبیر
گتو کا دودھ پینا۔	کھانے کو کوئی چیز ملے۔
جنگل میں بندر دیکھنا۔	کوئی خوشی کا کام ہو۔
جنگل میں رات ہو جائے۔	کسی اچھی دعوت میں جائے۔
جنگل میں شیر کا مقابلہ کرے۔	بیماری پیش آوے۔
پانی میں ڈوبنا۔	کوئی اچھا کام ہو۔ خوشی ملے۔
دوست کا ملاپ ہو۔	کسی کے ساتھ جھگڑا ہو۔
گدھے کو لدا ہوا دیکھنا۔	ترقی سے خوشحالی ہو۔
جلتے ہوئے انگارے دیکھنا	مصیبت میں مبتلا ہونا۔
آگ کی لپٹیں دیکھنا	کسی بڑے آدمی سے ملاقات ہو۔
شیر کے ساتھ لڑنا۔	درجہ میں ترقی ہو۔
شیر کے اوپر سواری کرنا۔	مصیبتوں پر کامیابی حاصل کرنا۔
شیر کی مانند دیکھنا۔	بدنامی ہو۔
کسی تالاب میں نہانا۔	خوشخبری ملے۔
پانی پر چلنا۔	کامیابی کی علامت ہے۔
ندی پار کرنا۔	مصیبت سے نجات ہو۔
پہاڑ دیکھنا۔	مصیبت میں مبتلا ہونا۔
پہاڑ پر چڑھنا۔	ترقی زر و مال۔
پہاڑ پر سے نیچے گرنا۔	تنزلی کی علامت ہے۔
درخت پر چڑھنا۔	کسی کام میں کامیابی حاصل کرنا۔
درخت کی شاخ کاٹنا۔	اپنے پیروں پر کلہاڑی مارنا۔
ہری ہری پتیاں دیکھنا۔	امیدوں میں کامیابی ہو۔
جنگل میں آگ لگی ہوئی دیکھنا۔	گھر میں مصیبت آئے۔
جھونپڑے جلتے ہوئے دیکھنا۔	امیدوں میں ناکامی ہو

تعبیر	خواب
مصیبت کا پہاڑ ٹوٹے۔	سمندر دیکھنا۔
دل کو راحت ملے۔	سمندر میں ناؤ چلتی دیکھے۔
مصیبتوں سے چھٹکارا ہو۔	ناؤ پر چڑھ کر دریا عبور کرے۔
رنج و غم کا مقابلہ ہو۔	کچا گوشت کھاوے۔
رنج و غم سے نجات ملے۔	پکا ہوا گوشت کھاوے۔
خوشخبری ملے۔	مچھلی دیکھے۔
زر و مال کا فائدہ ہو۔	مچھلی کھائے۔
دشمن پر فتح حاصل ہو۔	کشتی میں لڑتا ہوا جیتے۔
مرتبہ بلند ہو۔	جھنڈا بلندی پر لہراتا ہوا دیکھے۔
اس کی عمر بڑھے۔	زندہ آدمی کو مردہ دیکھنا۔

اب بارھواں باب جس میں خوابوں کی تعبیریں درج کی گئی ہیں اوپر ملاحظہ فرمالیں۔

اور دوسرے صفحہ پر تیرھواں باب یعنی دکشن کا جادو اور علم قیافہ درج ہے۔

(خواب کی تعبیریں ختم ہوگئیں۔)

تیرہواں حصہ

دکشن کا جادو

علم قیافہ

نیچے ہم عورت و مرد کے علیحدہ علیحدہ لچھن اور گن لکھتے ہیں۔ انہیں دیکھ کر ناظرین بہت کچھ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ دنیا بڑی چالاک و خود غرض ہے۔ ہماری زندگی میں کئی بار ایسے لوگوں سے سابقہ پڑ جاتا ہے۔ کہ جو اگر ہم عقل مندی سے کام نہ لیں۔ تو ان سے ہمیں سخت نقصان اٹھانا پڑ جاتا ہے۔ دنیا میں رہ کر دنیا والوں سے بیوپار کرنا ہی پڑتا ہے۔ اس سے مندرجہ ذیل علم قیافہ کے زور سے ہم بہت فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ غور سے ملاحظہ کریں۔

قیافہ متعلق مرد

اگر نظر غائر سے دیکھا جائے تو قدرت کا کوئی اصول کوئی بھی قاعدہ ایسا نظر نہیں آئے گا۔ جس میں اس خالق کون و مکاں کی کوئی نہ کوئی حکمت نہ ہو۔ اگر انسانی عقل نارسا کی رسائی اس کی کنہ حقیقت تک نہ ہو سکے۔ تو یہ ایک علیحدہ بات ہے۔ کائنات میں سے کسی چیز کو لے لو۔ اور دیکھو۔ غور سے دیکھو کہ چیز اپنی موجودہ شکل و شباہت اور بناوٹ میں کیسی موزوں واقع ہوئی ہے۔ اگر اس کے خلاف ہوئی تو ضرور بالضرور اس میں کوئی نہ کوئی نقص واقع ہو جاتا ہے۔ جس طرح ایک مبصر کسی چیز کی شکل و صورت اور بناوٹ کو دیکھ کر اس

تو ہر کام میں چوکس اور چوکنا رہتا ہے۔ اگر مانند شیر کے ہو تو ایسا شخص فضول خرچ اور عیاش ہو

زانو

اگر زانو پر بال ہوں۔ تو ہمیشہ سفر میں رہتا ہے۔ اگر زانو لمبائی میں کم اور غیر معمولی ہو تو مفلس و نادار اور کم عمر کا ہو۔ اگر گوشت سے پُر ہو تو اپنی زندگی میں کم از کم ایک مرتبہ ضرور قید ہو۔

پنڈلی

کسی شخص کی پنڈلی لمبی ہو تو وہ شخص چغلخور ہوا کرتا ہے۔ اگر پرگوشت ہو۔ تو اندر سانی خلقت۔ اگر مشابہ ہرن یا گھوڑے کے ہو تو سردار قوم اور صاحب اقبال ہو گا۔

پاؤں

اگر چلنے میں کسی شخص کے پاؤں کا نشان ٹیڑھا پڑے تو جان لو کہ وہ شخص کاہل و چور ہے۔ اگر پاؤں کی بناوٹ ہی ٹیڑھی ہو تو وہ شخص چغلخور اور ایذا رساں خلق ہو گا۔ نیکی کا بدلہ ہمیشہ بدی سے دیگا۔ اگر پاؤں کی تلی سرخ رنگ کی ہو تو ایسا شخص نیک۔ صاحب عقل، فیض رساں ہوتا ہے۔ اگر پاؤں چوڑا ہو تو ہمیشہ مفلس رہے گا۔ اگر مقدار سے چھوٹا ہو۔ تو ایسا شخص بھی ہمیشہ مفلس اور مستلاشی روزگار اور غیر مستقل مزاج کا ہو گا۔ اگر درمیانی ہو تو اس کی عمر قلبی اوسط حالت میں رہے گی۔ اور اس آدمی کی مالی حالت بھی اوسط درجہ پر ہی رہے گی۔ اگر پاؤں پر گوشت ہوں تو صاحب اقبال ہو گا۔

ناخن

کسی شخص کے ناخن چمکدار یا زردی مائل ہوں تو ہمیشہ صاحب دولت رہے گا۔ اگر قدرے نیلگوں ہوں تو صاحب اقبال اور فیض رساں ہو گا۔ اگر ناخون کا سیاہ مائل رنگ ہو تو سمجھ لو کہ وہ شخص چور و بدمعاش ہے۔ اگر ناخنوں کا رنگ سبزی مائل ہو تو زناکار ہو گا۔ اگر ناخن کھردرے اور ٹیڑھے اور بدڈھنگے بنے ہوں تو وہ ہمیشہ تکلیف میں رہے گا۔ مفلسی کی اسے عام شکایت رہے۔ اگر ناخن نصف سفید اور نصف رنگ سرخ ہوں تو ایسا شخص ہمیشہ آسودہ حال رہے گا۔

بال

اگر سارے جسم پر بال ہوں تو مفلسی اور کم عقل ہو۔ اگر ہر جڑ سے صرف ایک ہی بال پیدا ہوا ہو تو وہ شخص بادشاہ ہو۔ اگر ہر جڑ میں سے دو دو بال اُگے ہوں تو ایسا آدمی عقلمند اور صاحب تدبیر ہو گا۔ ایک ایک جڑ سے اگر تین تین بال اُگے ہوں تو ایسا شخص ہمیشہ سچ بولنے کا عادی ہوتا ہے۔ اور اگر ہر جڑ میں سے چار چار بال پیدا

ہوئے ہوں تو وہ شخص مفلس و نادار اور کم یافتہ ثابت ہو گا۔

بازو اگر بازو مقدار سے چھوٹے ہوں تو مفلسی۔ کمزوری کا سامنا کرتا ہے اگر بازو مقدار سے زیادہ لمبے ہوں۔ تو وہ فسادی، لڑاکا ہونے پر بھی ہمیشہ شکست کھاتا رہے۔ اگر بازو جسم کے مطابق ٹھیک ہوں تو خوش خلق، ملنسار اور محنتی ہو۔ اگر ہاتھوں کی انگلیاں لمبی ہوں اور سیدھی کرنے پر درمیان میں سوراخ نہ رہیں تو صاحب دولت اور فیاض ہو۔ اگر انگلیاں مناسب اور درمیان میں سوراخ نہ رہیں۔ تو وہ شخص فضول خرچ ہو گا۔ اگر ہاتھ سیدھا کرنے پر ہتھیلی میں گڑھا پڑے تو صاحب دولت ہو گا۔ خوبصورت اور سرخی مائل گول ناخن دلیل محبت اور خوش خلقی ہے۔ اگر بدنما و بدرنگ ہوں۔ تو وہ مفلس و تنگدست ہو۔

تلوے پرگوشت ملائم اور خوبصورت تلوؤں والا آدمی صاحب دولت باعزت و صاحب اولاد ہوتا ہے۔ سوکھے ہوئے بغیر خون یا کم گوشت کے تلوؤں کا آدمی مفلس و نادار اور بد بخت ہوتا ہے۔ یہ لچھن علم قیافہ کے مطابق ہیں۔ آگے وہ ایشور ہی جانے۔

ڈاڑھی اگر کسی مرد کی ڈاڑھی خوبصورت اور بھرپور ہو تو ایسا شخص ملنسار اور دیانتدار ہوتا ہے۔ جس شخص کی ڈاڑھی کم اور چھوٹی ہو۔ وہ زود رنج مغرور اور انتہائی پسند ہوتا ہے۔ اگر کسی شخص کی بہت لمبی ڈاڑھی ہو۔ تو وہ قوی الشہوت اور سادہ لوح ہوتا ہے۔ بغیر ڈاڑھی کا مرد انتہائی کمزور اور مردانگی و حوصلہ سے محروم ہوتا ہے۔ اب آگے عورتوں کے بارے میں پڑھئے۔

قیافہ متعلق مستورات

قد لمبے قد والی عورت نیک اطوار و خدا پرست ہوتی ہے۔ میانے قد والی عورت عزیز خاوند اور ملنسار۔ چھوٹے قد والی عورت فاحشہ اور بدکار ہوا کرتی ہے۔ جو عورت بلا مطلب گھر گھر پھرے اور آنکھیں ادھر ادھر ہر وقت حرکت کرتی رہے اور فضول بکواس کرتی رہے۔ اس عورت پر کسی قسم کا اعتبار نہیں کرنا چاہیے۔ جس عورت کی سوتے وقت آنکھ کھلی رہیں۔ وہ اپنے خاوند کی تابعدار نہیں ہوتی۔ جس عورت سے ملتے وقت

ون میں گڑھا پڑے اور آنکھیں پھڑکیں۔ وہ عورت اپنے خاوند کی قاتل ہوگی۔ ایسی عورتوں پر ہرگز بھروسہ نہیں کرنا چاہیئے۔

منہ چھوٹے منہ والی عورت سے ہمیشہ رنج اور تکلیف پہنچتی ہے۔ بہت لمبے منہ والی زود رنج اور دکھ برداشت کرتی ہے۔ ٹیڑھے منہ والی بہت جلد بیوہ ہو جاتی ہے۔ جس عورت کی ٹھوڑی پر بال یا مونچھیں ہوں۔ وہ عموماً فاحشہ ہوا کرتی ہیں۔

پیشانی اگر پیشانی لمبی اور چوڑی ہو تو خسر کی موت جلدی ہو۔ اگر پیشانی اونچی ہو خود بیوہ ہو جائے۔ اگر پیشانی پر سرخ رنگ کے کھڑے بال ہوں۔ تو تنگ دست اور محتاج ہو جاتی ہے۔ اگر ماتھے پر نشان ہو تو نیک خصلت۔ ملنسار اور خاوند کی مطیع ہوتی ہے۔

چشم اگر سفیدی مائل سرخ ہوں تو دنیا میں سکھ پائے۔ اگر زرد ہو تو تکلیف اٹھائے۔ اگر سرخ ہوں تو شہوت پرست اور دغا باز ہو اگر سیاہ ہوں۔ اور کسی قدر سرخی کی جھلک نظر آئے۔ تو ایسی عورت پر جان تک قربان کر دینا مناسب ہے۔ بعض حالتوں میں موٹی آنکھیں بد چلنی کا نشان ہوتی ہیں۔ مگر بد چلنی کا انحصار دوسرے اعضاء پر ہوتا ہے۔ جو عورت چلتے وقت ادھر اُدھر دیکھے اور آنکھوں کو حرکت کرے وہ اول درجہ کی بدمعاش ہوتی ہے۔ چھوٹی آنکھوں والی عورت نابکار ہوتی ہے۔

ناک اگر ناک کی نوک لمبی ہوتی ہے۔ تو وہ عورت جھگڑالو ہوتی ہے اگر ناک میں بال ہوں۔ تو بدکار ہوتی ہے۔ اگر ناک کی نوک نیچے کی طرف جھکی ہوئی ہوگی تو وہ عقل مند۔ اگر ناک مانند طوطے کے ہو تو کنبہ پرور۔ اگر نوک چھوٹی ہو تو ایسی مفلس۔ اگر پست ہو تو بہت جلد بیوہ ہو جائے گی۔ اونچی اور ستواں ناک باعث خوش بختی۔ اگر ناک قدرے چپٹی ہو تو عزیز خاوند ہوگی۔

رخسار اگر مسکراتے وقت رخساروں میں گڑھا پڑے تو ایسی عورت خاوند کو عزیز ہوتی ہے۔ اور اگر دونوں گال ذرا ابھرے ہوئے ہوں۔ تو خاوند اسے بہت پیار کرے۔ اور خوش مزاج و حلیم ہو۔ اگر رخساروں کا رنگ سرخ ہو ہر دلعزیز ہوتی ہے۔ مگر بعض ایسی عورتیں خود غرض بھی ہوتی ہیں۔ اگر رخساروں پر انگلی لگانے سے

گڑھا پڑے تو وہ عورت شہوت پرست ہوتی ہے۔ اگر کسی عورت کے گالوں پر ہنسنے کے وقت گڑھا پڑے تو وہ بدکار ہوتی ہے۔

لب

جس عورت کے ہونٹ کا رنگ سیاہ ہو۔ وہ بدبخت ہوتی ہے۔ جس [illegible] ہونٹ گلابی اور باریک ہوں۔ وہ خاوند کی پیاری اور خوش [illegible] ہوتی ہے۔ اگر ہونٹ لمبے ہوں۔ تو حیرانی و سرگردانی میں عمر بسر کرے [illegible] تو بھی بدبختی اس کا ساتھ نہیں چھوڑے گی۔ اگر دونوں ہونٹوں [illegible] جائے۔ مگر اس کے کم نہ ہو۔ تو خاوند کو عزیز ہوتی ہے۔

گردن

اگر گردن میں تین لکیریں ہوں تو خوشی میں ہوگی [illegible] لمبی مانند [illegible] ہوں۔ تو وہ عورت نہ [illegible] گداز ہو۔ وہ بہت جلد بیوہ ہو جائے گی۔ اگر گردن چھوٹی ہو تو [illegible] صراحی کے ہو تو ایسی عورت خوش [illegible] نیک چلن اور مطیع [illegible]

بازو

اگر عورت کے بازو لمبے ہوں گے [illegible] عورت کے بازو چھوٹے ہوں۔ اور [illegible] تو بدبخت اور بانجھ ہوگی۔ لیکن اگر بازو چھوٹے اور گوشت سے بھرے [illegible] عورت [illegible] صاحب مرتبہ ملے گا۔ بازو چھوٹے ہوں تو عورت [illegible]

بال

جس عورت کے سر کے بال [illegible] صاحب اقبال عزیز خاوند اور صاحب اولاد ہوگی۔ برخلاف [illegible] چھوٹے ہونے پر بدبخت۔ اور اگر بالوں کا رنگ سرخی مائل ہو تو وہ عورت جھگڑالو ہوگی۔

کمر

موٹی اور چھوٹی کمر والی ہو تو بدبخت۔ سیاہ کار وغیرہ ہوتی ہے۔ اگر کمر پتلی ہو تو خاوند کی تابعدار اور ہر دلعزیز ہوتی ہے جس عورت کی کمر جسم کے انداز کے مطابق ہو۔ وہ خوش اقبال اور صاحب اولاد ہوگی۔ جس عورت کی کمر چلتے میں خمدار ہو۔ تو وہ بہت جلد بیوہ ہو جائے گی۔ اگر چلتے وقت کسی عورت کی کمر میں بل پڑیں گے۔ تو وہ خوش مزاج اور آسودہ رہے گی۔ جس کی کمر میں ہمیشہ درد رہے۔ وہ کم عمر اور اس کی اولاد بھی کم ہوگی۔ اگر کسی عورت کی کمر لمبی اور پر گوشت ہو تو وہ مفلس اور کئی خاوند کرے۔

ہاتھ نرم، نازک ہاتھ دلیل خوش قسمتی ہے۔ اگر ہاتھوں میں پسینہ آئے تو نفسیاتی بدبختی ہے۔ چھوٹے ہاتھ والی صورت ہمیشہ غلامی میں زندگی بسر کرے۔ اگر ہتھیلی بہ نسبت انگلیوں کے لمبی ہو۔ تو عقلمند اور صاحب ہمت ہوگی۔ اور اگر دایاں ہاتھ بہ نسبت بائیں ہاتھ کے بڑا ہو تو وہ بخت ہوتی ہے۔ اگر انگلیاں اندر آ چھوٹی ہوں تو بے وقوف و بدقسمت۔ اگر انگلی پڑے تو خود غرض و کنبہ پرور ہو۔ اگر انگلیاں لمبی ہوں تو خوش کلام۔ اگر بائیں ہاتھ کا انگوٹھا چھوٹا ہو تو ہر دم فعل ناجائز کی خواہش کرے۔

سینہ اگر سینہ بینگوں رکھتے ہوں تو دولت مند اور شیریں سخن ہو۔ اگر سینہ اونچا ہو اور موٹا ہو تو جلدی بیوہ ہونے کی علامت ہے۔ اگر سینہ سرخی مائل ہو۔ تو ہر وقت خواہش نفسیاتی میں مگن رہے۔ اگر سینہ دراز ہو تو رنج و مصیبت کی نشانی ہے۔ اگر سینہ اونچا ہو تو صاحب ثروت ہوتی ہے۔

چودھواں حصہ

تاش کا جادو

چار چور

ناظرین! یہ کھیل ہے کہ جس کو دیکھا کر جادوگر لوگ تماش بینوں کو محو حیرت کر کے خراج تحسین حاصل کرتے ہیں۔ مگر آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اس کھیل کو دکھلانے کے لئے کسی خاص سامان کی ضرورت نہیں پڑتی۔ محض ہاتھوں کی صفائی سے یہ کھیل دکھایا جاتا ہے۔ اس کھیل کو کرنے کیلئے ایک میز اور تاش کی گڈی کا ہونا نہایت ضروری ہے۔

کھیل دکھانے کے واسطے جب کھڑے ہوں۔ تو میز کو ٹھیک اپنے مقابل رکھو۔ کھیل شروع کرنے سے پیشتر اس بات کا خاص خیال رکھنا چاہیے کہ تمہارے پیچھے یا برابر دیکھنے والوں میں سے کوئی تماش بین ملا رہے۔ سب حاضرین کو اپنے سامنے ہی رکھیں۔ اب تاشوں کی گڈی ہاتھ میں لے کر ادھر ادھر گھومتے ہوئے۔ دس پانچ مرتبہ پھینٹیں اور اس میں سے چاروں غلام نکال کر گڈی کو میز پر اس طرح رکھو کہ اس کا منہ نیچے کی طرف رہے۔ اب چاروں غلام ہی ہیں۔ تماش بینوں کو کارڈوں کی پشت بھی ہاتھ موڑ کر دکھلا دو۔ تاکہ انہیں یہ وشواس ہو جائے کہ کھیل دکھانے والے پروفیسر صاحب کے ہاتھ میں صرف ان چار غلاموں کے سوائے اور کوئی کارڈ نہیں ہے۔

اب پروفیسر صاحب کچھ دیر کچھ ادھر ادھر باتیں سنا کر تماش بینوں کی توجہ اپنی طرف مبذول کراتے ہیں۔

ہاں، تو دیکھئے صاحبان! اب یہ چاروں غلام چوری کرنے کی صلح کرتے ہوئے مکان کے اندر داخل ہوتے ہیں۔

ایسا کہتے ہوئے ان چاروں غلاموں کو اکٹھا کر کے تاش کی گڈی پر انا کر کے رکھ دو۔

اب ایک آدمی اسی بات کے لئے کہ کوئی آ نہ جائے۔ پہرے پر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بس اب اوپر سے ایک تاش کو اٹھا کر کسی چیز کے سہارے کھڑا کر دیجئے مگر اس کا رُخ حاضرین کی طرف رہے۔ ازاں بعد ایک غلام (چور) مکان (تاشوں کی گڈی) کے نیچے بارہ تیرہ کارڈوں کے اوپر رکھ دیجئے پھر کہنا شروع کریں۔ اب یہ تیسرا چور غلام بھی مال کی کوٹھری میں چوری کرنے کو جاتا ہے۔ (تیسرے کارڈ کو یہ کہہ کر گڈی کے بیچ میں رکھ دو) اب چوتھا چور تجوری والے کمرے میں چوری کرنے کو جاتا ہے (یہ کہہ کر چوتھے کارڈ کو بھی گڈی کے بارہ چودہ کارڈوں کے نیچے رکھ دیں۔)

ہاں دوستو! ادھر تو یہ چاروں چور چوری کرنے گئے ہیں۔ اُدھر پہرے دار کو کچھ کھٹکا معلوم دیتا ہے اور وہ فوراً مکان کی چھت پر آ کر اشارہ کرتا ہے۔ جس سے چاروں غلام چور مکان کی چھت پر اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ یہ دیکھئے چاروں چور ایک جگہ اکٹھا ہیں۔ (ایسا کہہ کر اس پہرے دار غلام کو اٹھا کر تاشوں کی گڈی پر رکھ دیجئے۔ اور پھر اوپر کے چار تاشوں کو اٹھا کر حاضرین کو دکھا دیں تو تماشائی تینوں چاروں غلاموں کو ایک جگہ پر دیکھ کر حیران ہو جائیں گے۔

ترکیب! اس کھیل میں ہاتھ کی صفائی کی سخت ضرورت ہے چاروں غلاموں کو اٹھاتے وقت تین اور تاشوں کو بھی اٹھا لیجئے۔ (یہ کوئی بھی تین تاش ہوں) انہیں اُن تینوں غلاموں کے اوپر رکھ دیجئے۔ بعد کو چوتھا غلام جس وقت ان سات پتوں کو گوائی سے رُخ پنکھے کی شکل میں آپ تماشائیوں کو دکھا دیں تو پہلے غلام سے معمولی تینوں پتوں کو اس طرح چھپا دیں۔ (چھپا لیں) کہ دیکھنے والوں کو چاروں غلام ہی دکھائی پڑیں۔ پیچھے کی طرف سے دکھلانے پر بھی چار ہی پتے دکھلائی پڑیں۔ پیچھے کی طرف سے اوپر والا تاش غلام ہے۔ جو پہرے دار کی طرح کھڑا ہوگا۔ اس کے نیچے جو تینوں ملے معمولی تاش ہیں۔ علیحدہ علیحدہ چوری کرنے چلے جائیں گے۔ یعنی الگ الگ رکھ دو گے۔ تو گڈی کے اوپر تین غلام ہی رہ جائیں گے۔ سر کے اوپر غلام پہرے دار کے آ جانے پر چاروں غلام اکٹھے ہو جائیں گے۔ ان کو دیکھ کر بھی تماشہ دیکھنے والے تعجب کرنے لگیں گے۔

کارڈ بتانا

